تعلیماتِ اسلام

مؤلفہ

مولانا مولوی محمد عبدالصمد خانصاحب
میرٹھی

ادبی۔ تنقیدی۔ تاریخی۔ مذہبی کتب کے لئے لکھیں
صفیہ اکیڈمی ۲۲ بی ۱۳ آئی بی کالونی کراچی ۱۹

پبلشرز تاج پبلشنگ ہاؤس دہلی
قیمت فی جلد تین روپیہ پچاس نئے پیسے

Marfat.com

DATA ENTERED
۲۹۷۶۰۷
۱۲۳۵۱
۱۲۳۵۱

دیباچہ

اس تکلیف دہ اور پریشان کن دور میں ہر انسان کو بوجہ فکرِ معاش و دیگر توہمات لاحقہ امورات روزمرہ کے نئے نئے اور نئی نئی عادات نے یہاں تک ترقی کی ہے کہ پرانی عادات پرانے اطوار، پرانی تہذیب سب نظر انداز ہوگئیں۔ مذہب سے بیگانگی، مذہبی اور دینی کتابوں کی طرف سے لاپرواہی، علمِ دین کے حصول کی طرف سے غفلت۔ اگرچہ ہمارے علماء، اللہ ان کو غریقِ رحمت کرے اور اجرِ عظیم عطا فرمائے۔ بڑی محنت اور جانکاہی سے بڑی مفید اور کارآمد مذہبی کتابیں تصنیف فرماگئے ہیں اور ان کی اشاعت بھی ہوئی۔ لیکن موجودہ دور کے مسلمان کی بدشوقی، کم ہمتی نے ان کی طرف سے عدم توجہی برتی۔ اسی عدم توجہی، بدشوقی کا نتیجہ ہے کہ آج مسلمان بداخلاق، بے غیرت، بے شرم بے حیا، بزدل، کم ہمت اور اسی قسم کی دوسری کمزوریوں میں مبتلا ہے۔

کاش مسلمان آنکھیں کھولے اور دینی و مذہبی تعلیم کی روشنی میں وہ راستہ اختیار کرے جس پر چل کر وہ اپنی تمام کمزوریوں کو دور کرسکتا ہے اور صحیح معنوں میں مسلمان کہلانے کا مستحق ہوسکتا ہے۔

مسلمانوں کی عدم توجہی اور بدشوقی کے باوجود بھی مدت سے میرا خیال تھا کہ ایک ایسی کتاب تالیف کی جائے کہ جس میں اختصار کے ساتھ تمام اسلامی مسائل اور تعلیمات کو یکجا کر دیا جائے۔ جس سے بچے جوان اور بوڑھے سب ہی مستفید ہوسکیں۔ چنانچہ یہ کتاب بہت سی فقہ کی کتابوں سے استنباط کرکے سلیس اردو زبان میں تالیف کرکے پیش کی جا رہی ہے۔ اس کتاب میں بطور سوال و جواب کے تمام مذہبی مسائل کو بڑی محنت و کوشش اور خوبصورتی سے پیش کیا ہے۔ خدا کرے یہ کتاب مقبول ہو اور مسلمان اس کے مطالعہ کے بعد اپنی دینی اور دنیاوی حالت درست کرسکیں۔

محمد عبدالصمد خاں

فہرست مضامین تعلیمات اسلام

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
دیباچہ	۲	حضرت آدم کی جنت سے جُدائی	۱۸	تیسرا کلمہ تمجید	۲۹
حمد	۹	حضرت آدم کی اولاد کی تعداد	۱۸	چوتھا کلمہ توحید	۲۹
نعت	۱۰	حضرت ہابیل کا قتل	۱۹	پانچواں کلمہ ردِ کفر	۳۰
اللہ کا کوئی شریک نہیں	۱۰	شیطان نے قابیل کو قتل کی	۲۱	کلمائے استغفار	۳۰
دنیا کی بے ثباتی	۱۱	تدبیر بتائی		دعائے سید الاستغفار	۳۱
وقت کی قدر کرو	۱۱	دنیا میں سب سے پہلا قتل	۲۱	ایمان مفصل	۳۲
حضرت آدم علیہ السلام	۱۳	قبر کھودنے کی تعلیم کوے نے دی	۲۱	ایمان مجمل	۳۲
کی پیدائش		ہر قتل میں قابیل کی شرکت	۲۲	اسلام کے ارکان	۳۳
حضرت حوا کی پیدائش	۱۴	ہوتی ہے۔		عبادت کی تاکید	۳۴
شیطان کی نافرمانی	۱۵	شیطان پر لعنت	۲۳	غسل کا بیان	۳۶
شیطان کی حقیقت	۱۵	اسلام ایک بہترین مذہب ہے	۲۴	حیض کی تشریح	۳۷
شیطان کی جنت میں رسائی	۱۶	اسلام کی سچائی	۲۴	نفاس کی کیفیت	۳۷
شیطان کا معلم الملکوت بننا	۱۷	اسلام کی کتابیں اور	۲۵	غسل کے فرائض	۳۷
شیطان کی آدم علیہ السلام	۱۷	پیغمبر برحق ہیں		غسل کی سنت	۳۷
سے عداوت		پہلا کلمہ طیب	۲۷	غسل کرنے کی ترکیب	۳۸
شیطان کا جنت میں پہونچکر	۱۷	ایمان کے ارکان	۲۷	غسل کی نیت	۳۸
حضرت حوا کو فریب دینا		دوسرا کلمہ شہادت	۲۸	غسل کے بعد پڑھنے کی دعا	۳۹

DATA ENTERED

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
وضو کا بیان	۳۹	سجدہ	۵۰	مغرب کے تین فرضوں کی نیت	۶۳
مستحبات وضو	۴۰	التحیات	۵۱	مغرب کی دو سنتوں کی نیت	۶۳
مکروہات وضو	۴۰	درود شریف	۵۱	مغرب کے دو نفلوں کی نیت	۶۴
مفسدات وضو	۴۱	دعائے ماثورہ جو درود شریف		عشاء کے وقت کی شناخت	۶۴
فرض سنت اور واجب		کے بعد پڑھنی چاہیئے	۵۲	عشاء کے چار فرضوں کی نیت	۶۵
کی تعریف	۴۱	باجماعت نماز ادا کرنے		فرضوں کے بعد دو سنتوں کی نیت	۶۵
وضو کی نیت	۴۲	کے فضائل	۵۳	تین رکعت نماز وتر کی	
پانی نہ ملنے کی صورت میں	۴۳	تکبیر	۵۳	نیت	۶۵
تیمم کرلینا چاہیئے		فجر کے فرضوں کی نیت	۵۴	وتروں کو پڑھنے کی ترکیب	۶۶
تیمم کی نیت	۴۳	آیت الکرسی	۵۵	دعائے قنوت	۶۶
صبح اول وقت اٹھنے کی		فجر کی نماز پڑھنے کے بعد		وتروں کے بعد دو نفلوں	
فضلیت	۴۴	کی دعا	۵۵	کی ترکیب	۶۶
پاخانہ جانے سے پہلے		کلمہ طیب	۵۶	پانچوں وقتوں میں سترہ	
پڑھنے کی دعا	۴۵	ظہر کے وقت کی شناخت	۵۶	فرض ہیں	۶۷
دس جگہ پیشاب کرنے کی	۴۵	ظہر کی چار سنتوں کی نیت	۵۸	سنت موکدہ کی تشریح	۶۷
ممانعت		ظہر کے چار فرضوں کی نیت	۵۹	نماز قضا پڑھنے کی ترکیب	۶۷
اذان	۴۶	ظہر کی دو سنتوں کی نیت	۵۹	نماز قضا کی نیت	۶۷
اذان کے بعد پڑھنے		عصر کے وقت کی شناخت	۶۰	فرائض نماز کی تفصیل	۶۸
کی دعا	۴۷	صلوٰۃ الوسطیٰ کی شناخت	۶۰	واجبات نماز کی تفصیل	۶۸
ترکیب نماز	۴۸	عصر کے چار فرضوں کی		نماز میں بارہ سنتوں کی تفصیل	۶۹
رکوع	۴۹	نیت	۶۲	مکروہات نماز ۱۲ ہیں	۶۹
قومہ	۵۰	مغرب کے وقت کی شناخت	۶۲	مفسدات نماز	۷۰

Marfat.com

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
مسافر کی نماز	۷۰	جمعہ کے دو فرضوں کی نیت	۷۸	رمضان کے روزہ کی نیت	۸۸
ریل میں نماز کس طرح		جمعہ کے روز قبولیت دعا		سحری کا وقت	۸۹
پڑھی جائے	۷۱	کی فضیلت	۷۹	مفسدات روزہ	۹۰
جمعہ کے فضائل	۷۱	رمضان شریف کے روزوں		کفارہ کی تشریح	۹۰
جمعہ کی نماز کے لئے مسجد		کا بیان	۸۰	روزہ ٹوٹنے یا فاسد ہوتے اور	
میں آنے کے فضائل	۷۲	ماہ رمضان میں نزول صحائف	۸۱	قضا ہونے کی تفصیل	۹۰
مسجد میں جلد پہنچنے کی		رمضان شریف کے فضائل	۸۱	بیمار کا روزہ	۹۲
پہلی فضیلت	۷۳	فضیلت لیلۃ القدر	۸۳	مسافر کا روزہ	۹۲
دوسری ساعت کی فضیلت	۷۳	نزول حضرت جبرئیل مع		حاملہ عورت کا روزہ	۹۳
تیسری ساعت کا ثواب	۷۳	ملائکہ و ارواح	۸۴	بوڑھے کا روزہ	۹۴
چوتھی ساعت کا انعام	۷۴	حضرت جبرئیل کے عابدوں سے		روزہ افطار کا وقت	۹۴
پانچویں ساعت کے آنیوالوں کو اجرا	۷۴	مصافحہ کرنے کی شناخت	۸۴	افطار کے وقت پڑھنے کی دعا	۹۵
پیچھے پہنچنے والوں کو ثواب		لیلۃ القدر کی فضیلت	۸۵	مذمت تارک الصوم	۹۵
سے محرومی	۷۴	روزہ رکھنے کی فضیلت	۸۵	رمضان میں دن کو بے عذر	
صفوں کو چیر کر آگے پہنچنے		روزہ کے صدقہ کی فضیلت	۸۶	کھانا کھانیوالا واجب القتل ہے	۹۶
کی مذمت	۷۵	روزہ دار کی تلاوت کلام مجید		روزہ میں جھوٹ اور غیبت	
جمعہ کے روز مرنے والا شہید		اور عبادت کی فضیلت	۸۶	سے پرہیز کی تاکید	۹۰
کا درجہ پاتا ہے	۷۵	آغاز اسلام میں فرض روزوں		تراویح کا بیان	۹۸
جمعہ کی نماز کی شرطیں	۷۵	کی تعداد	۸۶	نماز تراویح کی نیت	۹۹
جمعہ کے روز کے کام	۷۶	اقسام روزہ اور روزہ		تسبیح جو چار رکعت کے	
خطبے سے پہلے چار سنتوں		کی تعریف	۸۷	بعد پڑھی جاتی ہے	۱۰۰
کی نیت	۷۷	رؤیت ہلال رمضان	۸۷	مناجات	۱۰۰

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
تراویح بزمانہ رسول اکرمؐ	۱۰۳	زکوٰۃ کے متعلق رسول خدا کا فرمان	۱۱۴	نماز عید الضحیٰ	۱۳۴
تراویح صدیق اکبرؓ کے زمانہ میں	۱۰۳	استعمالی زیور اور غلّہ پر زکوٰۃ	۱۱۶	عید الضحیٰ کی نماز کی نیت	۱۳۵
تراویح عمر فاروقؓ کے زمانہ میں	۱۰۳	زکوٰۃ نہ دینے کے متعلق چند		عید الضحیٰ کی قربانی	۱۳۶
تراویح حضرت علیؓ کے زمانہ میں	۱۰۳	روایات	۱۱۶	قربانی کے فضائل	۱۳۷
اعتکاف	۱۰۴	زکوٰۃ دینے والے کو سات		وجوب قربانی	۱۳۸
حقیقت اعتکاف	۱۰۵	باتوں کا خیال رکھنا چاہیے	۱۱۸	قربانی کا وقت	۱۳۸
مسائل اعتکاف	۱۰۵	زکوٰۃ کن لوگوں کو دی جائے	۱۱۹	قربانی کرتے وقت یہ دعا پڑھے	۱۳۹
نماز عید الفطر	۱۰۶	اسلام کا پانچواں رکن حج ہے	۱۲۱	قربانی کے مسائل	۱۴۰
صدقہ عید الفطر	۱۰۶	حجر اسود اور مقام ابراہیم کا بیان	۱۲۲	**عقیقہ کا بیان**	۱۴۰
عید الفطر کی دو رکعت نماز		اسلام کے پانچ ارکان کا ثبوت	۱۲۳	عقیقہ پر بکرا ذبح کرنیکے وقت کی دعا	۱۴۱
کی نیت	۱۰۷	حج کی تاکید	۱۲۴	بچوں کی تعلیم	۱۴۲
ترکیب نماز عید الفطر	۱۰۷	حج ایک بار تمام عمر میں فرض ہے	۱۲۴	**ختنہ کا بیان**	۱۴۳
مسائل متفرقہ متعلقہ نماز		حج کب فرض ہے	۱۲۵	**نکاح کی ترکیب**	۱۴۳
عید الفطر	۱۰۸	کن لوگوں پر حج فرض ہے	۱۲۶	خطبہ نکاح	۱۴۴
ششش عید کے روزں کے		حج میں زاد راہ کی تاکید	۱۲۷	مسائل نکاح	۱۴۵
فضائل	۱۰۹	حج کے فضائل	۱۲۸	وہ عورتیں جن سے نکاح حرام ہے	۱۴۶
اسلام کا چوتھا رکن **زکوٰۃ**	۱۱۰	حج کے پانچ ارکان	۱۳۰	وہ عورتیں جو دودھ پلانے کی وجہ سے حرام ہیں	۱۴۷
زکوٰۃ کے معنی اور اس		صفا و مروا میں کیوں دوڑا جاتا ہے	۱۳۰	جن عورتوں کو نکاح میں	
کی نفس سے مناسبت	۱۱۱	عشرہ ذی الحجہ کے فضائل	۱۳۱	اکٹھا کرنا حرام ہے	۱۴۸
خاص و عام کی زکوٰۃ کی تفصیل	۱۱۲	عشرۂ ذی الحجہ کے پانچ ایام	۱۳۲	آزاد عورت کی موجودگی میں	
خواص کی زکوٰۃ	۱۱۲	کی عبادت کی فضیلت		لونڈی کا نکاح	۱۴۹
زکوٰۃ کے بارے میں کسی کامل کا مقولہ	۱۱۳	عرفہ کے روزہ کا ثواب	۱۳۴	جن عورتوں پر غیر کا حق ہو	۱۴۹

Marfat.com

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
وہ عورتیں جو اختلاف کے	۱۴۹	جنازہ کے لیے نو شرطیں	۱۵۸	نماز چاشت	۱۶۹
باعث حرام ہیں		نماز جنازہ کی نیت		نماز فی الزوال	۱۷۰
جن عورتوں سے ملک کے		اور ترکیب	۱۵۸	صلواۃ الاوابین	۱۷۰
باعث نکاح حرام ہے	۱۵۰	جنازہ لے چلنے کا		نماز عاشورہ	۱۷۱
وہ عورتیں جو طلاق کے		طریقہ	۱۶۰	نماز شب برات	۱۷۱
باعث حرام ہیں	۱۵۰	میت پر گریہ وزاری		نماز کسوف	۱۷۳
طلاق کا بیان	۱۵۱	کرنا حرام ہے	۱۶۱	نماز خسوف	۱۷۳
جنازے کی نماز	۱۵۲	قبر بنانے کا طریقہ	۱۶۱	نماز استسقاء	۱۷۴
میت کو غسل کس طرح دیا جائے	۱۵۲	مردوں کو قبر میں کس		نماز استغفار	۱۷۵
غسل کی دعا	۱۵۳	طرح اتارا جائے	۱۶۲	صلواۃ الحاجۃ	۱۷۵
پانی میں ڈوبی ہوئی میت		قبر کو مٹی دینے کا طریقہ	۱۶۲	صلواۃ حل المشکلات	۱۷۶
کے غسل کی ترکیب	۱۵۴	شہید کی میت کا طریقہ	۱۶۳	صلواۃ الاستخارہ	۱۷۷
میت کے تیمم کی		ایام عدت	۱۶۴	استخارۂ نکاح	۱۷۸
ترکیب	۱۵۴	نماز تہجد کے فضائل		صلواۃ الاولیاء	۱۷۸
مرد کے کفنانے کی		اور اس کی ترکیب	۱۶۴	صلواۃ الاسرار	۱۷۸
ترکیب	۱۵۴	نماز تہجد میں سورہ اخلاص		نماز افزونی رزق	۱۷۹
مرد کا کفن	۱۵۵	پڑھنے کے فضائل	۱۶۶	صلواۃ القرض	۱۸۰
عورت کا کفن	۱۵۵	ترکیب نماز صلواۃ		تسبیح فاطمہ	۱۸۱
عورت کے کفنانے		التسبیح	۱۶۶	دعا برائے شفائے مرض	۱۸۱
کی ترکیب	۱۵۶	نماز تحیۃ الوضو	۱۶۸	دعا وقت خواب	۱۸۱
بچوں کا کفن	۱۵۷	نماز تحیۃ المسجد	۱۶۸	دعا بعد فراغ طعام	
		نماز اشراق	۱۶۹	دعوت	۱۸۲

Marfat.com

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
دعا کثرت عیال	۱۸۲	وظیفہ ادائے قرض	۱۸۶	جمعہ کا پہلا خطبہ	۱۹۷
دعا محفوظی شر اعدا	۱۸۳	وظیفہ برائے حصار	۱۸۶	جمعہ کا دوسرا خطبہ	۱۹۷
حاکم کو مہربان کرنے کی پہلی دعا	۱۸۳	وظیفہ ذکاوت ذہن	۱۸۶	جمعۃ الوداع کا پہلا خطبہ	۱۹۹
حاکم کو مہربان کرنے کی دوسری دعا	۱۸۳	وظیفہ برائے مفرور	۱۸۷	جمعۃ الوداع کا دوسرا خطبہ	۲۰۲
حاکم کے سامنے جاتے وقت کی دعا	۱۸۴	وظیفہ برائے دفع ہر مشکل	۱۸۷	عید الفطر کا پہلا خطبہ	۲۰۵
مقہوری اعدا کا عمل	۱۸۴	**پہلی مناجات**	۱۸۸	عید الفطر کا دوسرا خطبہ	۲۰۸
ہر بلا سے محفوظ رہنے کا حصار	۱۸۴	دوسری مناجات	۱۸۹	عید الضحٰے کا پہلا خطبہ	۲۱۱
وظیفے	۱۸۵	جمعہ کا پہلا خطبہ	۱۹۰	عید الضحٰے کا دوسرا خطبہ	۲۱۴
		جمعہ کا دوسرا خطبہ	۱۹۱	خطبہ سورۃ فرقانی	۲۱۷
		جمعہ کا پہلا مختصر خطبہ	۱۹۴	نکاح کے بعد چھ کلمے	۲۲۰
		جمعہ کا دوسرا مختصر خطبہ	۱۹۵		

پرنٹر پبلیشر راحت علی کرمانی نے نیو قادری پریس ۹۷ مور لینڈ روڈ بمبئی ۸ سے چھپوا کر تاج پبلیشنگ ہاؤس دہلی سے شائع کیا

Marfat.com

تعلیماتِ اسلام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حمد

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

سب تعریف اُس ذاتِ پاک و بے نیاز وحدہٗ لاشریک لہٗ کو زیبا ہے، جس نے اپنی قدرتِ کاملہ سے فرشتوں کو پیدا کیا جو شب و روز اس کی حمد میں مشغول ہیں۔

جس نے آسمان بے ستون بنائے۔ زمین کو بے سہارے پانی پر پھیلایا، پہاڑوں کو اس کی مضبوطی کے واسطے میخوں کے طور پر قائم کیا۔ قلم نے جب اس کی مدح لکھنے کا ارادہ کیا تو اوّل سجدہ کے لئے سر جھکایا اور اس کی وحدانیت کا اقرار کیا۔

عقلِ انسانی اُس کے عجائبات اور نادرات تک کیونکر پہنچے، آسمان اس کے بھید کا صرف ایک پردہ ہے۔ زمین اس کی پرکار کا ایک نقطہ ہے۔

یہ اس کا احسان ہے کہ اس نے انسان کو باوجود خاکی الاصل ہونے

کے اشرف المخلوقات بنایا اور اتنا رتبہ بڑھایا کہ ہر مخلوق پر فوقیت دی۔

نعت

اس کا شکر کس طرح ادا ہو، اس نے ہمارے لئے اپنے محبوب کو (اُن پر ہزاروں درود اور سلام) ہدایت کے واسطے بھیجا جو افتخار الانبیا ہوئے۔ سب سے پہلے ان کا نُور پیدا ہوا۔ سب نبیوں کے پیچھے ان کا ظہور ہوا، نبوت اور رسالت اُن پر ختم ہوئی۔ آپ کی شان میں لَوْلَاکَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاکَ وارد ہوا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے جو کچھ پیدا کیا آپ کا صدقہ ہے، آپ ہی کے سبب سے ہم نے کتاب آسمانی پائی۔ آپ نے ہمیں احکام شرعی سکھائے، ہزاروں معجزے آپ سے ظہور میں آئے، دُنیا میں دین کی آپ نے تکمیل کی۔ عاقبت میں انکے وسیلے سے گنہگاران اُمت کی شفاعت ہوگی۔ ان کی شان میں صرف یہی کافی ہے ؎

لَا یُمْکِنُ الثَّنَاءُ کَمَا کَانَ حَقَّہٗ بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

اللہ تعالیٰ ہم سب مسلمانوں کو ان کی تابعداری کے ساتھ دین اسلام پر قائم رکھ کر ایمان کے ساتھ اُٹھائے اور خاتمہ بخیر کرے آمین یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ

اللہ کا کوئی شریک نہیں

اُستاد: اے عزیز و یقین کرو اور ضروری جانو کہ خدائے تعالیٰ جل جلالہٗ وحدہٗ لاشریک ہے جس نے زمین و آسمان اور چاند و سُورج اور تمام دُنیا

Marfat.com

کو پیدا کیا ہے۔ وہی مارتا ہے وہی جلاتا ہے۔ اس کو فنا نہیں۔ وہ ہمیشہ سے زندہ اور موجود ہے۔ ہر جگہ سب کی سنتا ہے، سب کو دیکھتا ہے۔ کوئی بات نیک بد، عیب، صواب اس سے چھپی نہیں۔ بغیر اس کے حکم کے ذرہ حرکت نہیں کر سکتا۔ دنیا میں کوئی امر بغیر اس کی مرضی اور اجازت کے نہیں ہوتا۔ اسی کے حکم سے پانی برستا ہے۔ اسی کے حکم سے ہوا چلتی ہے۔ فرشتے اور آدمی جنات، حیوانات سب اسی کے اختیار میں ہیں۔ چاند، سورج اسی کے حکم سے گردش کرتے ہیں۔ اس کی ذات قدیم ہے۔ اس کے سوا کسی کو بقا نہیں۔

دُنیا کی بے ثباتی

دُنیا کا سب کھڑاگ جو تم دیکھتے ہو ایک دن فنا ہو جائے گا۔ دنیا میں دل مت لگاؤ۔ دنیا ضرور ایک دن چھوڑنی ہے۔ زندگی کا اعتبار نہیں۔ اس پر ہزاروں آفتیں ہیں۔ موت کا کوئی وقت نہیں۔ اس کو ہر دم پیشِ نظر رکھو۔ دنیا میں اگر آرام کا سامان ہے تو اس سے چند روزہ آرام پر مغرور ہو کر پھولنا نہیں چاہیئے۔ زندگی کا کیا بھروسہ، اگر تمام دُنیا کے بادشاہ تمام حکیم ڈاکٹر جمع ہو کر کسی تدبیر سے اُس کو ایک پل زیادہ کرنا چاہیں تو ممکن نہیں۔

وقت کی قدر کرو

زیادہ نقصان زندگی میں وقت کا رائگاں جانا ہے۔ وقت کی جو گھڑی گذر گئی وہ کسی طرح تمہارے ہاتھ نہیں آ سکتی۔ وقت کی رفتار ریل

Marfat.com

سے زیادہ تیز اور ہوا سے زیادہ اُڑنے والی ہے۔ صبح ہوتی ہے۔ انسان اپنے حوائج ضروری سے فارغ ہوتا ہے کہ ایک گھڑی دن چڑھ جاتا ہے۔ سمجھ لو کہ یہ ایک گھڑی تمہاری عمر کی کم ہوئی۔ بقول شاعر ؎

ہر بار سُناتا ہے یہ گھڑیال منادی   لے ایک گھڑی اور تری عمر گھٹا دی

گھڑی دو گھڑی دن چڑھنے کے بعد فکرِ معاش میں مشغول ہوئے کہ دوپہر ہوگئی۔ کھایا ذرا نیند لی اور سہ پہر ہوگئی۔ پھر اپنے دُنیا کے دھندوں میں کسی قدر مصروفیت ہوئی کہ شام آئی ۔ رات کا پیام لائی غرضکہ اسی طرح ؎

صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے   عمر یوں ہی تمام ہوتی ہے

جب وقت کی رفتار کا یہ حال اور دُنیا کی بے ثباتی کی یہ کیفیت ہو تو ضرورت ہے کہ جو وقت ہمارے اختیار میں ہو اس کو ضائع نہ ہونے دیں۔

اے میرے پیارے شاگرد یہ وقت فراغت کا وقت جو اس وقت تم کو حاصل ہے غنیمت سمجھو۔ اب وہ وقت آرہا ہے تم فرصت کو ڈھونڈو گے اور اس کا پتہ نہ پاؤ گے۔ فراغت کو تلاش کرو گے اس کا سراغ نہ ملے گا۔ یہ وہ وقت ہوگا جب دُنیا کا بار تمہاری پیٹھ پر لدا ہوگا ایک طرف فکرِ معاش سے تم کو سر کھجانے کی فرصت نہ ملے گی دوسری طرف انتظام تعلقات تم کو دم نہ لینے دیں گے۔ اب تم کو یہ سمجھنا ضروری ہے کہ اس قیمتی وقت میں تم کو کیا کیا کام کرنے ہیں۔

اے عزیز اس بیش بہا وقت میں تم کو معلوم کرنا چاہیئے کہ تم کون ہو؟

Marfat.com

کس لئے آئے ہو؟ کیا کرو گے؟

شاگرد (حامد جو ذرا تیز فہم تھا) حضور ہم میں سب سے بڑے عابد ہیں اور وہ ہی سب سے زیادہ پڑھے لکھے ہیں۔ یہ باتیں تو شاید اُن کو بھی اچھی طرح معلوم نہیں۔

اُستاد:۔ نہیں یہ میرا ہرگز مطلب نہیں کہ میں تمہارا امتحان لوں بلکہ میں یہ چاہتا ہوں کہ وہ باتیں تم کو بتاؤں کہ جس سے تم کو تمام عمر مدد ملے اور عاقبت میں تمہارے کام آئیں اور تم کو معلوم ہو جائے کہ تمہارا مذہب کیا ہے اور تم کو کیا کرنا چاہیئے۔

شاگرد:۔ (جناب) مذہب اسلام ہمارے باپ دادا اور ان سے بھی پہلے سے ہے لیکن یہ معلوم نہیں کہ یہ مذہب کب سے ہے اور دُنیا میں پہلے کونسا مذہب تھا؟

حضرت آدمؑ کی پیدائش

اُستاد:۔ (حامد) دُنیا کی پیدائش کو سات ہزار برس سے زیادہ گزرے سب سے پہلے جو پیدا ہوئے وہ حضرت آدم علیہ السّلام ہمارے تمہارے دادا تھے۔ جن کو خلاق مطلق نے خاک سے پیدا کیا۔ وہ بہشت میں رہتے تھے اور باغوں کی سیر کرتے اور ہزاروں طرح طرح کے مزیدار میوے کھاتے۔ سلسبیل اور تسنیم جنّت کی نہروں کا پانی پیتے جو برف سے زیادہ سرد اور شہد سے زیادہ میٹھا اور دودھ سے زیادہ سفید ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام پر

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کی بڑی مہربانی تھی۔ تمام فرشتے جو خدائے پاک کی بارگاہ میں بادشاہی خواص اور نقیب اور چوبداروں کی مانند حاضر باش تھے۔ سب حضرت آدم علیہ السلام کا ادب کرتے تھے۔

اصغر:۔ (حضرت جی) حضرت آدمؑ کا جنت سے باہر ہونا جو مشہور ہے۔ اس کی کیفیت کیونکر ہے اور شیطان کو اُن کے بہکانے کا کیا سبب ہوا تھا۔

اُستاد:۔ (اصغر) شاباش تم خوب سمجھ رکھتے ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ میری باتوں سے عمدہ نتیجہ حاصل کرو گے اور مجھے اُمید ہے کہ تمہارے بھائی حامد و محمود اور عابد بھی میرے بیان کو غور سے سُن کر خوب یاد رکھیں۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السّلام کو حکم دیا کہ تم بہشت میں رہو۔ یہاں تم کو نہ بیماری ہو گی نہ رنج نہ موت، موجب فرمان رب العالمین حضرت آدم علیہ السّلام جنت میں رہتے تھے لیکن اپنی تنہائی سے گھبراتے تھے اور اپنے ہم جنس کے نہ ہونے سے دل برداشتہ رہتے تھے۔

حضرت حوّا کی پیدائش

جناب باری کو حضرت آدم علیہ السّلام کا یہاں تک پاس خاطر تھا کہ ان کے دل بہلانے کیواسطے ایک عورت کو اُن کے بائیں پہلو سے پیدا کیا جن کا نام حوّا علیہ السّلام رکھا اور وہ دُنیا میں سب سے پہلی عورت ہوئیں۔ حضرت آدم علیہ السّلام ان کے شوہر ہوئے اور وہ ان کی بیوی بنیں۔

Marfat.com

دونوں نہایت آرام کے ساتھ عیش سے جنت میں رہنے لگے۔ اللہ تعالےٰ کی طرف سے ارشاد ہوا کہ اے آدم تم اور تمہاری بیوی جنت میں آرام سے رہو اور کھاؤ اور پیو جس چیز کو تمہارا دل چاہے۔ سوائے دانہ گندم کے جو جنت میں ہے۔ اگر دانہ گندم کھاؤ گے جنت سے نکالے جاوگے اور خسارے میں پڑو گے۔

شیطان کی نافرمانی

جب خدائے تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کا پتلا بنایا۔ یعنی حضرت آدمؑ کو پیدا کیا۔ سب فرشتوں کو حکم ہوا کہ اس کو سجدہ کرو۔ اور اس کی تعظیم کرو۔ سب فرشتوں نے حکم ربّی منظور کیا اور حضرت آدم کو سجدہ کیا۔ عزازیل نے نافرمانی کی اور سجدہ نہ کیا اور کہا کہ آدم ناچیز خاک سے بنایا گیا ہے اور میں چمکتی ہوئی آگ سے پیدا ہوا ہوں یہ کب ہوسکتا ہے کہ میں آدم خاکی کو سجدہ کروں اور اس کی تعظیم بجا لاؤں۔ اس تکبّر اور نافرمانی سے شیطان پر خدا کی لعنت ہوئی اور آسمان سے نکالا گیا۔ اور قیامت تک لعنت رہے گی۔

شیطان کی حقیقت

اصغر (گستاخی معاف ہو) اتنا اور بتا دیجئے کہ شیطان پہلے کون تھا؟

اُستاد (اصغر) تم کو قصّہ سُننے کا شوق ہے۔ یہ تمہارا تقاضائے سن ہے۔ ہم انشاء اللہ یہ قصّہ بھی با نتیجہ بیان کریں گے۔ جس کی معلومات

Marfat.com

سے تم کو فائدہ پہنچے۔ شیطان قوم جنات اور ابوالجن کی اولاد سے تھا۔ جن کی خلقت آتشی ہے اور اس کا نام عزازیل تھا۔ جب فرقۂ بنی الجان میں فساد برپا ہوا یہ اس فساد کے سبب سے اُن سے جُدا ہو کر ایک گوشے میں چھُپ رہا اور خدائے تعالیٰ کی عبادت میں مصروف ہوا۔ یہاں تک عبادت کی کہ آسمان اوّل کے فرشتوں نے جناب باری سے اس کی سفارش کی اور دعا کی کہ بار الہٰا ایسے مطیع اور فرمابزدار بندہ کا ہم میں رہنا بہتر ہے۔ ان کی دعا قبول ہوئی اور عزازیل کو اوّل آسمان پر رہنے کا حکم ہوا۔ ایک مدّت تک اوّل آسمان پر عزازیل عبادت میں مصروف رہا۔ پھر دوسرے آسمان کے فرشتوں نے بھی یہی درخواست کی اور عزازیل کو دوسرے آسمان پر رہنے کا حکم ہوا۔ غرضکہ اسی طرح ساتوں آسمانوں کے فرشتوں نے درخواست کر کے اپنے اپنے آسمان پر عزازیل کو بُلایا اور اس نے ساتوں آسمانوں کی منزلیں طے کر کے قیام کیا۔

شیطان کی جنت میں رسائی

پھر رضوان داروغۂ بہشت نے دعا کی کہ الٰہی آسمان کے مقرب فرشتے ایسے مقبول بندہ کی بزرگیوں سے محفوظ ہوں۔ اگر ایک مدّت وہ بہشت میں رہے تو ہم بھی بہرہ مند ہوں۔ خدائے تعالیٰ نے رضوان کی دعا کے موافق عزازیل کو بہشت میں بھیج دیا۔ یہ بہشت میں رہا اور عبادت الٰہی اور فرشتوں کی تعلیم میں مصروف رہا اور عرش کے نیچے یاقوت کے منبر پر آکر ایک عَلَم نُور کا کھڑا کر کے مجلس وعظ گرم کرتا رہا۔

Marfat.com

شیطان کا مُعلّم الملکوت بننا

اس کے وعظ میں اس قدر فرشتے جمع ہوتے تھے کہ اُن کی تعداد سوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا۔ اسی واسطے اُس کا نام مُعلّم الملکوت ہو گیا۔

حامد :- اچھا حضور تو پھر شیطان کے جنت سے نکالے جانے کے بعد جیسا اوپر بیان ہو چکا ہے، پھر کیا ہوا۔

شیطان کی آدم علیہ السّلام سے عداوت

اُستاد :- شیطان کو اپنے جنت سے نکالے جانے کا کمال رنج ہوا۔ اور وہ دل سے حضرت آدم ؑ کا دشمن ہوا اور اس فکر میں ہوا کہ کسی طرح میری طرح سے آدم ؑ علیہ السّلام بھی جنت سے باہر ہوں۔

شیطان کا جنت میں پہنچکر حضرت حوّا کو فریب دینا

حضرت آدم علیہ السّلام چونکہ مرد تھے اس کے قابو میں نہ آئے مگر حضرت حوّا علیہ السّلام عورت ناقص العقل تھیں اُن کو شیطان نے بہکایا اور بہ ہزار حیلہ گیہوں کا دانہ کھانے پر آمادہ کیا حضرت حوّا کے کہنے سے حضرت آدم کو بھی گیہوں کا دانہ کھانا پڑا۔ اس کے کھانے سے فضلہ پیدا ہوا اور اُن کو حاجت بشری غالب ہوئی جس طرف کو جاتے تھے بہشت کے درخت اُن سے نفرت کرتے تھے کہ ہم سے علیحدہ رہو اور اس نجاست کو ہمارے پاس مت

Marfat.com

لاؤ۔ خدائے تعالیٰ نے جب اس حال میں آدم علیہ السّلام کو دیکھا فرمایا اے آدمؑ تیرا کیا حال ہے۔ عرض کیا اے میرے رب مَیں نے دانہ گیہوں کا کھا لیا ہے۔ ارشاد ہوا کہ دُور ہو میرے سامنے سے اے آدم تو نے میرا حکم نہ مانا اور شیطان کی صلاح اختیار کی۔ اب تجھ کو جنّت سے نکالا جانا ضرور ہوا۔

حضرت آدمؑ کی جنّت سے جُدائی

چنانچہ حضرت آدمؑ اور حضرت حوّا علیحدہ علیحدہ زمین پر پھینکدیئے گئے اور ایک دوسرے سے جُدا ہوئے۔ ایک مدّت تک حضرت آدمؑ اپنی خطا پر روتے رہے۔ آخر کو اُن کی توبہ قبول ہوئی اور دریائے رحمت جوش میں آیا۔ حضرت آدمؑ کا قصور معاف ہوا اور حضرت حوّا ان کی بیوی کو اُن سے مِلایا اور حکم ہوا کہ اب تم زمین پر رہا کرو۔ حضرت آدم کیواسطے زمین کو حکم ہوا کہ پھل پھول نباتات اُگایا کرے جس سے اُن کو غذا ملتی رہے چنانچہ زمین پر اوّل کھیتی کا کام حضرت آدم علیہ السّلام سے شروع ہوا۔ اور حضرت جبرئیلؑ نے بحکم ربّ العالمین تین دانہ گندم جنّت سے لاکر دیئے اور کہا کہ اس میں دو دانہ تمہارے حصّہ کے ہیں اور ایک دانہ حضرت حوّا کے حصّہ کا ہے جب ہی سے مرد کے دو حصہ اور عورت کا ایک حصّہ قرار پایا۔ ہر دانہ گندم کا وزن آٹھ سو اٹھاسی درم (۳ سیر ۳ چھٹانک ۴ تولہ) کا تھا۔

حضرت آدمؑ کی اولاد کی تعداد

غرضکہ حضرت آدمؑ اور حضرت حوّا زمین پر رہنے لگے اور اِن سے

اولاد ہونی شروع ہوئی اور اُن کے جیتے جی اُن کے بیٹے پوتے نواسے کنواسے ایک لاکھ کے قریب تھے۔ شام کے ملک میں پہلے حضرت آدمؑ کی نسل پھیلی۔ جب آدمی زیادہ ہوئے اِدھر اُدھر پھیلتے گئے۔ یہاں تک کہ سمندر کے ٹاپو اور پہاڑوں کی کھوہ میں بسنے لگے۔ ہم سب حضرت کی نسل سے ہیں۔ شیطان کو اسی وقت سے حضرت آدمؑ سے دُشمنی ہے۔

اب چونکہ حضرت آدمؑ بھی زمین پر رہنے لگے، اُن کی اولاد کو بہکایا حتیٰ کہ ان کے بیٹے قابیل نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کیا۔

حضرت ہابیل کا قتل

اصغر:- جناب یہ تو فرمایئے کہ قابیل نے اپنے بھائی ہابیل کو کیوں مارا۔

اُستاد:- قابیل اور ہابیل دونوں حضرت آدم کے بیٹے اور آپس میں حقیقی بھائی تھے حضرت آدمؑ کی شریعت میں بہن سے نکاح کرنا درست تھا۔ لیکن جو ہمزاد نہ ہو کیونکہ حضرت حوّا کے جب اولاد پیدا ہوتی تو ایک ہی مرتبہ ایک لڑکا اور ایک لڑکی ساتھ پیدا ہوتے تھے تو جو لڑکا جس لڑکی کے ساتھ پیدا ہوتا تھا اس کی شادی اس کی ہمزاد بہن سے نہ ہوتی تھی بلکہ دوسرے حمل سے جو لڑکی پیدا ہوتی اُس سے شادی ہوتی تھی۔

قابیل کے ہمراہ جو لڑکی اُس کی بہن پیدا ہوئی تھی اس کا نام اقلیمیا تھا اور ہابیل کے ساتھ جو لڑکی پیدا ہوئی اُس کا نام لَبُودا تھا حضرت آدمؑ نے تجویز کی

Marfat.com

کہ قابیل کی بہن ہابیل سے اور ہابیل کی بہن قابیل کے نکاح میں آئے۔ قابیل کی بہن بے حد حسین تھی اور خواہر ہابیل اس قدر خوب صورت نہ تھی۔ قابیل کو یہ بات ناگوار ہوئی کہ اس کی حسین اور خوبصورت بہن ہابیل کے نکاح میں آئے اور اس کو ہابیل کی بہن اس قدر خوبصورت جو حسن و خوبصورتی میں اس سے کمتر ہے ملے۔ اس کی شکایت حضرت آدمؑ سے کی انہوں نے پابندی شریعت سے مجبوری ظاہر کی اور قربانی کرنے کی ہدایت دونوں کو فرمائی۔ اور یہ بات قرار پائی کہ جس کی قربانی مقبول ہو وہ اقلیمیا کی بہن کا شوہر منتخب کر دیا جائے۔ ہابیل نے ایک تازہ دُنبہ اور قابیل نے خوشہ گندم اونچے پہاڑ پر جاکر رکھے اور منتظر قبولیت کے رہے۔

اس زمانہ کے دستور کے موافق ایک آگ غیب سے پیدا ہوئی اور ہابیل کی قربانی کو جلا دیا جس سے مُراد مقبولیت ہے اور قابیل کی قربانی بدستور رکھی رہی یعنی نامقبول ٹھیری۔ قابیل اس پر بھی باز نہ آیا اور اپنی اسی ضد پر رہا۔ آخر کار وہ اس فکر میں پڑا کہ کسی طرح ہابیل کو مار ڈالوں۔ ایک روز ہابیل کو بکریاں چراتے ہوئے دیکھا اور کہا کہ میں تجھ کو ضرور مار دوں گا، ہابیل نے اپنا قصور پوچھا۔ قابیل نے کہا کہ تیری قربانی قبول ہوئی اور میری نامقبول۔ میری خوبصورت بہن تو لے لیگا۔ اور تیری بدصورت بہن مجھے ملے گی۔ تیرے فرزند میرے بیٹوں پر فخر کریں یہی باعث میرے حسد کا ہے۔ ہر چند کہ ہابیل نے اپنی بے گناہی بیان کی لیکن اس کا حسد بڑھتا گیا اور قتل کا ارادہ مصمم کیا۔ لیکن مارنا نہ جانتا تھا۔

Marfat.com

شیطان نے قابیل کو قتل کی تدبیر بتائی

قابیل حیران تھا کہ ہابیل کو کیونکر مار وں۔ شیطان ایک آدمی کی صورت بن کر ظاہر ہوا اور ایک مُرغ اس کے ہاتھ میں تھا۔ ایک پتھر اُٹھا کر مُرغ کا سر اس پر رکھا اور دوسرا پتھر اوپر سے مارا جس سے مُرغ کا سر پھٹ گیا۔ اور کام تمام ہوا۔ قابیل نے دیکھ کر معلوم کیا کہ مارنے کی تدبیر یہ ہے۔

دُنیا میں سب سے پہلا قتل

ایک دن ہابیل کو سوتا ہوا دیکھ کر اُس کا سر ایک پتھر پر رکھا اور دوسرا پتھر اوپر سے مارا کہ سر پھٹ گیا اور جان بحق ہوا۔ ہابیل کی عمر اُس وقت بیس برس کی تھی۔ قابیل اس کو مار کر حیران ہوا کہ اب اس کو کیا کروں۔ لاچار اپنے تھیلے میں لپیٹ کر چالیس دن تک کمر پر لادے لئے پھرا۔ جب اس میں بدبُو پیدا ہوئی، جانور، درندوں اور پرندوں نے قابیل پر غلبہ کیا۔ جس وقت یہ کہیں اُس لاش کو رکھ دیتا تو جانور اُسے کھانے لگتے۔ اس سے نہایت تنگ ہوا اور جورِ فلک سے شکایت کرنے لگا۔

قبر کھودنے کی تعلیم کوّے نے دی

اللہ تعالیٰ نے دو کوّے پیدا کئے ایک کوّے نے دوسرے کوّے کو آپس میں لڑ کر مار ڈالا زندہ کوّے نے اپنی چونچ سے زمین کھودی اور مُردہ

Marfat.com

کوّے کو دبا کر اس پر مٹی ڈال دی کہ وہ چھُپ گیا۔

قابیل یہ حال دیکھ کر زمین کھودنے لگا اور گڑھا کھود کر اپنے بھائی ہابیل کی لاش دفن کی کہتے ہیں کہ اس گناہِ عظیم کے باعث قابیل کا تمام جسم سیاہ ہو گیا تھا اور تمام انسان و حیوان اُس سے نفرت کرتے تھے یہاں تک کہ لڑکے اُس کو پتھروں سے مارتے تھے۔ قابیل نے یہاں تک نافرمانی اور گمراہی اختیار کی کفر کیا۔ اور آتش پرست ہو گیا۔ آخر کار اُس کے لڑکے نے پتھر مار کر اُس کو ہلاک کر ڈالا۔

۱۲۳۵۱

ہر قتل میں قابیل کی شرکت ہوتی ہے

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو کوئی جہان میں مارا جاتا ہے اس کے قتل کے گناہ میں قابیل شریک ہوتا ہے کیونکہ وہ باعث اختراع تھا۔ (شرع شریف میں اختراع دین میں نئی بات نکالنے کو کہتے ہیں) پہلا خون دُنیا میں اُس نے ہی کیا۔

محمود:۔ کیوں صاحب شیطان باوجود ذی علم ہونے کے بھی اپنی نافرمانی کے بُرے نتیجہ کو نہ سمجھا۔

اُستاد:۔ پیارے محمود، اگرچہ یہ سوال تمہارا نازک ہے لیکن تمہارے سمجھانے کے لئے یہ کہنا کافی ہے کیا واضعانِ قانون ظاہری (جو اس وقت قانون عدالت تجویز کرتے ہیں) مرتکب جُرم نہیں ہوتے (باوجود اس کے کہ ارتکابِ جُرم کی پاداش سے خوب واقف ہیں) اور بعد مرتکب ہونے کے وہ سزا سے بچ جاتے ہیں۔ ہرگز نہیں۔ بلکہ بلکہ وہ مُجرم کے علم ہونے کے سبب سے زیادہ سزا پانے کے مستحق سمجھے جاتے ہیں۔ یا یہ سمجھو کہ کوئی

حاذق طبیب یا ہوشیار ڈاکٹر باوجود علم مرض کے اپنے آپ کو مرض مہلک سے نجات دے سکتا ہے یا کوشش کرسکتا ہے کہ وہ کبھی مرض میں مبتلا نہ ہو (ہرگز نہیں) ایک روایت میں آیا ہے کہ ایک دن شیطان نے قبل از خروج بہشت۔ دروازہ بہشت پر لکھا دیکھا کہ ہمارا ایک بندہ ہے ہم نے اس کو طرح طرح کی نعمتوں کے ساتھ بزرگ کیا ہے اور زمین سے آسمان پر پہنچایا ہے اور وہاں سے بہشت بریں میں داخل کیا ہے۔ ایک امر کے ساتھ اس کو تکلیف دیں گے اور وہ ہماری نافرمانی کریگا۔ ہم اس کو مردود کریں گے۔

شیطان پر لعنت

عزازیل نے جب یہ کلمہ پڑھا ہزار برس تک ہمیشہ اس بندۂ نافرمان پر لعنت کرتا رہا۔ اور یہ نہ جانا کہ میں کس پر لعنت کرتا ہوں اور ایک روایت میں وارد ہوا ہے کہ لوح محفوظ پر شیطان نے لکھا دیکھا اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ ؕ اس نے عرض کیا خداوندا شیطان الرجیم کون ہے ارشاد ہوا کہ ایک بندہ ہے کہ ہم نے اس کو بہت سی نعمتوں سے مکرم کیا ہے لیکن وہ ہماری نافرمانی کرے گا۔ اور ہم اس کو خوار کریں گے۔ عرض کیا الٰہی اسکو مجھے دکھا دے کہ میں اس کو مار ڈالوں۔ ارشاد ہوا کہ جلد تو اس کو دیکھے گا۔ اس پر شیطان ہزار سجدے ہر جگہ کرتا تھا اور یہ کہتا تھا لَعَنَ اللّٰہُ عَلٰی اِبْلِیْسَ لعنت کرے اللہ اوپر ابلیس کے یہ نہ معلوم تھا کہ وہ ابلیس میں ہی ہوں میں کس پر لعنت کر رہا ہوں۔

حاصل:۔ جناب اس بیان سے صرف یہ معلوم ہوا کہ ہم حضرت آدمؑ کی نسل سے ہیں۔ اب یہ فرمائیے کہ ہم کو کیا کرنا چاہیئے۔

اسلام ایک بہترین مذہب ہے

اُستاد:۔ (اے میرے ذہین شاگرد) اللہ تعالیٰ نے تم کو اشرف المخلوقات بنایا اور اشرف النبی صلے اللہ علیہ وسلم کی اُمت میں داخل فرمایا۔ اور تم کو مذہب اسلام سے سرفراز کیا۔ تم ایسے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی اُمت ہو کہ جو شافع روز جزا ہے یعنی قیامت کے دن تمہاری شفاعت کریگا۔ تم کو خدا تعالیٰ سے بخشوائیگا۔ دین اسلام سے بہتر کوئی دین اللہ کے نزدیک نہیں چنانچہ آپنے کلام پاک کے تیسرے پارہ کے نصف میں اس کی تعریف فرمائی ہے۔

اسلام کی سچائی

اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ ترجمہ: بتحقیق دین نزدیک اللہ کے اسلام ہے حقیقت میں ظاہر اور باطن اور عقل کے نزدیک جیسے دیکھو اس دین کے برابر کوئی دین نہیں پایا وجہ کہ مسلمان سب انبیاء اور مرسلین کے مداح ہیں اور سب کو برحق مانتے ہیں۔ بخلاف اور مذہب کے ایک دوسرے کو بُرا کہتے اور حقیر سمجھتے ہیں۔

یہودیوں کے دین میں حضرت عیسٰی علیہ السلام کو بُرا کہتے ہیں یہاں تک کہ ان کو صلیب پر کھینچا۔ اگرچہ ان کو اللہ تعالےٰ نے آسمان پر زندہ اُٹھا لیا اور دشمن

Marfat.com

ذلیل و خوار ہوئے لیکن یہود تا ہنوز حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے دشمن ہیں ۔
نبی آخر الزماں حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے دشمنی رکھتے ہیں ان کو
نبی نہیں کہتے ہیں بلکہ کاہن اور نجومی اور شاعر کہتے ہیں ۔ غرضکہ ہر ایک فرقہ اسی
طرح اپنے نبی کو مانتا ہے اور دوسرے کو برائی کے ساتھ یاد کرتا ہے یا اس کی نبوت
کا قائل نہیں ۔ اس دینِ اسلام میں سب نبیوں کی فضیلت کرتے ہیں اور سب کو
برحق جانتے ہیں ۔ اور نہایت تعظیم اور ادب سے ہر ایک نبی کا نام لیتے ہیں چنانچہ
اللہ تعالیٰ جل شانہٗ اپنے کلام پاک کے اوّل پارہ کے آخر میں فرماتا ہے ۔

قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا
وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ
وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَ
مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَآ اُوْتِيَ
النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ
اَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ

ترجمہ :- کہو ایمان لائے ہم ساتھ اللہ کے اور
جو کچھ اتاری گئی طرف ابراہیم کے اور اسمٰعیل ع
اور اسحٰق ع اور یعقوب ع کے اور اولاد اس کی
کے اور جو کچھ دی گئی موسیٰ ع کو اور عیسیٰ ع کو
اور جو کچھ دی گئی پیغمبروں کو پروردگار اپنے
سے نہیں جدائی ڈالتے ہم درمیان کسی کے ان
میں سے اور ہم واسطے اسی کے فرماں بردار ہیں ۔

آسمانی کتابیں اور پیغمبر برحق ہیں ۔

اس آیت شریف کے معنی سے صاف ظاہر ہے کہ سب کتابوں کو سچا
جاننا اور سب پیغمبروں کو برحق ماننا ضروری ہے ۔ برخلاف اور دین کے جیساکہ
یہودی توریت کو مانتے ہیں اور انجیل اور قرآن شریف سے منکر ہیں نصاریٰ

Marfat.com

انجیل کو مانتے ہیں اور توریت اور قرآن شریف سے منکر۔ غرضکہ اسی طرح ہر ایک دین میں اپنی کتاب کو برحق جانتے ہیں اور دوسرے دین کے صحائف سے منکر ہیں۔

محمود:۔ کیوں صاحب (اُستاد سے مؤدبانہ) جب احکام الٰہی ایک ٹھیرے اور کتابیں سب برحق ہوئیں تو اختلاف کیوں رہا۔

اُستاد:۔ (ذرا نرمی سے) بھائی یہ تردد تمہارا بہت ہی آسانی سے رفع ہوسکتا ہے۔ غور کرو کہ احکام الٰہی سب برحق اور واجب التعظیم ہیں۔ صرف ناسخ اور منسوخ کا فرق ہے۔ جب توریت کا زمانہ تھا۔ اس وقت اس کے احکاموں کا عمل درآمد تھا۔ جب زبور آئی تو اُس کے احکام جاری ہوئے۔ توریت کے حکم منسوخ ہوئے۔ جب انجیل اُتری اس کے احکاموں کا عمل درآمد ہوا۔ زبور منسوخ ہوئی۔ جب قرآن شریف نازل ہوا تو اُس کے احکاموں نے نفاذ پایا۔ انجیل منسوخ ہوئی۔

لیکن خدا اور رسول کے ماننے کا سب کتابوں میں یکساں حکم ہے اکثر چیزوں کے حرام و حلال و جواز، عدم جواز کا فرق ہے اور عبادت کے طریقوں میں تغیر و تبدل ہوا ہے۔ سو یہ اللہ تعالیٰ احکم الحاکمین کی خوشی اور اس کی مصلحت ہے جب وقت کے واسطے جیسا مناسب ہوا احکام جاری فرمائے جس حکم کو چاہا منسوخ کیا جس کو چاہا جاری کیا۔ جس وقت کی اُمت کے واسطے جو احکام مناسب سمجھے اور جن احکاموں کو اُس اُمت کا متحمل سمجھا نافذ فرمائے۔ وہ حکیم مطلق ہے اُس کا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں۔

Marfat.com

حامد:- (حضرت) ہم نے فضائل اور سچائی اسلام سن کر دل سے اپنے مذہب اسلام پر جس میں خدا نے ہم کو پیدا کیا ہے ثابت قدم ہوئے اور اپنے مذہب کی سچائی ہم پر بخوبی ظاہر ہو گئی۔ اب ہم منتظر ہیں کہ اس کی تفصیل سنیں کہ ہم کو کیا کرنا چاہیئے۔

استاد:- (شاگردوں سے مخاطب ہو کر) دیکھو حامد جب تم کو یہ معلوم ہو گیا کہ تم دائرہ اسلام میں داخل ہو یعنی مسلمان ہو تو تم کو چاہیئے کہ سب سے پہلے سچے دل سے اور حضور قلب سے خدائے پاک کی وحدانیت کا اقرار کرو اور اس کے رسول صلے اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی گواہی دو اور اس پر قائم رہو۔

پہلا کلمہ طیّب

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ (ترجمہ:- یعنی نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے اور محمد رسول اللہ بھیجے ہوئے اللہ کے ہیں۔

ایمان کے ارکان

سمجھنا چاہیئے کہ ایمان کے دو رکن ہیں۔ خدا کو جاننا اور رسول کو رسول۔ خدا کو خدا جاننا اس طرح ہوتا ہے کہ اس کا شریک دوسرے کو نہ سمجھے۔ رسول کو رسول جاننا اس طرح ہے کہ اس کے سوا دوسرے کی راہ نہ پکڑے۔ پہلی بات کو توحید کہتے ہیں اور اس کے خلاف کو شرک اور دوسری بات کو اتباع کہتے ہیں اور اس کے خلاف کو بدعت ہر مسلمان کو چاہیئے کہ توحید اور

سنّت کو خوب مضبوط پکڑے اور شرک اور بدعت سے بچے جو ایمان میں خلل ڈالنے والے ہیں، اب اس کے بعد دوسرا کلمہ شہادت ہے۔

دوسرا کلمہ شہادت

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

(ترجمہ:- گواہی دیتا ہوں میں یہ کہ کوئی لائق بندگی کے نہیں مگر اللہ وہ اکیلا ہے نہیں کوئی شریک اس کا اور گواہی دیتا ہوں میں یہ کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

شہادت کے معنی گواہی ہے۔ گواہی کے واسطے یہ بات ضروری ہے کہ جو بات آدمی کے نزدیک یقین سے بے شبہ و شک ثابت ہو اس کی گواہی دے تو وہ گواہ سچا ہے اور اگر اس کے نزدیک وہ بات کامل یقین سے ثابت نہ ہو اور وہ گواہی دے تو وہ گواہ جھوٹا ہے اگرچہ حقیقت میں حق الامر ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں منافق حضرتؐ سے کہتے تھے۔

نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۔ (ترجمہ) یعنی ہم گواہی دیتے ہیں کہ بے شک تم اللہ ہی کے پیغمبر ہو۔

اور دل سے یقین نہیں لاتے تھے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اُن کو فرمایا کہ اللہ جانتا ہے۔ اے پیغمبر تو اس کا پیغمبر ہے مگر۔

وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۝ (ترجمہ) یعنی اللہ گواہی دیتا ہے کہ بے شک منافق البتہ جھوٹے ہیں۔

Marfat.com

اس لئے کہ زبان سے رسالت کا اقرار کرتے ہیں اور دل سے یقین نہیں لاتے اس واسطے جب آدمی کے نزدیک یقین کامل سے ثابت ہو جائے اُس کے موجب کہے کہ خدا ہی بندگی کے لائق ہے اور کوئی نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اُن کے بندہ اور رسول ہیں۔ تو اس کا زبان سے کہنا سچا ہے اور وہ مُسلمان ہے اور اگر زبان سے کہا اور دل میں اُس کے یہ نہیں تو نعوذ باللہ منافق ٹھیرا اور دل سے سچا جانا اور زبان سے نہ کہا تو بھی مسلمان نہیں۔ ہاں اگر گونگا ہو تو مجبوری ہے یا دل میں یقین آنے کے بعد فوراً مر گیا اور زبان سے نہ کہنے پایا تو مجبوری ہے اس کا قصور نہیں پس سب مسلمانوں کو چاہئے کہ دل سے کامل یقین کریں اور زبان سے سچا اقرار کریں۔

تیسرا کلمہ تمجید

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ؕ

(ترجمہ) پاک ہے اللہ اور سب تعریف واسطے اللہ کے ہے اور نہیں کوئی معبود سوائے خدا کے اور اللہ بزرگ ہے اور نہیں ہے طاقت اور قوت مگر توفیق سے خدائی بلند اور بزرگی کے۔

چوتھا کلمہ توحید

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَ

(ترجمہ) نہیں کوئی معبود سوائے خدا کے ایک ہے وہ نہیں ہے شریک اس کا

يُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ط ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط بِيَدِهِ الْخَيْرُ ط وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط

اُسی کی بادشاہی ہے۔ اسی کو ہے سب تعریف وہی جلاتا ہے اور وہی مارتا ہے اور وہ ایسا زندہ ہے کہ نہیں مرے گا ہمیشہ ہمیشہ کو صاحب بزرگی اور بخشش کا ہے اُسی قبضہ میں ہر بھلائی اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

پانچواں کلمہ ردِّ کفر

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَتَبَرَّأْتُ مِنَ الْكُفْرِ وَالشِّرْكِ وَالْكِذْبِ وَالْغِيْبَةِ وَالْبِدْعَةِ وَالنَّمِيْمَةِ وَالْفَوَاحِشِ وَالْبُهْتَانِ وَالْمَعَاصِیْ كُلِّهَا وَاَسْلَمْتُ وَاَقُوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط

(ترجمہ) اے اللہ پناہ مانگتا ہوں میں تیرے ساتھ اس بات کی کہ شریک کروں تیرا کسی چیز کو اور جس گناہ کو میں جانتا ہوں اور جس کو میں نہیں جانتا اس کی معافی تجھ سے مانگتا ہوں توبہ کی میں نے اس سے اور بیزار ہوا میں کفر سے اور شرک سے اور جھوٹ سے اور غیبت سے اور بدعت سے اور چغلی سے اور بدکاریوں سے اور بہتان سے اور سب گناہوں سے اور اسلام لایا میں اور کہتا ہوں میں نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم رسول اُس کے ہیں۔

کلمہ استغفار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهٗ عَمَدًا اَوْ خَطَاً سِرًّا اَوْ عَلَانِيَةً وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ

(ترجمہ) بخشش چاہتا ہوں پروردگار اپنے سے سب گناہوں کی کہ جان کر کئے میں نے اور جو بھول سے کئے چھپ کر یا ظاہر اور توبہ کرتا ہوں میں طرف اسکے اُس گناہ سے کہ

Marfat.com

اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ لَا اَعْلَمُ اِنَّکَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُیُوْبِ وَغَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَکَشَّافُ الْقُلُوْبِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ؕ

جسکو جانتا ہوں اور جسکو میں نہیں جانتا اے پروردگار تحقیق تو ہے عیبوں کا دیکھنے والا اور گناہوں کا بخشنے والا اور دلوں کا کھولنے والا اور نہیں ہے طاقت اور قوت مجھ کو مگر ساتھ اللہ بزرگ اور برتر کے۔

یہاں تک پانچواں کلمہ اور کلمۂ استغفار تمام ہوئے اس کے بعد سید الاستغفار بیان کی جاتی ہے اگرچہ اس دعا کے بڑے فائدے اور بہت سے فضائل ہیں لیکن بنظر طوالت اسی قدر بیان کرنا کافی ہے۔

جو مسلمان یقین سے اس دعائے سید الاستغفار کو دن میں پڑھے اور اسی دن شام سے پہلے مرجائے تو وہ شخص بہشتی ہے اور جو شخص رات میں پڑھ کر اسی رات میں مرجائے فجر سے پہلے وہ جنتی ہے۔ یہ روایت بخاری شریف میں شداد بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے۔

دعائے سید الاستغفار

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ وَاَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ

(ترجمہ) اے میرے اللہ تو میرا رب ہے کوئی معبود نہیں مگر تو۔ پیدا کیا تو نے مجھ کو اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں تیرے عہد پر ہوں اور تیرے وعدہ پر جس قدر میں طاقت رکھتا ہوں پناہ مانگتا ہوں میں تیرے ساتھ برائی سے اس چیز کی کہ میں نے کی اور اقرار

فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَةً وَّارْحَمْنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ۝

کرتا ہوں میں اپنے گناہوں کا پس بخشدے مجھ کو بیشک حال یہ ہے کہ گناہوں کو کوئی نہیں بخشتا مگر تو پس بخشدے مجھ کو تو بخشنے کا حق جیسا کہ ہے اور رحمت کر مجھ پر تحقیق تو ہی بخشنے والا مہربان۔

ایمان مفصّل

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَ الْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ۔

(ترجمہ) ایمان لایا میں اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر اور دن قیامت پر اور ایمان لایا میں اس بات پر کہ نیکی اور بدی سب اللہ کی طرف سے اور ایمان لایا میں جی اٹھنے پر بعد مرنے کے۔

ایمان مجمل

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِاَسْمَآئِهٖ وَ صِفَاتِهٖ وَ قَبِلْتُ جَمِيْعَ اَحْكَامِهٖ اِقْرَارًا بِاللِّسَانِ وَتَصْدِيْقًا بِالْقَلْبِ

(ترجمہ) ایمان لایا میں اللہ پر جیسے کہ اس کے سب نام اور صفات ہیں اور قبول کیا میں نے اس کے سب حکموں کو اقرار کرتا ہوں زبان سے اور تصدیق کرتا ہوں دل سے۔

محمود: حضرت ہم کو کلمہ اور دعائے سید الاستغفار اور دعائی ایمان مجمل اور ایمان مفصّل معلوم ہوئے امید کہ آپ ارکانِ اسلام وارکانِ نماز تلقین فرمائیں۔

Marfat.com

اسلام کے ارکان

استاد :۔ (محمود) ارکان اسلام پانچ ہیں ۔

اوّل :۔ گواہی دینا اس بات پر کہ خدائے تعالیٰ کے سوا کوئی بندگی کے لائق نہیں اور محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اُس کے بندہ اور اُس کے رسول ہیں ۔

دوئم :۔ بنیاد اسلام کی نماز ہے کہ وہ تمام بدن اور روح سے علاقہ رکھتی ہے ۔

سوئم :۔ بنیاد اسلام کی زکوٰۃ دینا ہے مالدار پر کہ وہ عبادتِ مالی ہے ۔

چہارم :۔ بنیاد اسلام کی حج کرنا کعبہ شریف کا کہ وہ عبادت مرکب بدنی اور مالی ہے ۔

پنجم :۔ بنیاد اسلام کی رمضان کا مہینہ بھر روزہ رکھنا ہے کہ وہ بھی عبادت بدنی باطنی ہے ۔

حدیث شریف میں یوں آیا ہے :۔

أَخْرَجَ الشَّيْخَانِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضـ قَالَ
قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ بُنِيَ الْاِسْلَامُ عَلٰى خَمْسٍ
شَهَادَةِ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ
مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَاِقَامِ
الصَّلٰوةِ وَاِيْتَاءِ الزَّكٰوةِ وَالْحَجِّ وَصَوْمِ

(ترجمہ) مشکوٰۃ شریف کی کتاب الایمان میں لکھا ہے
کہ ذکر کیا بخاری اور مسلم نے کہ نقل عبداللہ بن عمرؓ سے
کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بنایا گیا
اسلام پانچ چیزوں پر گواہی دینا اس بات پر کہ
کوئی بندگی کے لائق نہیں سوا اللہ کے اور یہ کہ
محمد صلی اللہ علیہ وسلم بندہ اس کے اور رسول اس کے ہیں ۔

شَہْرِ رَمَضَانَ ط — اور قائم کرنا نماز[۳] اور دینا زکوٰۃ[۳] اور حج[۴] کرنا اور روزے رمضان[۵] کے رکھنے۔

حامد:۔ (حضور) ارکانِ اسلام ہم کو معلوم ہوگئے اب یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ ان ارکان کی تکمیل کس طرح پر ہونی چاہئے۔

اُستاد:۔ (اے عزیزو) جب یہ بات تم کو معلوم ہوگئی کہ تمہارا مذہب اسلام ہے۔ اور تم اُس اُمت میں داخل ہو جو بہتر سب اُمتوں سے ہے اور جس اُمت میں پیدا ہونے کی نبیوں اور ولیوں نے آرزو کی ہے اب تم غور کرو کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو ایسا انعام عطا فرمایا۔

عبادت کی تاکید

اب تم پر واجب ہے کہ اس کی رضامندی اور تعمیل احکام میں دل و جان سے حاضر رہو، قصور نہ کرو، دیکھو وہ اپنے کلام پاک میں یوں ارشاد فرماتا ہے۔

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ۝ (ترجمہ) نہیں پیدا کیا ہم نے جن اور انسان مگر واسطے عبادت کے۔

اور دوسری جگہ ارشاد ہے:۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ ترجمہ) ڈرو اللہ سے اور فرماں برداری کرو۔

غرض کہ کلام مجید فرقانِ حمید میں جابجا اپنی عبادت کی تاکید فرمائی ہے۔ اب یہ جاننا چاہئے کہ وہ کون سی عبادت ہے جس کے واسطے تاکید ہے اور وہ کونسا طور طاعت ہو کہ جس سے وہ احکم الحاکمین رضامند ہو (وہ افضل ترین عبادت نماز ہے جس کے

وسیلہ سے تم پاک صاف ہو کر بہشتی ہو جو تمہاری عاقبت میں بہتر ہے جیسا کہ اس آیت شریفہ سے واضح ہے کہ جو کلام مجید کے اکیسویں پارہ کے شروع میں ہے۔

وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ ط

(ترجمہ) اور قائم کر نماز کو تحقیق نماز روکتی ہے فحش اور بدکاری سے۔

اور اسی طرح پر جا بجا کلام مجید میں نماز کے واسطے تاکیدیں متواتر آئی ہیں اور بہت سی احادیث نماز کے واسطے فوائد اور تاکید میں آئی ہیں جیسا کہ حدیث شریف میں آیا ہے۔

اَلصَّلٰوۃُ عِمَادُ الدِّیْنِ فَمَنْ اَقَامَھَا فَقَدْ اَقَامَ الدِّیْنَ وَمَنْ تَرَکَھَا فَقَدْ ھَدَمَ الدِّیْنَ ط

(ترجمہ) نماز ستون دین کا ہے پس جو نماز پڑھتا ہے قائم رکھتا ہے دین اپنے کو اور جو چھوڑے نماز کو پس وہ گراتا ہے ستون دین اپنے کو۔

جب ثابت ہو گیا کہ نماز کے واسطے سخت تاکید ہے اور نماز بہترین اور افضل ترین طاعات سے ہے پس تم کو یہ معلوم کرنا چاہیے کہ نماز فرض ہے جس کا ادا کرنا تمہارے ذمہ لازمی اور سب سے پہلے ضروری ہے۔

روایت ہے کہ فرمایا رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے :-

خَمْسُ صَلَوٰتٍ اِفْتَرَضَھُنَّ اللّٰہُ تَعَالٰی فَمَنْ اَحْسَنَ وُضُوْءَھُنَّ وَ صَلَّاھُنَّ لِوَقْتِھِنَّ وَاَتَمَّ رُکُوْعَھُنَّ کَانَ لَہٗ عَلَی اللّٰہِ عَھْدٌ اَنْ یَّغْفِرَ لَہٗ وَمِنْکُمْ مَنْ لَّمْ یَفْعَلْ ذٰلِکَ فَلَیْسَ

(ترجمہ) پانچ نمازیں ہیں کہ فرض کیا اللہ تعالیٰ نے انکو پس جو کوئی اچھی طرح کرے انکے وضوؤں کو اور ادا کرے انکو وقت پر اور کمال توجہ سے بجا لاوے انکے رکوعوں اور سجدوں کو۔ اللہ تعالیٰ پر عہد ہے کہ معاف کرے ان کو اور جو کوئی ایسا نہ کر

Marfat.com

لَہٗ عَلَی اللّٰہِ عَھْدٌ اِنْ شَآءَ غَفَرَ لَہٗ — تو حق تعالیٰ پر کچھ عہد نہیں۔ اللہ چاہے اُن کو
وَاِنْ شَآءَ عَذَّبَہٗ ۔ — بخشے اور چاہے اُن کو عذاب دے۔

اس حدیث شریف سے ثابت ہوا کہ پانچ وقت کی نماز فرض ہے لیکن وہ ایسے رکوع اور سجود کے ساتھ ہو کہ جس میں پوری پوری تابعداری اللہ کی پائی جائے اور اچھے وضو کے ساتھ نہایت عاجزی سے ادا کرنا چاہئے۔ اس صورت میں خدائے تعالیٰ اس کی بخشش کا وعدہ فرماتا ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب کوئی اچھی طرح احتیاط سے وضو کر کے نماز کو پورے پورے قیام و قرأت کے ساتھ پڑھتا ہو تو نماز اُس کے حق میں یہ دُعا کرتی ہے۔

"اے بندہ خوش رہ اور جس طرح تو نے مجھے حرمت سے ادا کیا اللہ تعالیٰ تجھ کو بھی ایسی ہی حرمت دے اور قیامت کے دن بہشت عطا فرمائے"

اب یہ بتانا ضروری ہے کہ نماز کو کس طرح ادا کرنا چاہئے۔ لیکن اس سے پہلے کہ ہم تم کو ارکان نماز تلقین کریں پہلے وضو اور طہارت اور غسل کے مسائل بتائیں کہ جو باعث تکمیل نماز ہیں۔

غسل کا بیان

جاننا چاہیے کہ جب کوئی مسلمان مرد ہو یا عورت اپنے کپڑے پر تر او ر نجاست کی پائے۔ اگرچہ اس کو احتلام یاد نہ ہو تو غسل کرے اسی طرح جب عورت حیض و نفاس سے فارغ ہو دونوں حالتوں میں غسل واجب ہے

Marfat.com

حیض کی تشریح

حیض اس کو کہتے ہیں کہ جو عورت بالغہ یعنی نو برس کی عمر سے لیکر پچپن برس کی عمر تک ہر مہینہ تین دن سے دس دن تک رحم سے خون جاری رہتا ہی اگر دس دن سے زیادہ جاری رہے اُس کو بیماری سمجھنا چاہیئے۔ سوائے سفید رنگ کے اور جس رنگ کا خون رحم سے جاری رہے وہ حیض ہے جب سفیدی آئے تب پاکی سمجھے۔

نفاس کی کیفیت

نفاس اس کو کہتے ہیں کہ عورت کو بعد بچہ پیدا ہونے کے خون آتا ہے زیادہ سے زیادہ مدت اس کی چالیس روز ہے۔

Marfat.com

غسل کے فرائض

(غسل میں تین فرض ہیں) کلّی کرنا۔ ناک کے نتھنوں میں پانی دینا۔ تمام بدن کو ایک بار اس طرح دھونا کہ بال برابر جگہ بھی سوکھی نہ رہے۔

غسل کی سُنّت

(غسل میں چھ سنت ہیں) اوّل دونوں ہاتھوں کو دھونا۔ اور نجاست جائے مخصوص سے دُور کرنا یا جہاں لگی ہو۔ ستر دھونا۔ وضو کرنا۔ لیکن پاؤں کو نہ دھوئے۔ تمام بدن کو تین بار دھونا۔ سب سے پیچھے دونوں پاؤں کو دھونا

جہاں غسل کا پانی نہ ٹھہرتا ہو۔
جس عورت کی چوٹی گندھی ہوئی ہو۔ اُس کو بادلوں کی جڑ بھگونا کافی ہے

غسل کرنے کی ترکیب

پہلے تین مرتبہ ہاتھ دھوئے گٹوں تک۔ پھر ناپاکی کو یا نجاست کو جہاں لگی ہو بدن سے دھوئے یہاں تک اگر خلتہ نہ ہوئی ہو تو وہاں بھی کھال کے اندر پانی پہنچادے، پھر وضو کرے۔ اگر ہاتھ میں انگوٹھی کسی اُنگلی میں تنگ ہے اس کو خوب پھرا کر اس کے اندر پانی پہنچائے مگر پاؤں نہ دھوئے بجائے کلی کے اگر رمضان کا مہینہ یا روزہ نہ ہو تو غرارہ کرے اور اگر روزہ ہے تین مرتبہ کلی کرنا کافی ہے پھر بدن پر تین مرتبہ پانی بہائے۔ اگر نہانے کی جگہ پانی جمع ہوتا ہو تو وہاں سے باہر آکر پاؤں دھوئے۔ ورنہ غسل کے ساتھ دھوئے۔

غسل کی نیّت

غسل کی نیّت یہ ہے :-

نَوَيْتُ اَنْ اَغْتَسِلَ مِنْ غُسْلِ الْجَنَابَةِ لِرَفْعِ الْحَدَثِ وَلِاِسْتِبَاحَةِ الصَّلٰوةِ ۔	نیت کرتا ہوں میں یہ کہ غسل کروں میں جنابت واسطے دُور ہونے ناپاکی کے اور مباح ہونے نماز کے

یہ نیت تمام غسلوں کے واسطے کافی ہے غسل کرنیوالے کو چاہیے کہ جس قسم کا غسل کرنا ہو اس کا نام لے۔ مثلاً احتلام کا غسل ہے تو یوں کہے اَغْتَسِلُ مِنْ غُسْلِ الْاِحْتِلَامِ لِرَفْعِ الْحَدَثِ غسل کرنے والے کو چاہیے کو شروع غسل

کے وقت کہے غسل کرتا ہوں واسطے دُور ہونے جنابت کے واسطے رفع ہونے حدث اکبر کے اور تمام بدن پر سر سے پاؤں تک تین مرتبہ پانی بہائے۔

غسل کے بعد پڑھنے کی دُعا

اور جب غسل سے فارغ ہو یہ دُعا پڑھے:۔

اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِیْ مِنَ النِّفَاقِ وَ حَصِّنْ فَرْجِیْ مِنَ الْفَوَاحِشِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَخْرَجَ عَنِّیْ مَا یُؤْذِیْنِیْ وَ اَمْسَکَ فِیْمَا یَنْفَعُنِیْ غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَ اِلَیْکَ الْمَصِیْرُ ؕ	(ترجمہ) اے اللہ پاک کر دل میرا نفاق سے اور امان میں رکھ بدن میرا برائیوں سے تعریف اس اللہ کی جس نے نکالا مجھ سے اس چیز کو جو مجھ کو تکلیف دیتی تھی اور روکا یا اس چیز کو جو مجھ کو نفع دے مجھ کو بخش اے رب تیرا اور طرف تیرے پھرنا ہے۔

اگر یہ دُعا یاد نہ ہو تو کلمہ شہادت کافی ہے۔ اگر پانی میسر نہ ہوئے تو تیمم کرے تیمم کی ترکیب ہم وضو کے ساتھ بیان کریں گے۔

عابد:۔ (استاد کی طرف مخاطب ہو کر) اس سے پہلے کہ آپ ہم کو وضو کرنا سکھائیں یہ بتلا دیجئے کہ وضو میں کتنے فرض کتنی سنت اور کتنے مستحب ہیں اور کس وجہ سے وضو مکروہ اور کونسی وجہ سے فاسد ہو جاتا ہے۔

وضو کا بیان

اُستاد:۔ وضو میں چار فرض ہیں (۱) تمام منہ کا (۲) دونوں ہاتھ کہنی

Marfat.com

سمیت دھونا (۳) دونوں پاؤں ٹخنے سمیت دھونا۔ (بال برابر خشک نہ رہے۔)
(۴) مسح کرنا چوتھائی سر کا۔ (ان میں اگر کچھ کمی رہے گی وضو نہ ہوگا)۔

اور تیرہ سنّت ہیں (۱) نیت کرنا (۲) دونوں ہاتھ پہنچے تک دھونا (۳) بسم اللہ پڑھنا (۴) مسواک کرنا (۵) کلی کرنا (۶) ناک کو پانی سے صاف کرنا (۷) ہر عضو کو تین تین بار دھونا (۸) ڈاڑھی میں انگلی سے خلال کرنا (۹) انگلیوں میں خلال کرنا (۱۰) تمام سر کا مسح کرنا (۱۱) کانوں تک مسح کرنا (۱۲) ہر عضو کا پے در پے دھونا یعنی ایک نہ سوکھنے پاسے دوسرا دھو ڈالے (۱۳) رعایت ترتیب کرنا۔ ان میں اگر کسی میں کمی ہوگی نماز کی فضیلت میں نقصان ہے۔

مستحبات وضو

مستحب وضو کے پندرہ ہیں۔ (۱) بسم اللہ۔ الحمد للہ کہنا (۲) منہ قبلہ کی طرف کرنا (۳) داہنی طرف سے شروع کرنا (۴) کلمۂ شہادت اور درود شریف پڑھنا (۵) اگر ہاتھ میں انگوٹھی ہو اس کو پھرانا (۶) گردن کا مسح کرنا (۷) ہر عضو پہ ہاتھ پہنچانا (۸) موچھ اور ابرو اور گوشۂ چشم میں تری کرنا (۹) سر کے آگے کی طرف مسح کرنا (۱۰) زبان سے نیت کہنا (۱۱) اپنے آپ وضو کرنا (۱۲) وضو کا پانی بچا ہوا کھڑے ہوکر پینا (۱۳) وضو کا شکر ادا کرنا (۱۴) ہر نماز کے واسطے تازہ وضو کرنا (۱۵) بعد وضو کے کلمۂ شہادت اور انّا انزلنا پڑھنا اگر ان میں سے کوئی کم ہوا فضیلت میں کمی ہوگی۔

مکروہات وضو۔ وضو میں مکروہ چودہ ہیں۔ (۱) بغیر دھوئے برتن میں ہاتھ ڈالنا۔

Marfat.com

(۲) وضو میں دُنیا کی بات کرنا۔ (۳) پانی بہت کم خرچ کرنا (۴) پانی چہرہ پہ سختی سے ڈالنا۔ (۵) آفتاب سے گرم ہوئے پانی سے وضو کرنا (۶) داہنے ہاتھ سے ناک صاف کرنا (۷) استنجا کی جگہ وضو کرنا (۸) آنکھ اور لب کا وضو میں سخت بند کرنا (۹) ناپاک جگہ وضو کرنا (۱۰) پیشاب کی جگہ استنجا کرنا (۱۱) کلی اور ناک میں بائیں ہاتھ سے پانی ڈالنا (۱۲) لوٹا اپنے وضو کے واسطے خاص کرنا (۱۳) تین بار سے کم دھونا (۱۴) استنجے کے رومال سے اعضا صاف کرنا۔

مفسدات وضو

وضو تین چیزوں سے فاسد ہو جاتا ہے (۱) بول و براز و حدث وغیرہ یعنی ریح خارج ہونا یا خون یا پیپ اگر بہنے لگے (۲) سونا (۳) نماز میں قہقہہ

فرض اور سنّت اور واجب کی تعریف

محمود:۔ فرض کس کو کہتے ہیں اور سنّت اور مستحب اور واجب کی کیا تعریف ہے۔

اُستاد:۔ فرض وہ ہے جو ثابت ہوا ہو ایسی دلیل یقینی سے کہ جس میں کچھ شک نہ ہو۔ اسکے عمل کرنے سے ثواب ہوتا ہے اور ترک کرنے سے عذاب اور اس سے انکار کرنا سب کے نزدیک کفر ہے اس کی مثال رمضان شریف کا روزہ رکھنا اور پانچوں وقت کی نماز پڑھنا۔

واجب

وہ ہے جو ثابت ہوا ہو ایسی دلیل سے جس میں کچھ شبہ ہو اس پر عمل کرنے

Marfat.com

سے ثواب اور ترک کرنے سے عذاب ہوتا ہے لیکن انکار کرنا اُس کا کفر نہیں ہے مثلاً نماز وتر وغیرہ۔

سُنّت

وہ ہے کہ جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ کیا ہے مگر ایک یا دو بار اُسے ترک کیا ہو عمل اس کا ثواب اور ترک اس کا موجب توبیخ ہے۔ مثال اس کی سنّت نماز فجر کی وغیرہ۔

مُستحب

وہ ہے جسے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کیا ہے اور کبھی نہیں لیکن مشائخوں نے اس کو بہتر جانا ہے کرنے سے اُس کے ثواب ہوتا ہے اور نہ کرنے سے عذاب بھی نہیں۔ مثال اس کی سنّت عصر ہے۔

وضو کی نیت

وضو کی نیت: ۔ نَوَیْتُ اَنْ اَتَوَضَّأَ لِرَفْعِ الْحَدَثِ وَاِسْتِبَاحَۃِ الصَّلٰوۃِ تَقَرُّبًا اِلَی اللہِ تَعَالٰی بِسْمِ اللہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی دِیْنِ الْاِسْلَامِ اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَالْکُفْرُ بَاطِلٌ ط

(ترجمہ) وضو کی نیت کی میں نے واسطے دور ہونے حدث کے اور درستی نماز کے دراں حالیکہ تقرب ڈھونڈنے والا ہوں طرف اللہ تعالیٰ کے شروع کرتا ہوں میں خدائے بزرگ و برتر کے نام شکر ہے خدا کا کہ مجھے دین اسلام میں داخل کیا اسلام سچا ہے

اور کفر چھوٹا ہے۔

وضو سے فارغ ہو کر قبلہ رو کھڑا ہو اور آسمان کی طرف منہ کر کے تین بار کہے۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ پھر نیچی نظر کر کے پڑھے اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِىْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِىْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ط

پانی نہ ملنے کی صورت میں تیمم کر لینا چاہیے

اگر پانی بہم نہ پہنچے اور اس کے دستیاب ہونے پر قدرت نہ ہو لیکن شرط یہ ہے کہ چھ ہزار گز کے فاصلہ سے کم نہ مل سکے (اگر شرعی گز ...۶ تصور کریں اور شرعی گز ایک ہاتھ یعنی نصف گز مروجہ کا ہو اور ایک میل ۱۷۶۰ گز مروجہ کا اور ۸ فرلانگ کا میل اور ۲۲۰ گز مروجہ کا ایک فرلانگ ہوتا ہے تو بروئے حساب فاصلہ ۶۰۰۰ گز مذکورہ ایک میل ۵ فرلانگ ۲۰ گز ہوتا ہے) یا غسل اور وضو نہ کر سکے اس وجہ سے کہ یقین کامل ہو کہ اگر وضو کروں گا یا غسل کروں گا تو بیماری زیادہ ہو جائیگی یا تندرست آدمی کو یقین ہو کہ بیماری پیدا ہو جائے گی یا سردی اس قدر ہو کہ پانی کے استعمال سے مرنے کا احتمال ہو یا بیمار ہو جانے پر یقین ہو تو ایسی صورت میں تیمم کرنا چاہیے۔

تیمم کی نیت

اَتَيَمَّمُ لِرَفْعِ الْحَدَثِ تیمم کرتا ہوں واسطے دور ہونے ناپاکی کے

اس کے بعد ایک مرتبہ زمین پر دونوں ہاتھ مارے اور منھ پر جہاں تک وضو کرنے

ہیں دھوتے ہیں) پھیرے اور پھر دوسری مرتبہ دونوں ہاتھ زمین پر مار کر دونوں ہاتھوں کو کہنی تک ملے۔ تیمم غسل اور وضو کا ایک ہی ہے۔ نماز سے پہلے تیمم کرنا روا ہے اور اس سے جو چاہے پڑھے۔ جو چیز وضو کو توڑتی ہے تیمم کو بھی توڑتی ہر ہر ایک پاک چیز جو زمین کی قسم سے ہے اس پر تیمم کرنا درست ہے۔

شاگرد۔ جناب وضو کے مسائل اور اس کی ترکیب ہم کو معلوم ہو گئی اب نماز کے مسائل اختصار کے طور پر بتا دیجیے۔

اُستاد (حامد) اس سے پہلے کہ ہم تم کو نماز کے مسائل بتائیں۔ پہلے فجر کی نماز کا وقت بتلا دیں تاکہ تم کو معلوم ہو جائے کہ نماز کس وقت سے کس وقت تک ادا کرنی چاہیے۔ اور فجر کے وقت کے حوائج ضروری کو کس طرح پر انجام دینا چاہیے

صبح اوّل وقت اُٹھنے کی فضیلت

صبح اوّل وقت نیند سے اُٹھنے کی فضیلت بہت سی ہیں اور اس میں بہت سے فوائد ہیں۔ اگر ہم اُن کو پوری تفصیل کے ساتھ بیان کریں تو ایک جُدا گانہ رسالہ بن جائے لیکن صرف اتنا بیان کرنا کافی ہے کہ فجر کا اوّل وقت اُٹھنا بہت مذہب والوں کے نزدیک بہت ہی افضل مانا گیا ہے۔ اب تم خیال کر لو۔ کہ جس بات کی سب دینوں میں افضلیت ہو وہ کیسا قابل قدر ہے فجر کے وقت مؤذن کی اذان دینے سے پیشتر چار بجے سے اُٹھنا چاہیے۔ تاکہ حوائج ضروری سے نماز سے پہلے فارغ ہو جاؤ۔ فجر کی نماز کا وقت صبح صادق سے شروع ہوتا ہے اور آفتاب کے نکلنے سے پہلے تک باقی رہتا ہے۔ اوّل

علی الصباح اُٹھ کر بشرط ضرورت پائیخانہ میں جائے اور تین یا پانچ یا سات ڈھیلے مٹی کے ہمراہ لے جائے پہلے بایاں پاؤں آگے رکھے اور یہ دُعا پڑھے :۔

پاخانہ جانے سے پہلے پڑھنے کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ۔ (ترجمہ :۔ یا اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے جنوں سے اور ناپاک جنات سے)

پھر قدمچہ پر بیٹھ کر اپنے کپڑوں کو ہوشیاری سے سمیٹے رہنا چاہئیے جب فارغ ہو تو ڈھیلے اس طرح لے کہ پہلے ایک ڈھیلہ آگے سے پیچھے کو لے جائے اور پیچھے سے آگے کو لائے اسی طرح جتنے ڈھیلے ہوں تمام ہو جائیں۔ ایک ڈھیلہ لیکر بخیال قطرہ پیشاب تھوڑی دیر تک ٹہلے جب قطرہ آنے سے اطمینان ہو جائے علٰحدہ جگہ میں طہارت کرے داہنے ہاتھ سے لوٹا پکڑے اور بائیں ہاتھ سے مقام براز دھوئے اور پھر ہاتھ دھوئے اسی طرح تین مرتبہ صاف کر کے دُھوئے۔ جب طہارت سے فارغ ہو تو یہ کہے۔ غُفْرَانَکَ (ترجمہ) مانگتا ہوں تیری بخشش اور اگر پیشاب کی حاجت ہو تو پیشاب کرے لیکن ان باتوں کی احتیاط ہونی چاہئیے۔

دس جگہ پیشاب کرنے کی ممانعت

دس جگہ پیشاب کرنا منع ہے۔ ہر مسلمان کو چاہئیے کہ اس سے پرہیز کرے (۱) کعبہ شریف کی طرف سے منہ کر کے پیشاب نہ کرنا چاہئیے۔ (۲) جدھر آفتاب ہو (۳) جدھر چاند روشن ہو (۴) راستہ میں جہاں نمازی آدمی کا گذر ہو (۵) درخت

میوہ دار کے نیچے۔ (۶) جہاں مسلمانوں کی قبریں ہوں (۷) دریا میں (۸) جہاں راکھ کا ڈھیر ہو۔ کیونکہ ایسی جگہ بھوت اور بلا رہتے ہیں (۹) سخت زمین پر کہ وہاں سے چھینٹ پڑنے کا احتمال ہے (۱۰) سوراخ میں کیونکہ اس میں طرح طرح کے احتمال ہیں۔ بعد پیشاب سے فارغ ہونیکے ڈھیلے سے استنجا کرو اور پھر پانی سے طہارت کرو۔ جب ان ضروری حاجتوں سے فارغ ہو جاؤ تو وضو کرو (جیسا کہ ہم اوپر بیان کر چکے ہیں) اور بعد وضو کرنے کے اذان کے منتظر رہو۔

اذان

جب مؤذن اذان کہے متوجہ ہو کر سنو۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ط اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ط اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ط حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ط حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ط حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ط	(ترجمہ) خدا بہت بڑا ہے خدا بہت بڑا ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شبہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم رسول خدا کے ہیں۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم رسول خدا کے ہیں نماز کو آؤ نماز کو آؤ نجات کو آؤ نجات کو آؤ خدا بہت بڑا ہے خدا بہت بڑا ہے نہیں کوئی معبود سوا اللہ کے

اور فجر کے وقت کی اذان میں حَیَّ عَلَی الْفَلَاح کے بعد دو مرتبہ اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ

النَّوم ط کہنا چاہیے (یعنی نماز نیند سے بہتر ہے) اور اذان سننے والے کو چاہیے کہ مؤذن کا جواب دے یعنی جیسا مؤذن کہے ایسا ہی سننے والا کہنا چاہیے جب مؤذن کہے حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ۔ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ تو اس کے جواب میں یہ کہنا چاہیے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ط جب اذان تمام ہو جائے تو بعد درود شریف پڑھنے کے یہ دعا پڑھے۔

اذان کے بعد پڑھنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَہٗ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ط

(ترجمہ) اے اللہ اے پروردگار اس پکار پورے کے اور نماز قائم کے دے تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ اور بزرگی اور درجہ بلند اور اٹھا مقام محمود میں جیسا کہ وعدہ کیا ہو تو نے اور ہمارے نصیب کر شفاعت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی حساب کے دن تحقیق تو نہیں کرتا وعدہ خلاف۔

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص جواب اذان جیسا کہ ابھی بتا چکے ہیں نہ کہے گا تو مرتے وقت کلمۂ شہادت پڑھنے میں اس کی زبان گراں ہو گی اور اقامت کا جواب نہ کہے گا تو قیامت کے دن رب العزت سے سجدہ کا حکم ہو گا تو یہ شخص سجدہ نہ کر سکے گا۔ اور یہ بھی حدیث شریف میں آیا ہے کہ اذان کہو اگرچہ تم کو منع کریں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مؤذن نجات پائے گا آگ سے اور بخشا جائے گا اور جواب دینے والا بھی بخشا جائے گا بعض کتب فقیہ

Marfat.com

میں لکھا ہے کہ جواب اذان کے سننے والے پر واجب ہے اگرچہ غسل کی حاجت رکھتا ہو اور اذان بے وضو پڑھنا جائز ہے مگر تکبیر بے وضو مکروہ ہے۔ اذان غلط پڑھنا بڑا گناہ ہے جس محلہ میں غلط اذان پڑھی جائے اُس پہ وبال آئے۔ اذان سنتے ہی بہت جلد سب کام چھوڑ کر مسجد کو روانہ ہو اور نماز کے واسطے مستعد ہو جاؤ۔

ترکیب نماز

اوّل مُصلّے پر کھڑے ہو کر کہے اِنِّیْ وَجَّھْتُ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ ط پھر قبلہ کی طرف منہ کر کے سیدھا کھڑا ہو اور اس طور سے نیت کرے۔

فجر کی دو سُنّتوں کی نیت

نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالیٰ صَلٰوۃَ سُنَّۃِ الْفَجْرِ مُتَوَجِّھًا اِلیٰ جِھَۃِ الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط

(ترجمہ) نیت کرتا ہوں میں ادا نماز اللہ تعالیٰ کے واسطے دو رکعت نماز سنت فجر کی متوجہ ہو کر طرف کعبہ شریف کے اللہ اکبر

اللہ اکبر کہتے ہوئے دونوں ہاتھوں کی اُنگلیاں کُشادہ اُٹھاتے ہوئے کانوں کی لو تک لائے دونوں انگوٹھے کانوں کی لو کو چھو جائیں پھر کان کی لو کے نیچے دونوں ہاتھوں کو باندھے عورتیں کندھے تک ہاتھ اُٹھائیں اور سینہ پر باندھیں اس طرح سے کہ بایاں ہاتھ نیچے رکھیں اور داہنا ہاتھ اوپر رکھیں۔ داہنا ہاتھ بائیں ہاتھ کے پہنچے کو حلقہ باندھ لے انگوٹھے اور چھوٹی اُنگلی سے

حلقہ باندھے اور باقی تین انگلیاں برابر اوپر رہیں اور نگاہ سجدہ کی جگہ پر رہے ادھر اُدھر نہ دیکھے پہلے یہ دُعا پڑھے۔

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(ترجمہ) یعنی ساتھ پاکی کے یاد کرتا ہوں میں تجھ کو اے اللہ میرے اور ساتھ تعریف تیری کے اور بہت خوبیوں کا ہے نام تیرا اور بہت بڑا ہے مرتبہ تیرا نہیں کوئی لائق بندگی کے سوائے تیرے پناہ مانگتا ہوں میں ساتھ اللہ کے شیطان راندے گئے سے شروع کرتا ہوں میں اللہ کے نام سے جو بہت مہربان ہے نہایت رحم والا۔

پھر سورۃ فاتحہ یعنی الحمد شریف پڑھے اور اس کے ساتھ دوسری سورۃ جو یاد ہو ملائے جب وہ صورت تمام ہو جائے۔

رکوع

اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہتا ہوا رکوع میں جائے یعنی ناف پر سے ہاتھ کھول کر جھک کر دونوں ہاتھوں سے گھٹنوں کو مضبوط پکڑے کہ ہاتھوں میں خم نہ پڑے اور کمر اور سر ہموار رہے اور نظر دونوں پاؤں کے بیچ کی زمین پر رکھے اور یہ تسبیح پڑھے۔

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ ۝ (ترجمہ) پاک ہے پروردگار میرا عظمت والا۔

تین مرتبہ پڑھ کر رکوع سے گھٹنوں پر سے ہاتھ اٹھاتا ہوا۔

سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ ۝ ۔ (ترجمہ) سن لیا اللہ نے اس شخص کی بات کو جس نے اسکی تعریف کی۔ کہتا ہوا سیدھا کھڑا ہو۔

Marfat.com

قومہ

اور ایک بار کہے رَبَّنَا لَکَ الْحَمْد پھر اللہ اکبر کہتا ہوا۔

سجدہ

سجدہ میں جائے اس طرح پر کہ پہلے دونوں گھٹنے زمین پر لگیں پھر دونوں ہاتھ زمین پر رکھے پھر ناک زمین پر لگے اور پھر پیشانی سر کی زمین میں لگے نظر ناک کی طرف رکھے ہاتھ پاؤں کی انگلیاں قبلہ کی طرف رہیں ساتوں عضو سجدہ میں زمین پر لگے رہیں دونوں پاؤں دونوں گھٹنے پاؤں کے دونوں ہاتھ کی انگلیاں (کہنیاں زمین سے اٹھی رہیں) اور سر اس طرح زمین پر لگے کہ ناک اور پیشانی سب زمین سے ملی رہیں ان میں سے اگر ایک بھی زمین سے علحدہ رہے گا تو سجدہ ادا نہ ہوگا۔ سجدہ میں تین بار یہ تسبیح پڑھے سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی (ترجمہ پاک ہے میرا پروردگار بہت بلند) پھر سجدہ سے سر اٹھائے اور دونوں ہاتھ زانوں پر اور داہنے پاؤں کو کھڑا رکھے اور بائیں پاؤں کو داہنے پاؤں کی طرف لیجائے اور نگاہ دل پر رکھے (عورتیں دونوں پاؤں داہنی طرف نکال دیں) اور دوزانو بیٹھکر پھر سجدہ میں جائے اور پہلی مرتبہ جس طرح سجدہ کیا ہے ویسے ہی دوسرا سجدہ کرے اور تین مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی پڑھے۔ پھر اللہ اکبر کہتا ہوا سیدھا کھڑا ہو اور ہاتھ باندھ کر (جیسا پہلی رکعت میں بتایا گیا ہے) بسم اللہ الرحیم کے بعد الحمد شریف پڑھ کر دوسری سورۃ پڑھے اور پھر رکوع میں (جیسے پہلی مرتبہ ادا کیا تھا) کیا جائے اور قومہ

Marfat.com

اور سجدہ جیسے اوپر بتایا گیا ہے۔ ادا کرے۔ دوسری رکعت کے دونوں سجدوں
کے بعد دوزانو بیٹھ کر التحیات پڑھے وہ یہ ہے۔

التحیات

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلٰوٰتُ وَالطَّیِّبَاتُ
اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ
وَبَرَکَاتُہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی
عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ ط اَشْهَدُ اَنْ
لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا
عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ط

(ترجمہ) سب تعریفیں واسطے اللہ کے ہیں اور عبادتیں
اور پاک نذریں، سلامتی ہو تم پر اے نبی (صلی اللہ
علیہ وسلم) اور رحمت اللہ کی اور برکتیں اس کی
اور سلامتی ہو ہم مسلمانوں پر اور خدا کے نیک بندوں
پر میں گواہی دیتا ہوں یعنی اقرار کرتا ہوں اس
بات کا کہ کوئی لائق عبادت نہیں اللہ کے سوا
اور گواہی دیتا ہوں اس بات کی کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) بندے اس کے اور رسول اس کے ہیں۔

پھر یہ درود پڑھے۔

درود شریف

درود ابراہیم۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ
وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی

(ترجمہ) اے اللہ رحمت بھیج محمد پر اور آل محمد صلے
اللہ علیہ وسلم پر جیسی کہ رحمت بھیجی تو نے ابراہیم پر اور
آل ابراہیم پر بیشک تو تعریف کیا گیا بزرگی والا ہے
اے اللہ برکت بھیج محمد پر اور آل محمد پر جیسے کہ
برکت بھیجی تو نے ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر

Marfat.com

الِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝ بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگی والا ہے۔

دعا ماثورہ جو درود شریف کے بعد پڑھنی چاہئے

پھر کوئی دعا پڑھے مثلاً۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ الْاَحْیَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط

(ترجمہ) اے اللہ بخش مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور سب مومن مردوں اور مومن عورتوں کو اور مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو جو ان میں سے زندہ ہوں اور جو ان میں سے مر گئے ہوں اپنی رحمت کیساتھ اے زیادہ تر رحم کرنے والوں سے۔

پھر داہنی طرف منہ پھیر کر کہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ (ترجمہ سلامتی ہو تم پر اور رحمت اللہ کی۔

اسی طرح بائیں طرف منھ پھیرے۔ جب داہنی طرف سلام پھیرے تو دل میں داہنی طرف کے فرشتوں اور نمازیوں کی (اگر جماعت میں شامل ہو) نیت کرے اسی طرح بائیں طرف سے نمازی اور فرشتوں کی نیت کرے اور امام کی نیت کرے جس طرف امام ہو۔ اگر جماعت کے ساتھ شامل نہ ہو تنہا ہو تو فرشتوں کی نیت کرے۔ بعد سنتیں پڑھنے کے دو رکعت فرض فجر کی پڑھے اس کے واسطے اور نیز سب فرضوں کے واسطے جماعت سے پڑھنا افضل ہے اس واسطے جہاں تک ممکن ہو سکے فرضوں کو مسجد جا کر جماعت سے ادا کرے۔ اس لئے کہ فرض نمازوں کو مسجد میں جماعت کے ساتھ ادا کرنا واجب ہے

باجماعت نماز ادا کرنے کے فضائل

فرمایا رسول اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے کہ جو شخص پانچوں وقت جماعت سے نماز پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو پانچ چیز عطا فرمائے گا۔

(۱) قبر کے عذاب سے بچائے گا (۲) رزق کی تنگی اتنی نہ ہوگی جس سے پریشان ہو اور سرگرداں پھرے (۳) ایمان کے نور سے نمازی کا چہرہ منور ہوگا (۴) نمازی کے داہنے ہاتھ میں فرشتے نامۂ اعمال دیں گے (۵) پُل صراط کے راستہ سے نمازی بجلی کی طرح صاف پار ہوگا اور بے حساب بے عذاب بہشت میں داخل ہوگا۔ حدیث شریف میں آیا ہے۔

صَلوٰۃُ الرَّجُلِ فِی الْجَمَاعَۃِ تَزِیْدُ عَلٰی صَلوٰۃِ وَحْدَہٗ بِمِائَۃٍ وَعِشْرِیْنَ دَرَجَۃً ط

(ترجمہ) نماز جماعت سے پڑھنا تنہا آدمی کی نماز سے ایک سو بیس درجہ افضل ہے۔

اور یوں بھی حدیث شریف میں وارد ہوا ہے کہ جو شخص چالیس روز تک جماعت سے نماز ادا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو آتشِ دوزخ سے نجات دے گا۔

علاوہ اس کے گھر میں یا اور جگہ نماز پڑھنے سے ایک نماز کا ثواب ملتا ہے اور مسجد میں پچیس نماز کا اور جامع مسجد میں ۵۰۰ نماز کا ثواب ملتا ہے الغرض یہ خوب جان لے کہ مسجد میں جماعت سے نماز پڑھنا اسلام کا شعار ہے

تکبیر

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ط اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ط حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ط قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ ط قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ط

اگرچہ اذان بھی اسی طرح ہے لیکن اتنا فرق ہے کہ اذان کو ٹھہرا ٹھہرا کر کہتے ہیں اور تکبیر جلد جلد کہی جاتی ہے حی علی الفلاح کے بعد تکبیر میں دو مرتبہ قد قامت الصلوٰۃ اضافہ کر دیتے ہیں اور جب مقتدی قد قامت الصلوٰۃ سنیں تو اَقَامَهَا اللّٰہُ وَاَدَامَهَا کہیں اور تکبیر کو بھی ساتھ ساتھ تکبر کے شروع سے آخر تک کہیں بعد تکبیر کے دو رکعت نماز فرضوں کی اس طرح نیت کرے۔

فجر کے فرضوں کی نیت

نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی رَکْعَتَیْنِ مِنْ صَلٰوۃِ الْفَجْرِ فَرْضَ اللّٰہِ تَعَالٰی مُتَوَجِّهًا اِلَی الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط

(ترجمہ) نیت کرتا ہوں واسطے ادائے نماز کے اللہ تعالیٰ کے واسطے دو رکعت نماز فجر فرض اللہ تعالیٰ کے متوجہ ہو کر طرف کعبہ شریف کے اللہ اکبر۔

اور اگر امام کے پیچھے کھڑا ہو تو اِقْتَدَیْتُ بِهٰذَا الْاِمَامِ (ترجمہ) اقتدا کی میں نے ساتھ امام کے۔ یہ کہہ کر متوجہا تا آخر کہے۔ پھر یہ دونوں رکعتیں اسی ترکیب سے پڑھے جیسا کہ ہم نے اوپر سنتوں میں پڑھا جانا بتایا ہے اگر امام کے ساتھ جماعت میں شریک ہے تو نیت باندھ کر (سبحانک اللھم الخ) پڑھ کر خاموش امام کی قراءت سنے اور امام کی اقتدا کرے۔ جب سلام پھیر چکے تو ایک بار آیت الکرسی پڑھے

اس لئے کہ فجر کے فرض کے بعد سنتیں نہیں اور جن فرضوں کے بعد سنتیں ہیں مثلاً عشاء اور ظہر تو ان کی سنتوں کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے

آیۃ الکرسی

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ط یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ط وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ط

پانچوں نمازیں جب مع نفلوں کے پڑھ چکے تو ان کے بعد اس دعا کو پڑھنا چاہیے۔

نمازوں کے بعد پڑھنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ اِیْمَانًا مُّسْتَقِیْمًا وَّفَضْلًا دَآئِمًا وَّنَظَرًا رَحْمَۃً وَّعِلْمًا نَافِعًا وَّعَقْلًا کَامِلًا وَّقَلْبًا مُّنَوَّرًا وَّتَوْفِیْقًا اِحْسَانًا وَّتَوْبَۃً نَّصُوْحًا وَّصَبْرًا جَمِیْلًا وَّاَجْرًا عَظِیْمًا وَّلِسَانًا ذَاکِرًا وَّبَدَنًا صَابِرًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّسَعْیًا مَّشْکُوْرًا وَّذَنْبًا مَّغْفُوْرًا وَّعَمَلًا مَّقْبُوْلًا وَّدُعَآءً مُّسْتَجَابًا وَّجَنَّۃَ الْفِرْدَوْسِ نَعِیْمًا وَّمُقِیْمًا بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۔ سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ

(ترجمہ) خدایا تحقیق ہم مانگتے ہیں تجھ سے ایمان مستقیم اور فضل دائم اور نظر رحمت اور علم نافع اور عقل کامل کا اور دل روشن اور توفیق نیکی کرنے کی اور توبہ مقبول اور صبر نیک اور اجر بزرگ اور زبان ذاکر اور بدن صابر اور روزی کشادہ اور کوشش مشکور اور گناہ مغفور ہونے والے اور عمل مقبول اور دعائے مستجاب اور جنت فردوس اور کو نعمت کے جگہ رہنے کی رحمت سے تیری اے بڑے رحم کرنے والے اور درود ہو جو اللہ کا بہترین خلائق حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور اصحاب پر پورا پورا کہ ۔

الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

رب تیرا صاحب عزت کا بلند ہو صفتوں سے اور سلام تمام نبیوں پر اور سب تعریف خدا کیلئے ہے کہ تمام عالموں کا رب ہے۔

بعد فارغ ہونے نماز کے اگر فرصت ہو تو طلوع آفتاب تک مصلے پر بیٹھا رہے اور ذکر الٰہی میں مشغول رہے ورنہ کم سے کم سوبار کلمۂ طیب پڑھ لے۔

کلمۂ طیب

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اس کا بہت بڑا ثواب ہے فجر کی نماز کے بعد آفتاب نکلنے تک کوئی نفل نماز نہ پڑھے اگر نوافل پڑھنے کا شوق ہو تو رات میں تہجد کی نماز پڑھے اور دو رکعت نماز کی نیت کرے اور کم از کم چھ رکعات پڑھے اس نماز کی حدیث شریف میں بڑی فضیلت آئی ہے اور فجر کے فرض سے پہلے سوائے دو سنتوں کے نفل نماز نہ پڑھے، بعد طلوع آفتاب کے نماز اشراق تلاوت کلام مجید میں مصروف ہو جیسا کہ ہم آگے بیان کریں گے چونکہ پنجگانہ نماز فرائض کے سلسلہ میں نقص واقع ہوگا اس لیے نماز تہجد اور نماز اشراق کا مع ان کے فضائل کے آگے بیان کیا جائے گا۔

حامد۔ سایۂ اصلی کی مقدار اگر حضور سمجھا دیں تو ہم کو بہت آسانی ہو۔

استاد۔ (حامد) سایہ کی شناخت کے واسطے اگرچہ علماء نے بہت شرح کے ساتھ تدبیریں لکھی ہیں لیکن ہم بنظر طوالت (جو ہمارے اصول کے خلاف ہے) ایک آسان تدبیر تم کو بتلائے دیتے ہیں وہ تدبیر یہ ہے۔

ظہر کے وقت کی شناخت۔ دیکھو جب تم کو سایہ دیکھنا منظور ہو تو صاف ہموار زمین پر

Marfat.com

ایک دائرہ بناؤ اس کے محیط (یعنی گھیرے) میں ایک طرف سے (چاروں سمت قائم کر کے) یعنی ایک سمت مشرق کی طرف ایک نقطہ بیچ دائرہ میں اور اس کے ٹھیک سامنے مغرب کی طرف ایک نقطہ لگاؤ اب ان نقطوں کے دائرہ کے بیچ سے جہاں پرکار کا پاؤں رہتا ہے جسے نقطۂ مرکز کہتے ہیں ایک خط کھینچو۔ اس خط یعنی لکیر کا نام قطر مشرقین ہے۔ اب اسی طرح شمال اور جنوب میں نقطہ لگا کر اور دائرہ کے بیچ سے لکیر کھینچو۔ اس لکیر کو قطر شمالی اور جنوب کی طرف والی کو خط نصف النہار (یعنی دوپہر کی لکیر) کہتے ہیں اس کے بعد ایک لکڑی سیدھی جسے (مقیاس) کہتے ہیں قطر سے چوڑی لیکن چوتھائی سے کم نہ ہو۔ مرکز میں نصب کرو اب اس کے سایہ کو دیکھو۔ دوپہر سے پہلے پہلے دائرہ سے نکلا ہوا رہے گا۔ پھر جب قدر آفتاب بلند ہوتا جائے گا وہ سایہ کم ہوتا جائے گا یہاں تک کہ دائرہ کے بیچ میں ہو کر جب خط نصف النہار پر آئے تو ٹھیک اس دوپہر کا وقت سمجھنا چاہیے اس وقت میں جو مقدار سایہ کی ہو وہ ہی سایہ اصلی ہے اس کے ڈھلنے کے بعد ظہر کا وقت شروع ہو جاتا ہے۔

دیکھو نقشہ



ایک دائرہ بناؤ اور اس کے مرکز پر یعنی بیچوں بیچ ایک لکڑی مخروطی یعنی گاجر کی شکل کی جو نیچے سے موٹی اوپر سے پتلی نوک دار ہو سیدھی کھڑی کرو جو قطر سے چھوٹی لیکن چوتھائی سے کم نہ ہو۔ صبح کے وقت اس لکڑی کا سایہ دائرہ سے باہر ہوگا جب کم ہوتا ہوا دائرہ پر پہنچے تو اس جگہ ایک نقطہ لگا دو اس کو نقطہ داخلی کہتے ہیں اور دوپہر کے بعد سایہ بڑھتا ہوا پھر دائرہ پر پہنچے گا اس وقت پر ایک نقطہ لگا دو۔ اس کو نقطہ خارجی کہتے ہیں۔ اب دونوں نقطوں کے درمیان ایک خط کھینچو اور اس خط کے بیچ میں ایک نقطہ لگا دو اس بیچ کے نقطہ سے مرکز تک ایک خط کھینچو، یہ ہی خط نصف النہار کا خط ہے اس خط پر جب سایہ آئے گا وہی سایہ اصلی ہوگا۔

ظہر کا وقت ہونے کے بعد پہلے تکبیر اذاں کہے پھر چار رکعات سنت پڑھے۔

ظہر کی چار سنتوں کی نیت

نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی اَرْبَعَ رَکَعَاتِ صَلٰوۃِ الظُّھْرِ سُنَّۃَ رَسُوْلِ اللّٰہِ مُتَوَجِّھًا اِلَی الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط	(ترجمہ) نیت کرتا ہوں میں نماز پڑھنے کی واسطے اللہ تعالیٰ کے چار رکعت نماز ظہر کی سنت رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) متوجہ ہو کر کعبہ شریف کی طرف اللہ اکبر۔

یہ چاروں رکعتیں بھری ہوئی پڑھی جاتی ہیں۔ یعنی ہر رکعت کے ساتھ میں الحمد شریف کے ساتھ دوسری سورت ملا کر پڑھی جاتی ہے جب چاروں سنت پڑھ چکے چار فرضوں کی نیت کرے۔

Marfat.com

ظہر کے چار فرضوں کی نیت

نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی اَرْبَعَ رَکْعَاتِ صَلٰوۃِ الظُّہْرِ فَرْضًا اللّٰہِ تَعَالٰی ھٰذَا الْوَقْتِ مُتَوَجِّھًا اِلَی الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَللّٰہُ اَکْبَرُط

(ترجمہ) نیت کرتا ہوں میں واسطے ادا کے نماز کے اللہ تعالیٰ کے واسطے چار رکعت نماز ظہر فرض اللہ تعالیٰ کے اس وقت کے متوجہ ہو کر کعبہ شریف کی طرف اللہ اکبر۔

فرضوں کی دو رکعت بھری اور دو خالی پڑھی جاتی ہیں۔ یعنی دو رکعتوں میں الحمد شریف کے ساتھ دوسری سورۃ ملائی جائے گی۔ اور آخری دو رکعتوں میں فقط الحمد شریف ہی پڑھی جائے گی اور بعد سلام پھیرنے کے یہ دُعا پڑھنی چاہیے۔

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

(ترجمہ) اے رب ہمارے دے تو ہم کو دُنیا میں بہتری اور آخرت میں بہتری اور بچا تو ہم کو عذاب دوزخ سے۔

فرضوں کے بعد دو سنتیں پڑھے۔

ظہر کی دو سنتوں کی نیت

نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰے رَکْعَتَیْنِ صَلٰوۃِ الظُّہْرِ سُنَّۃَ رَسُوْلِ اللّٰہِ مُتَوَجِّھًا اِلٰی۔

(ترجمہ) نیت کرتا ہوں میں واسطے ادا کے نماز کے اللہ تعالیٰ کے واسطے دو رکعت نماز ظہر سنت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے متوجہ ہو کر

Marfat.com

اَلْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اللّٰہُ اَکْبَرُ ط کعبہ شریف کی طرف اللہ اکبر۔

حامد (شاگرد سے مؤدب) حضرت ظہر کا وقت کس وقت تک رہتا ہے۔

اُستاد (پیارے حامد) آسان سے آسان شناخت یہ ہے کہ سایہ اصلی کے بعد سے دو مثل تک عمدہ وقت ظہر کا رہتا ہے لیکن جہاں تک ممکن ہو سکے سردیوں میں اول وقت نماز پڑھے اور گرمیوں میں دھوپ ٹھنڈی ہونے کے بعد ظہر پڑھنے کی فضیلت ہے۔

عصر کیوقت کی شناخت

جب دوچند سایہ ہو جائے عصر کا وقت شروع ہو جاتا ہے اور آفتاب کے زرد ہونے تک باقی رہتا ہے لیکن اس نماز کا بہت ہی خیال رکھنا چاہیے کہ وقت نہ گزر جائے لیکن سورج میں زردی آنے سے پہلے افضل ہے اس کے واسطے تاکید آتی ہے اللہ تعالیٰ اپنے کلام پاک میں دوسرے پارہ سورہ بقر کے ۳۰ رکوع میں ارشاد فرماتا ہے۔

حَافِظُوْا عَلَی الصَّلٰوتِ وَالصَّلٰوۃِ الْوُسْطٰی (ترجمہ) خبردار ہو تم نمازوں سے اور بیچ والی نماز سے۔

صلوٰۃ الوسطیٰ کی شناخت

اصغر۔ جناب صلوٰۃ الوسطیٰ کونسی نماز ہے اور کس وقت کی نماز کو صلوٰۃ وسطیٰ کہتے ہیں۔

اُستاد۔ صلوٰۃ وسطیٰ میں اختلاف ہے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

Marfat.com

تعالیٰ عنہ، اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت بی بی عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا اور بڑے بڑے صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کی روایت کے موافق صلوٰۃ وسطیٰ عصر کی نماز ہے اور اس باب میں ایک حدیث صحیح وارد ہوئی۔

شَغَلُوْنَا عَنِ الصَّلٰوۃِ الْوُسْطٰی (ترجمہ) باز رکھا انہوں نے ہمیں صلوٰۃ وسطیٰ

صَلٰوۃِ الْعَصْرِ — سے کہ نماز عصر ہے۔

اور عصر کی نماز کو صلوٰۃ وسطیٰ یعنی بیچ والی نماز اللہ تعالیٰ نے اس واسطے فرمایا ہے کہ ایک طرف دن کے دو نمازیں ہیں کہ ان دونوں میں سے ایک میں قصر ہے ایک میں نہیں اور دوسری طرف رات کی دو نمازیں ہیں اسی طرح ان میں بھی ایک میں قصر ہے دوسری نہیں یعنی مغرب اور عشار کی نماز عشا میں قصر ہے مغرب میں نہیں۔ اور انس بن مالک اور معاذ بن جبل اور ابوامامہ اور جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہم صحابہ کرام کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ صلوٰۃ وسطیٰ فجر کی نماز ہے اس واسطے کہ رات کی سیاہی اور دن کی سفیدی میں پڑھتے ہیں یا یہ رات کی دو نمازوں اور دن کی دو نمازوں کے بیچ میں پڑھتے ہیں یا اس واسطے کہ اس کے دونوں طرف ایسی نمازیں ہیں کہ قصر کرتے ہیں۔ اور ابن عامر اور اسامہ بن زید اور بعضے اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے قول کے موافق نماز ظہر ہے اس واسطے کہ دن کے بیچ میں پڑھتے ہیں یا اس واسطے کہ دن کی نمازوں کے بیچ میں ہے۔ اور ابن عباس اور قبیصہ بن ذؤیب رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ایک روایت ہے کہ صلوٰۃ الوسطیٰ مغرب کی نماز ہے کیونکہ وہ مقدار کے لحاظ سے اوسط درجہ کی نماز ہے اس

Marfat.com

واسطے کہ فرض نمازوں میں زیادہ سے زیادہ چار رکعتیں ہیں اور کم سے کم دو رکعت ہیں مغرب کی نماز میں تین رکعتیں ہیں تو وہ کم اور زیادہ دونوں کا اوسط ہے یا اس لئے کہ دو اخفائیہ نمازیں (یعنی جن میں چپکے سے قرأت پڑھی جاتی ہے) اُن کے اور دو جہریہ نمازوں کے (جن میں پکار کر قرارت پڑھی جاتی ہے) بیچ میں ہے۔ اور ایک گروہ نماز عشار کو صلوٰۃ وسطےٰ جانتا ہے۔ اس واسطے کہ دو جہریہ نمازوں کے بیچ میں واقع ہوئی ہے کہ رات کی عبادتوں کا آغاز اور انجام دو نمازوں پر ہے یا اس واسطے کہ وہ ایسی دو نمازوں کے بیچ میں ہے کہ دونوں میں قصر نہیں ہوتا۔ غرضکہ عصر کا وقت ایسا ہوتا ہے کہ اس وقت دُنیاداروں کو دُنیا کے جھگڑوں میں مشغولی زیادہ ہوتی ہے اور وقت جاتا ہوا کم معلوم ہوتا ہے لہذا اس نماز کا بہت ہی خیال رکھنا چاہیئے۔

عصر کے چار فرضوں کی نیت

نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی اَرْبَعَ رَکَعَاتِ صَلٰوۃَ الْعَصْرِ فَرْضَ اللّٰہِ تَعَالٰی فَرْضَ ھٰذَا الْوَقْتِ مُتَوَجِّہًا اِلَی الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔

(ترجمہ) نیت کرتا ہوں میں واسطے ادائے نماز کے اللہ تعالیٰ کے واسطے چار رکعت نماز فرض عصر کی فرض اللہ تعالیٰ کے متوجہ ہو کر کعبہ شریف کی طرف۔ اللہ اکبر۔

مغرب کے وقت کی شناخت

عصر کی نماز کے بعد غروب آفتاب تک کوئی نماز نفل یا سنت نہ پڑھنی

چاہئے اور جس وقت آفتاب غروب ہوتا ہے یعنی آفتاب کا کنارہ مغرب میں چھپے سجدہ کرنا حرام ہے اور ایسے ہی جس وقت صبح کو آفتاب کا کنارہ مشرق سے نکلے سجدہ کرنا حرام ہے ضرور احتیاط رکھنی چاہئے اس کے بعد جب سورج غروب ہوگیا اور سیاہی مشرق سے نمودار ہوئی مغرب کا وقت ہوگیا اور غروب آفتاب سے غروب شفق تک مغرب کا وقت ہے اس وقت تین فرض دو بھرے اور ایک خالی پڑھے جاتے ہیں۔

مغرب کے تین فرضوں کی نیت

نَوَيْتُ اَنْ اُصَلِّيَ لِلّٰهِ تَعَالٰى ثَلٰثَ رَكَعَاتِ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ فَرْضَ اللّٰهِ تَعَالٰى مُتَوَجِّهًا اِلَى الْكَعْبَةِ الشَّرِيْفَةِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

(ترجمہ) نیت کرتا ہوں میں واسطے ادائے نماز کے اللہ تعالیٰ کے واسطے تین رکعت نماز مغرب کے فرض اللہ تعالیٰ کے متوجہ ہو کر کعبہ شریف کی طرف اللہ اکبر۔

اس کے بعد دو سنتوں کی نیت کرے۔

مغرب کی دو سنتوں کی نیت

نَوَيْتُ اَنْ اُصَلِّيَ لِلّٰهِ تَعَالٰى رَكْعَتَيْنِ مِنْ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ سُنَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ مُتَوَجِّهًا اِلَى الْكَعْبَةِ الشَّرِيْفَةِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط

(ترجمہ) نیت کی میں نے ادائے نماز کے واسطے اللہ تعالیٰ کے دو رکعت نماز مغرب کی سنت رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) متوجہ ہو کر کعبہ شریف کی طرف اللہ اکبر۔

Marfat.com

پھر دو نفل یا چھ رکعت نوافل اوابین کی دو دو رکعت کی نیت سے ادا کرنی چاہئے۔

مغرب کے دو نفلوں کی نیت

نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی رَکْعَتَیْنِ	(ترجمہ) نیت کی میں نے ادا کرنے نماز کے واسطے
صَلٰوۃَ الْاَوَّابِیْنَ نَفْلِ الْمَغْرِبِ	اللہ تعالیٰ دو رکعت نماز نفل اوابین
مُتَوَجِّہًا اِلَی الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ	مغرب کے متوجہ ہو کر کعبہ شریف کی طرف
اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط	اللہ اکبر۔

عشاء کے وقت کی شناخت

عشاء کے وقت کی شناخت یہ ہے کہ جب غلبہ رات کا ہو جائے یا شفق جاتی رہے اسی وقت سے عشاء کا وقت شروع ہو جاتا ہے اور صبح صادق تک باقی رہتا ہے لیکن آدھی رات کے بعد مکروہ وقت ہے عشاء کی نماز پڑھنے سے پہلے سونا اچھا نہیں رات کی تہائی حصہ گذرنے کے وقت عشاء کے پڑھنے کی فضیلت آئی ہے

عشاء کی چار سنتوں کی نیت

نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی اَرْبَعَ	(ترجمہ) نیت کرتا ہوں میں واسطے ادا کرنے
رَکَعَاتِ صَلٰوۃِ الْعِشَاءِ سُنَّۃَ رَسُوْلِ	نماز چار رکعت سنت عشاء کے سنت رسول
اللّٰہِ مُتَوَجِّہًا اِلٰی جِہَۃِ الْکَعْبَۃِ	اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی واسطے اللہ تعالیٰ

Marfat.com

الشَّرِيْفَةِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط

کے متوجہ ہو کر طرف کعبہ شریف کے اللہ اکبر

عشاء کے چار فرضوں کی نیت

نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰهِ تَعَالٰی اَرْبَعَ رَکَعَاتِ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ فَرْضَ اللّٰهِ تَعَالٰی فَرْضَ هٰذَا الْوَقْتِ مُتَوَجِّهًا اِلَی الْکَعْبَةِ الشَّرِیْفَةِ اَللّٰهُ اَکْبَرُ ط

ترجمہ :۔ نیت کرتا ہوں میں واسطے ادائے چار رکعت نماز عشاء کے واسطے اللہ تعالیٰ کے فرض اس وقت کے متوجہ ہو کر کعبہ شریف کی طرف اللہ اکبر

فرضوں کے بعد دو سنتوں کی نیت

نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰهِ تَعَالٰی رَکْعَتَیْ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ سُنَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ مُتَوَجِّهًا اِلَی الْکَعْبَةِ الشَّرِیْفَةِ اَللّٰهُ اَکْبَرُ ط

ترجمہ :۔ نیت کرتا ہوں میں ادائے نماز کیواسطے اللہ تعالیٰ کے دو رکعت نماز عشاء کی سنت رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی متوجہ ہو کر کعبہ شریف کی طرف۔ اللہ اکبر

تین رکعت نماز وتر کی نیت

نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰهِ تَعَالٰی ثَلٰثَ رَکَعَاتِ صَلٰوةِ وِتْرِ هٰذَا اللَّیْلِ مُتَوَجِّهًا اِلَی الْکَعْبَةِ الشَّرِیْفَةِ اَللّٰهُ اَکْبَرُ ط

ترجمہ :۔ نیت کرتا ہوں میں ادا کرنے نماز کے واسطے اللہ تعالیٰ کے تین رکعت نماز وتر اس رات کے متوجہ ہو کر کعبہ شریف کی طرف۔ اللہ اکبر

وتروں کے پڑھنے کی ترکیب

وتروں کی تینوں رکعت بھری پڑی جائیں گی۔ تیسری رکعت میں جب سورۂ فاتحہ یعنی الحمد شریف پڑھ چکیں اس کے بعد دوسری سورت ملائیں جب وہ ختم ہو جائے تو دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھا کر اللہ اکبر کہے اور پھر دعائے قنوت پڑھے۔ وہ یہ ہے

دعائے قنوت

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَ نَسْتَغْفِرُکَ وَ نُؤْمِنُ بِکَ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ وَ نُثْنِیْ عَلَیْکَ الْخَیْرَ وَ نَشْکُرُکَ وَلَا نَکْفُرُکَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَلَکَ نُصَلِّیْ وَ نَسْجُدُ وَ اِلَیْکَ نَسْعٰی وَ نَحْفِدُ وَ نَرْجُوْ رَحْمَتَکَ وَنَخْشٰی عَذَابَکَ اِنَّ عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ مُلْحِقٌ ؕ

ترجمہ:۔ اللہ ہمارے ہم تجھ سے مدد مانگتے ہیں اور تجھ ہی سے استغفار کرتے ہیں ہم اور تجھ ہی پر ایمان لاتے ہیں اور تجھ ہی پر توکل کرتے ہیں اور ثنا کرتے ہیں ہم تیرے اوپر بہترین ثنا اور شکر کرتے ہیں ہم تیرا، اور نہیں کفر کرتے ہم تیرا، اور نکال دیں گے اور چھوڑ دیں گے ہم اس شخص کو جس نے تیری نافرمانی کی، اے اللہ ہمارے تیری ہی عبادت کرتے ہیں ہم تیری ہی نماز پڑھتے ہیں ہم اور سجدہ کرتے ہیں اور تیری ہی طرف دوڑتے ہیں اور تیری ہی طرف رجوع کرتے ہیں ہم، اور تیری رحمت سے اُمید رکھتے ہیں ہم، اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں ہم، تحقیق تیرا عذاب کافروں سے ملنے والا ہے

وتروں کے بعد دو نفلوں کی ترکیب

اس کے بعد دو نفلوں کی نیت اسی طرح باندھے جیسی کہ ہم نماز مغرب

Marfat.com

میں بتا چکے ہیں صرف نام وقت مغرب کی جگہ وقت عشاء کہنا چاہیئے۔
یاد رکھنا چاہیئے کہ ان پانچوں وقتوں میں سترہ فرض اور بارہ رکعت سنت مؤکدہ اور تین رکعت وتر واجب ہیں ان کو کسی حال میں نہ چھوڑے۔

پانچوں وقتوں میں سترہ فرض ہیں

دو رکعت فرض صبح کے۔ چار فرض ظہر کے۔ چار رکعت فرض عصر کے تین فرض مغرب کے اور چار رکعت فرض عشاء کے۔

سنّت مؤکدہ کی تشریح

بارہ رکعت سنت مؤکدہ ہیں۔ دو رکعت پہلے فرض صبح کے اور چار رکعت قبل فرض ظہر کے اور دو رکعت بعد فرض ظہر کے۔ اور دو رکعت بعد فرض مغرب کے اور دو رکعت بعد فرض عشاء کے اور تین رکعت واجب نماز وتر بعد نماز عشاء کے۔

نماز قضا پڑھنے کی ترکیب

پنجگانہ نماز حتی المقدور قضا نہ کرے۔ بلا ناغہ ادا کرتا رہے اور اگر اتفاقیہ کسی وجہ سے نماز قضا ہو جائے تو اس کو دوسرے وقت قضا کی نیت کر کے پڑھ لے

نماز قضا کی نیت

نیت کرتا ہوں میں واسطے ادائے نماز کے اللہ تعالیٰ کے واسطے

دو رکعت نماز قضا فجر کی متوجہ ہو کر کعبہ شریف کی طرف۔ اللہ اکبر۔

حامد (حضرت) آپ نے ہم کو ترکیبیں بہت ہی آسان بتائیں۔ اب یہ معلوم ہونا ضروری ہے کہ نمازیں کتنے فرض ہیں اور کتنی سُنتیں ہیں، اور کتنے واجب ہیں اور کس وجہ سے نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ اور کن وجوہات سے مکروہ ہوتی ہے۔

فرائض نماز کی تفصیل

اُستاد:۔ نماز میں پندرہ فرض ہیں جن کی تشریح یہ ہے:۔

تشریح فرائض نماز (۱) بدن پاک کرنا (۲) جگہ پاک کرنا (۳) کپڑا پاک کرنا (۴) ستر عورت (۵) وقت پر نماز پڑھنا (۶) قبلہ کی طرف منھ کرنا (۷) اوّل نماز کی نیت کرنا (۸) تکبیر تحریمہ کہنا (۹) قیام کرنا یعنی کھڑا ہونا (۱۰) قرارت یعنی کچھ قرآن شریف پڑھنا (۱۱) رکوع کرنا (۱۲) سجدہ کرنا (۱۳) قعدہ آخر یعنی التحیات کے واسطے بیٹھنا (۱۴) اپنے فعل سے باختیار نماز سے باہر نکلنا (۱۵) جمعہ کی نماز میں خطبہ پڑھنا۔

واجبات نماز کی تفصیل

(۱) الحمد پڑھنا (۲) سورت ملانا (۳) پہلی دو رکعتوں میں قرآن پڑھنا (۴) ارکان نماز کو درست ترتیب سے ادا کرنا (۵) قعدے پہلے میں بیٹھنا یعنی دو رکعت

Marfat.com

پڑھنے کے بعد التحیات کے واسطے بیٹھنا (۶) دونوں مرتبہ بیٹھنے میں دوسری اور چوتھی رکعت پڑھنے کے بعد بیٹھ کر التحیات پڑھنا (۷) آخر کی رکعت کے بعد سلام کہنا (۸) وتر میں دعائے قنوت پڑھنا (۹) دونوں عیدوں میں پہلی رکعت یعنی الحمد سے پہلے اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد یعنی رکوع سے پہلے تین تین بار تکبیر کہنا (۱۰) امام کو عشا اور فجر اور مغرب کے وقت نماز با آواز بلند قرات سے پڑھنا (۱۱) ظہر اور عصر کے وقت آہستہ پڑھنا (۱۲) رعایت ترتیب کرنا (۱۳) اگر ان میں سے کوئی چیز بھول کر چھوٹ جائے سجدہ سہو کا کرے اور جو قصداً چھوڑے نماز مکروہ تحریمہ واجب الاعادہ ہوگی واجب کے ترک اور فرض کی تقدیم تاخیر سے سجدہ سہو لازم ہوتا ہے۔

نماز میں ۱۲ سنتوں کی تفصیل

(۱) دونوں ہاتھ وقت تکبیر اوّل کانوں تک اٹھانا (۲) دونوں ہاتھوں کو ناف کے نیچے باندھنا (۳) سبحانک اللھم پڑھنا (۴) اعوذ باللہ پڑھنا (۵) بسم اللہ پڑھنا (۶) رکوع اور سجدہ اور قومہ اور جلسہ کے واسطے تکبیر کہنا (۷) تسبیح تین تین بار رکوع اور سجدہ میں کہنا (۸) سمع اللہ پڑھنا (۹) قومہ اور جلسہ میں توقف کرنا (۱۰) درود پڑھنا (۱۱) دعا پڑھنا (۱۲) بعد الحمد کے آمین آہستہ کہنا۔

مکروہات نماز میں ۱۲ ہیں

(۱) بے فائدہ بات کرنا (۲) صف سے علیحدہ کھڑا ہونا ننگے سر نماز پڑھنا

(۴) مرد کو جوڑا باندھنا (۵) لٹکتا ہوا کپڑا اٹھانا (۶) مرد کو سُرخ یا زرد ریشمی کپڑا پہننا (۷) انگڑائی لینا (۸) اُنگلی چٹکانا (۹) چادر وغیرہ لٹکانا (۱۰) سُنّت کا ترک کرنا (۱۱) چاندی سونا پہننا (۱۲) کوئی کام خلافِ شرع کرنا۔

مفسداتِ نماز

جن چیزوں سے نماز فاسد ہوتی ہے وہ یہ ہیں۔ امام کے آگے کھڑا ہونا بات کرنا، سلام کرنا یا ان کا جواب دینا۔ نالہ کرنا یا آہ بھرنا۔ کچھ کھانا پینا قرآن دیکھ کر پڑھنا۔ بدوں عُذر کے خود چھینکنا یا کھانسنا اور فعل کثیر یعنی بار بار اور وہ کام کرنا جو دونوں ہاتھوں (جیسے دامن سنبھالنا وغیرہ) نماز کو فاسد کرتا ہے

عابد:۔ حضرت یہ نماز کی ترکیب پانچوں وقت پڑھنے کی جو آپ نے فرمائی بخوبی سمجھ میں آگئی لیکن میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ مسافر سفر کی حالت میں کس طرح نماز کو ادا کرے۔

مسافر کی نماز

جب آدمی اپنے شہر سے کم سے کم تین رات دن کی مسافت کا سفر کرے تو اس کو چاہیئے کہ بجائے چار فرضوں کے دو قصر کرے یعنی دو فرض پڑھے اور جب اپنی منزل مقصود یعنی قیام کی جگہ پہنچ جائے اور قیام کا ارادہ پندرہ روز سے کم ہے برابر قصر پڑھے جائے اور اگر پندرہ روز سے زیادہ قیام کا ارادہ ہو

Marfat.com

تو پوری چار رکعت ادا کرے۔ اگر مسافر بستی والوں کی امامت کرے تو قصر ہی پڑھے نماز سے قبل یا سلام پھیرنے کے بعد مقتدیوں سے کہہ دے کہ میں مسافر ہوں تم اپنی باقی رکعت پوری کرنا اور اگر مقتدی مسافر ہے اور امام مقیم تو امام کی پابندی چاہئے۔

ریل میں نماز کس طرح پڑھی جائے

اگر مسافر ریل میں تین روز کی مسافت ایک روز میں طے کرتا ہے۔ اس کو بھی نماز قصر پڑھنی چاہیئے۔ اس لئے کہ اعتبار سفر میں موافق شرع کے تین منزل کا ہے۔ وہی قیاس کتب فقہ کا رہا۔ ریل گاڑی میں سب فرض نمازیں معہ نفل وغیرہ بحالت چلنے کے بھی درست ہیں۔ جیسے جہاز میں درست ہیں۔ ہاں بیل گاڑی یا گھوڑے اونٹ وغیرہ پر فرائض درست نہیں۔ نوافل پڑھنا۔ ان پہ اشارہ رکوع وسجدے درست ہیں۔ مگر ریل میں اگر قبلہ کا رُخ پوری طرح بدل گیا تو فرض درست نہ ہوں گے۔ نفل درست رہیں گے ردمختار شرح درمختار میں یہ مسئلہ مذکور ہے۔

جمعہ کے فضائل

اُستاد (حامد) علاوہ نماز پنجگانہ کے آٹھویں روز جمعہ کی نماز جامع مسجد میں جہاں ساری آبادی کے نمازی جمع ہوں ادا کرنی چاہیئے کیونکہ اس مُبارک

Marfat.com

دن کو عید المومنین کہتے ہیں۔ اس دن کے بہت سے فضائل دین کی کتابوں میں لکھے ہیں۔ اگر ان کو لکھا جائے تو ایک کتاب علیحدہ مرتب ہو جائے۔ کیونکہ تم کو روزمرہ کی نماز کے مسائل سمجھنے ہیں۔ اس وجہ سے اختصار پر نظر کر کے ضروری باتوں کو لکھا جاتا ہے۔

عابد :۔ حضرت منجملہ فضائل یوم جمعہ کے مختصر طور پر کچھ ضروری بیان فرمائیے تاکہ اس مبارک دن کی عظمت ہمارے دل میں زیادہ ہو۔

جمعہ کی نماز کے لئے مسجد میں آنے کے فضائل

استاد :۔ (عابد) احکام شریعت حکمت سے خالی نہیں ہیں۔ دیکھو جمعہ کے روز مسلمانوں کے مسجد میں جمع ہوتے سے ایک سے ایک کو دیکھ کر نماز کے پڑھنے کی رغبت ہوتی ہے اور برادرانِ اسلام میں باہم اتحاد زیادہ بڑھتا ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ سب دنوں میں سے بہترین دن جمعہ کا ہے اور اس کی فضیلت کی یہ وجہ ہے کہ حق تعالیٰ جل وعلا شانہ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اسی روز پیدا کیا اور اسی روز بہشت میں جگہ ملی۔ اور جمعہ کے روز ہی قیامت قائم ہو گی۔ حضرت امام حسین علیہ السلام بھی جمعہ کے روز ہی خلعت شہادت سے سرفراز ہوئے۔ جمعہ کے دن ایک ساعت ایسی ہے کہ جس میں مؤمن جو دعا مانگے گا۔ خدا تعالیٰ اس کو قبول فرمائیگا اس لئے جمعہ کا روز اور سب عبادت الٰہی اور وظائف قضائے حاجت کے لئے بہت مبارک ہے اور بخلاف اور ایام کے اس مبارک دن کی

Marfat.com

[illegible]

مسجد میں جلد پہنچنے کی پہلی فضیلت

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جمعہ کے روز نماز کے واسطے جو مسجد کو جاتے ہیں۔ اس روز فرشتے جامع مسجد کے دروازے پر کھڑے ہو کر مسجد میں آنے والوں کے نام لکھتے ہیں۔ جو شخص اذان کے وقت یا اذان سنتے ہی اوّل ساعت میں مسجد میں آئے گا گویا کہ وہ اپنے ہمراہ ایک عمدہ بیش قیمت اونٹ اللہ کی راہ میں قربانی کے لئے لایا۔ اس کے نامہ اعمال میں اس بیش بہا اونٹ کی قربانی کا ثواب لکھا جائے گا۔

دوسری ساعت کی فضیلت

دوسری ساعت میں آنے والوں کے نام ایک ایسی قربانی کا ثواب لکھتے ہیں کہ جس کو مل کر سات آدمی قربانی کریں اور ہر ایک کو ایک ایک گائے کی قربانی کا ثواب ملے

تیسری ساعت کا ثواب

تیسری ساعت میں آنے والوں کے لئے ایک ایسے مینڈھے کی قربانی کا

Marfat.com

ثواب لکھتے ہیں جیسا کہ حضرت اسمٰعیل علیہم السّلام کے فدیہ کے لئے اللہ تعالیٰ نے بہشت سے مینڈھا پہنچایا ایک بکری کا۔

چوتھی ساعت کا انعام

چوتھی ساعت میں آنے والوں کا نام ایک مرغی کی قربانی کا ثواب لکھا جاتا ہے۔

پانچویں ساعت کے آنے والوں کو اجرا

پانچویں ساعت میں آنے والوں کے نام ایک انڈے مرغ کا ثواب لکھا جاتا ہے۔

جب خطبہ پڑھا جاتا ہے۔ فرشتے کاتب ثواب کے لکھنا بند کر کے خطبہ سُننے میں مصروف ہوتے ہیں۔

پیچھے پہنچنے والوں کو ثواب سے محرومی

اس کے بعد جو شخص نماز کے واسطے مسجد میں آتا ہے اُس کو سوائے نماز کے اور کچھ ثواب نہیں ملتا۔ جمعہ کی نماز کو پیدل جانا افضل ہے۔ بہ نسبت سواری کے مسجد میں امام کے نزدیک مؤدب بیٹھ کر خاموش خطبہ سننا چاہیئے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص حسب طریقہ مذکورہ بالا با ادب خطبہ سُن کر جمعہ ادا کرے گا دوسرے جمعہ کے دن تک اُس کے نامۂ اعمال میں گناہ درج نہ ہونگے۔

خطبہ کے وقت بات چیت کرنا علاوہ تقویٰ کے ثواب سے محرومی ہے۔

صفوں کو چیر کر آگے پہنچنے کی مذمت

جو شخص جمعہ کی نماز کے واسطے صفوں کو چیر کر اور آدمیوں کے اوپر ڈھکیلتا ہوا کود کر جاتا ہے وہ علاوہ محرومیِ ثواب کے دوزخ کے پُل بنائے جانے کا مستحق ہوتا ہے۔ جمعہ کے روز کثرت سے درود شریف پڑھنا چاہیئے جو شخص بعد نماز جمعہ کے سات مرتبہ الحمد شریف اور سات مرتبہ قل ہو اللہ شریف کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو شرِ شیاطین و بلیّات سے محفوظ رکھے گا جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس شخص نے بغیر عذر شرعی کے تین جمعہ ترک کیے اس نے اسلام سے منھ پھیرا اور دِل اُس کا زنگ آلود ہوا۔

جمعہ کے دِن مرنے والا شہید کا رتبہ پاتا ہے

حدیث شریف میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر جمعہ کو تین لاکھ گنہگاروں کو آتشِ دوزخ سے نجات دیتا ہے اور دوزخ ہر روز دوپہر کو زیادہ گرم کی جاتی ہے مگر جمعہ کے دن گرم نہیں کرتے اور جو مسلمان جمعہ کو مرتا ہے شہید کا ثواب پاتا ہے اور قیامت تک اس پر عذاب نہیں ہوتا۔

جمعہ کی نماز کی شرطیں

جمعہ کی نماز فرض ہے لیکن اس کے وجوب کے لیے سات شرطیں ہیں۔

Marfat.com

(۱) شہر کا رہنا (۲) تندرستی (۳) آزادی (۴) مرد ہونا (۵) اندھا نہ ہونا (۶) لنگڑا نہ ہونا (۷) ہوشیاری یعنی حواس خمسہ درست ہوں دیوانہ نہ ہو۔ جمعہ کی نماز کے ادا کرنے کے واسطے چھ شرطیں ہیں۔

(۱) شہر کا یا اس کے نواح کا ہونا (۲) بادشاہ یا اس کے نائب کا ہونا (۳) ظہر کا وقت (۴) ایک تسبیح کی مقدار نماز سے پہلے خطبہ پڑھنا (۵) کم سے کم تین آدمیوں کا سوائے امام ہونا (۶) اذن عام۔

پس اگر ان میں سے ایک ہی سجدہ کرنے سے قبل شک جاتا رہے تو امام کو لازم ہے کہ ظہر کی نماز شروع کرے اور جو سجدہ کے بعد جائے تو امام کو لازم ہے کہ نماز تمام کرے۔

امام جب منبر کے اوپر بیٹھے تب اس کے سامنے دوسری اذان مکبر کو کہنی چاہیئے۔ جمعہ کے روز ظہر کی نماز شہر میں جمعہ کی نماز سے پہلے جماعت سے پڑھنا مکروہ ہے۔ بغیر عذر کے ظہر پڑھ کر جمعے کی نماز کے لئے کوشش کرنا جس حال میں کہ امام جمعہ پڑھتا ہو ظہر کو باطل کرتا ہے خواہ اسے پائے یا نہ پائے۔ لیکن جو امام کو تشہد یا سجدہ سہو میں پائے تو اس کو پورا کرنا لازم ہے جس وقت پہلی اذان جمعہ کی کہی جائے تو ہر مسلمان کو لازم ہے کہ خرید و فروخت اور کاروبار چھوڑ کر نماز جمعہ کے لئے جائے۔ خطبہ کے وقت نماز پڑھنا اور بات کرنا حرام ہے امام جب خطبہ پڑھے اس وقت اس کی طرف متوجہ ہو کر خطبہ سنیں۔

جمعہ کے روز کے کام

اولی یہ ہے کہ جمعہ کے روز اول حجامت بنوائے پھر غسل کرے کیونکہ جمعہ

کے روز غسل کرنا سنّت ہے بلکہ اگر غسل کے وضو سے نماز پڑھے تو بہتر ہے کپڑے جیسے موجود ہوں صاف پہنے خوشبو لگائے جس وقت اذان سُنے کیسا ہی کام ہو چھوڑ کر جامع مسجد کو جائے بلکہ جہاں تک ہو سکے اذان سے پہلے جائے تاکہ اوّل صف میں جگہ ملے جس کی فضیلت ابھی اوپر بیان ہو چکی ہے جب مسجد میں پہنچے تو چاہیئے کہ پہلے داہنا قدم رکھے اور السلام علیکم سب سے کرے اور خوش ادب بیٹھے جیسے ادنیٰ ذلیل آدمی کسی بڑے شہنشاہ کے دربار میں جا کر بیٹھ جاتا ہے اگر نماز میں کچھ دیر ہو تو صلوٰۃ التسبیح پڑھے۔ (جس کی ترکیب ہم آگے بیان کریں گے انشاء اللہ تعالیٰ) اور اگر جماعت کا وقت قریب ہو تو چار رکعت سنّت پڑھے اس کے بعد درود شریف کثرت سے پڑھتا رہے جب تک کہ خطبہ کی اذان ہو۔

خطبہ سے پہلے چار سنّتوں کی نیت

چار رکعت سنّت کی نیت اس طرح ہے۔

نَوَيْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰهِ تَعَالٰی اَرْبَعَ رَكَعَاتِ صَلٰوةَ السُّنَّتِ قَبْلَ الْجُمُعَةِ مُتَوَجِّهًا اِلَى الْكَعْبَةِ الشَّرِيْفَةِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ؕ	(ترجمہ) نیت کی میں نے چار رکعت نماز سنّت پہلے جمعہ کے واسطے اللہ تعالیٰ کے متوجہ ہو کر کعبہ شریف کی طرف اللہ اکبر۔

پھر جب امام منبر پر خطبہ پڑھنے کو آئے تب دوسری اذان روبرو اس کے کہی جائے اور امام دو خطبے باطہارت کھڑے ہو کر منبر پر پڑھے اور دونوں

خطبوں میں بقدر ایک تسبیح کے خاموش بیٹھے اگر کوئی خطبہ پڑھتے وقت آئے تو خطبہ ہی سُنے سنّت نہ پڑھے (خطبے مسنونہ یکجا آئندہ درج ہوں گے) بعد دونوں خطبوں کے تکبیر کہی جائے اور امام اور مقتدیوں کے ساتھ دو رکعت فرض پکار کر پڑھے اور نیّت اس طرح پر کرے

جُمعہ کے دُو فرضوں کی نیّت

نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰهِ تَعَالٰی رَکْعَتَیْ صَلوٰۃَ الْجُمُعَۃِ فَرْضَ اللّٰهِ تَعَالٰی مُتَوَجِّهًا اِلَی الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَللّٰهُ اَکْبَرُ ط

ترجمہ:- نیّت کی میں نے واسطے ادائے نماز دو رکعت جمعہ کے جو فرض اللہ تعالیٰ کا ہے متوجہ ہو کر کعبہ شریف کی طرف اللہ اکبر۔

اگر امام ہو تو کہے

اَنَا اِمَامٌ لِّهٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ

ترجمہ:- میں امام ہوں اس قوم کا

اور مقتدی یوں کہے

اِقْتَدَیْتُ بِهٰذَا الْاِمَامِ۔

ترجمہ:- اقتداء کی میں نے اس امام کی

بعد اس کے پھر چار رکعت سُنّت اور دو رکعت سُنّت پڑھے۔ ان سنتوں کی نیت موافق نیت مذکورہ بالا کی جائے۔ صرف اتنا فرق ہے کہ اس میں قبل الجمعہ کہا جاتا ہے۔ اور یہ چھ سُنّت جو بعد فرض جمعہ کے پڑھی جاتی ہے۔ ان میں لفظ بعد الجمعہ کہا جاتا ہے۔

جمعہ کے روز قبولیت دُعا کی فضیلت

عابد (اُستاد سے) حضور سُنا ہے کہ جمعہ کے دن کوئی ایسی ساعت آتی ہے اُس میں جو دُعا مانگی جائے مقبول ہوتی ہے۔

اُستاد (عابد سے) تم نے یہ ساعت دریافت کی گویا اسم اعظم تلاش کرنا چاہا ہے۔ حال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے چند باتیں نہایت مفید مخفی رکھی ہیں۔ تاکہ طالب ان کی تلاش میں ہمہ تن اور ہمہ وقت مصروفیت میں رہے اگرچہ مثل مشہور ہے جو بندہ یا بندہ لیکن اس کی تلاش میں جو وقت گذرے۔ وہ حسنات میں لکھے جائے اور ان وقتوں میں کروہات اور ممنوعات سے بھی بچاؤ ہے۔ سچ پوچھو تو یہ اس کا عین فضل اور حکمت ہے۔ اور اپنے بندوں پر سراسر احسان ہے۔ اللہ تعالیٰ نے راتوں میں شب قدر مخفی رکھی ہے اور ناموں میں اسم اعظم اور نمازوں میں نماز وسطیٰ علی القیاس جمعہ کے روز ساعت قبولِ دُعا ہے اگرچہ علماء دین نے اس کی تحقیق کی ہے لیکن تاہم اختلاف رہا ہے اکثر احادیث سے یہ ضرور ہے کہ اس مبارک دن میں ایک ایسی ساعت ہے کہ اس میں جو مسلمان دعا مانگے قبول ہو اختلاف اس میں ہے کہ وہ کونسی ساعت ہے۔ اس میں وہی حکمت ہے کہ ثواب ملتا رہے۔ اس ساعت کے واسطے مختلف احادیث اور اقوال ہیں۔ مگر صحیح دو قول مانے گئے ہیں یہ کہ جس وقت امام منبر پر بیٹھے اس وقت سے نماز کے ختم ہونے تک چنانچہ کتاب صحیح مسلم میں حضرت ابوموسیٰ رض

Marfat.com

سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا (صلی اللہ علیہ وسلم) نے کہ مقبول ساعت امام کے بیٹھنے سے نماز کے ادا ہونے تک ہے اور دوسرا یہ کہ جس وقت آفتاب ڈوبنے لگے یعنی اخیر ساعت روز جمعہ کی - بخیال طوالت احادیث کا نقل کرنا مصلحت نہ سمجھا اگر دیکھنا چاہو تو (کتاب صراط المستقیم شرح سفر السعادت اور دیگر کتب میں) دیکھو

یہاں تک دو ارکان اسلام کے یعنی پہلا رکن توحید اور دوسرا رکن پنجگانہ نماز کا ختم ہوا - اب تیسرا رکن روزہ رمضان شریف کا بیان کیا جاتا ہے اس کے بعد چوتھا رکن زکوٰۃ اور پانچواں رکن حج بھی مفصل بیان کیے جائیں گے

رمضان شریف کے روزوں کا بیان

رمضان رمض سے اخذ کیا گیا ہے جس کے معنی جلانے کے ہیں چونکہ رمضان شریف گناہوں کو جلاتا ہے لہٰذا اس نام سے موسوم ہوا - روزے رمضان شریف کے فرض ہیں باقی سب سنت ہیں شروع اسلام میں دس روزہ محرم کے اور تین ایام بیض کے یعنی تیرھویں چودھویں پندرھویں تاریخ ماہ ذی الحجہ کے فرض تھے - بعد فتح مکہ ڈیڑھ ماہ تین برس اور شروع اسلام پندرہ برس کے روزے رمضان شریف کے فرض ہوئے اور اللہ پاک اپنے کلام میں فرماتا ہے

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِىٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ ترجمہ مہینہ رمضان کا جس میں نازل ہوا قرآن

هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ط

ہدایت ہے واسطے آدمیوں کے اور کھلی نشانیاں وہ حق کی اور فیصلہ حق و باطل ہیں سو جو کوئی پائے تم میں سے اس مہینہ کو اس کے روزے رکھے۔

رمضان شریف کا مہینہ بہت مُبارک ہے قرآن مجید کہ باعث جملہ برکات ہے اور سبب جملہ فلاح ہے۔ اس مہینہ میں نازل ہوا۔ سب مہینوں سے سال بھر کے یہ ماہِ مُبارک افضل ہے اور قدیم الایام سے اس مہینہ کی فضیلت بڑھ کر ہے۔

ماہِ رمضان میں نزول صحائف

چنانچہ پہلی تاریخ رمضان کو حضرت ابراہیم علیہ السّلام پر صحیفہ نازل ہوا۔ اور چھٹی تاریخ ماہِ مُبارک کو حضرت موسیٰ علیہ السّلام پر توریت اور سترھویں تاریخ کو حضرت عیسیٰ علیہ السّلام پر انجیل اور چوبیس تاریخ کو تمام قرآن شریف اوّل آسمان پر اُتر کر بقدر مناسب تئیس برس میں تھوڑا تھوڑا ہمارے نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم پر نازل ہوا۔ اور دوسری جگہ ارشاد فرمایا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ط

(ترجمہ) اے ایمان والو لکھے گئے (یعنی فرض کئے گئے ہیں) اوپر تمہارے روزے رمضان کے جیسے کہ لکھے گئے ہیں (یعنی فرض کئے گئے) اوپر ان جو پہلے تم سے تھے شاید تم ڈر جاتو۔

رمضان شریف کے فضائل

رمضان شریف کے فضائل بہت ہیں۔ اگر لکھے جائیں تو اس مختصر کتاب

ہیں سما نہ سکیں لہذا اختصار کے طور پر لکھے جاتے ہیں حضرت عبداللہ بن مسعود صحابی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی روزہ رکھے رمضان مبارک میں اوّل سے آخر تک باہر آیا اپنے گناہوں سے گویا کہ ابھی پیدا ہوا ہے اپنی ماں سے۔ حضرت موسیٰ علیہ السّلام نے مناجات کی الٰہی اُمتِ محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو کونسا مہینہ عطا ہوگا۔ ارشاد ہوا کہ اے موسیٰ عطا کیا ہم نے اُن کو مہینہ رمضانُ المبارک کا حضرت موسیٰ علیہ السّلام نے عرض کیا کہ الٰہی اس مہینہ میں کیا فضیلت ہے۔ ارشاد ہوا کہ اے موسیٰ رمضان کے مہینہ کی فضیلت اوپر تمام مہینوں کے ایسی ہے جیسے کہ میری فضیلت اوپر تمام بندوں کے ہے اور جو کوئی روزہ رکھے اس ماہِ مُبارک میں عبادت تمام آدمیوں اور جنّات اور تمام مخلوق کی اس کے نامۂ اعمال میں لکھی جائے گی۔ حضرت موسیٰ علیہ السّلام نے عرض کی کہ الٰہی مجھ کو بھی اُمتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم میں داخل کر کہ میں بھی اس ثواب سے محروم نہ رہوں صحیحین میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ ہر عمل حسنہ آدمی کا اللہ تعالیٰ زیادہ عطا فرماتا ہے ثواب اس کا دہ چند سے سات سو چند تک مگر روزہ کو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ واسطے میرے ہے اور میں خود جزائے روزہ ہوں اور احادیث میں وارد ہوا ہے کہ روزہ دار کے منھ کی بو اللہ جلشانہٗ کے نزدیک مُشک و زعفران کی خوشبو سے زیادہ پسندیدہ ہے۔ اور روزہ دار کے لیے دو فرحت ہیں۔ ایک خوشی افطار کے وقت اور دوسرے اللہ جل شانہٗ کے دیدار کے وقت اور مقام

Marfat.com

ان کا ریان ہے۔ ریان ایک مقام بہشت میں ایسا اعلیٰ درجہ کا ہے کہ جس کو حق تعالیٰ نے خاص روزہ داروں کے لیے مخصوص فرمایا ہے۔ جو کوئی اس ماہِ مبارک میں عبادت کریگا۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے سب اگلے پچھلے گناہ اس کے معاف فرمائے گا۔ اور اس مہینہ کے نفل کا ثواب مثل ثواب اور ایام فرض کے مثل ہے۔

فضیلت لیلۃ القدر

اس ماہِ مبارک میں علاوہ نزول قرآن مجید کے لیلۃ القدر رکھی ہے یہ رات ایسی مرتبہ والی ہے کہ ہزار مہینہ سے بہتر ہے اور فرشتے اور روحیں علیین کے مقام سے اس رات میں اہل کمال سے ملنے کو اتر آتی ہیں۔ اس رات میں تجلیات کی چمک اور ملائکہ کے نزول سے نفس اور شیطان کے خطرات بالکل دفع ہوجاتے ہیں اور غروب آفتاب سے صبح صادق کے نکلنے تک یکساں ان آفتوں سے امن اور اطمینان ہوتا ہے۔ برخلاف اور راتوں کے کہ اول تہائی میں شیطانوں کے پھیلنے کا وقت ہے اور ان کے خطرے اور وسوسے عبادت اور بندگی کرنے والوں کے دلوں کو پریشان کر دیتے ہیں۔ اسی واسطے اس ثلث میں فرض نماز مقرر فرمائی اور دوسرے ثلث میں اکثر نیند کی غفلت اور برے برے خیال اور پریشان خواب نفسانی خواہشات طبیعت کی عادت سے ظاہر ہوتی ہیں اور دعا اور حضوری کی لذت سے غافل کردیتی ہیں اور تیسرا حصہ یعنی پچھلی رات کا کہ ان دونوں خرابیوں سے بچا ہوا ہے۔

Marfat.com

وہ نماز تہجد اور جناب الٰہی میں التجا اور زاری اور دعا کے لئے مقرر ہوا ہے۔

نزول حضرت جبرئیل معہ ملائکہ و ارواح

حضرت جبرئیل علیہ السّلام کا اس میں نزول ہوتا ہے اس میں سب کا اتفاق ہے۔ اور جبرئیل علیہ السّلام کے ہمراہ سب فرشتے اور روحیں نازل ہوتی ہیں۔

حضرت جبرئیل کی عابدوں سے مصافحہ کرنیکی شناخت

حضرت جبرئیل علیہ السّلام ہر عابد سے مصافحہ فرماتے ہیں اور ان کے مصافحہ کرنے کی شناخت یہ ہے کہ عین عبادت کی مشغولی میں بال بدن پر کھڑے ہو جاتے ہیں اور دل میں رقت پیدا ہو جاتی ہے اور آنکھوں سے آنسو نکل آتے ہیں اور عبادت میں نہایت لذت حاصل ہوتی ہے۔ اور اس رات کے خواص سے ایک یہ ہے کہ اس رات کو دعا قبول ہوتی ہے تو سب کو لازم ہے کہ ایسی دعا اس رات کو مانگیں جو دنیا اور آخرت دونوں کے لئے بہبودی کا باعث ہو۔ جیسا تفسیر عزیزی میں ہے۔ علماء نے اس رات میں بہت اختلاف لکھا ہے از اول تا آخر سارے رمضان میں دور اس کا سمجھا گیا ہے۔ مگر اتفاق دہی طاق راتوں میں ہے یعنی اکیسویں اور تیئسویں اور پچیسویں اور ستائیسویں اور انتیسویں اور ان پانچ تاریخوں میں سے ستائیسویں کو ترجیح دیا ہے۔

Marfat.com

لیلۃ القدر کی فضیلت

بائیں وجہ کہ سورہ قدر میں لیلۃ القدر تین مرتبہ ہے اور حروف لیلۃ القدر کے نو ہیں پس نو کو تین میں ضرب دینے سے ستائیس حاصل ہوتے ہیں جیسا کہ مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب دہلوی قدس سرہ نے تفسیر فتح العزیز میں انعام فرمایا ہے غرضکہ ستائیسویں شب کو باتفاق علماء نے لیلۃ القدر کا ہونا خیال کیا ہے۔ صحیحین میں آیا ہے کہ جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب مہینہ رمضان کا آتا ہے۔ دروازے بہشت کے کھول دیئے جاتے ہیں اور دوزخ کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور شیاطین مقید کئے جاتے ہیں اور بیہقی نے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جنت کی تیاری ہوتی ہے شروع سال سے آئندہ تک رمضان کے لئے جب پہلا دن رمضان کا ہوتا ہے ایک ہوا چلتی ہے بہشت کے دروازوں سے عرش کے نیچے حوریں جو نہایت حسین اور بڑی بڑی آنکھ والی ہیں وہ کہتی ہیں کہ الہٰی اپنے روزہ دار بندوں کو ہمارا شوہر بنا کہ ان کے دیکھنے سے ہماری آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور ہمارے دیکھنے سے ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں یعنی رمضان شریف کے روزہ داروں کی ملاقات کی حوریں تمنا رکھتی ہیں۔ خدای تعالیٰ انکی تمنا پوری کریگا اور روزہ داروں کو بہت سی حوریں عطا کرے گا۔

روزہ رکھنے کی فضیلت

کتب دینیہ میں لکھا ہے کہ جو شخص رمضان شریف میں روزہ رکھے تو تمام چرند

Marfat.com

پرندا اور وہ بخشش وطلب جو زمین پر ہیں اس روزہ دار کیواسطے بخشش مانگتے ہیں
اور فرمایا جناب رسول خدا صلّی اللہ علیہ وسلّم نے کہ جو شخص رمضان شریف کے
مہینہ میں روزہ رکھے گا۔ اللہ تعالےٰ اُس کو قیامت کے دن ایک مکان زمرّد
کا عطا کرے گا جس کے ہزار دروازے ہوں گے اور ہر دروازہ پر ایک درخت
سایہ دار ہوگا۔ اگر سوار ہو کر سو برس تک اس درخت کے سایہ میں پھرے تب
بھی اس کے سایہ سے باہر نہ آسکے۔

روزہ کے صدقہ کی فضیلت

فرمایا آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم نے جو شخص رمضان کے مہینے میں صدقہ
دے۔ اس کا صدقہ ہزار درہم کے صدقہ سے بہ نسبت اور مہینوں کے زیادہ ہے۔

روزہ دار کی تلاوت کلام مجید اور عبادت کی فضیلت

جو شخص رمضان شریف کے مہینہ میں جمعہ کے روز عبادت کرے یا کلام مجید کی
تلاوت کرے اس کو ہزار سال کی عبادت سے زیادہ ثواب ملے گا۔ اور جو روزہ
رکھے رمضان شریف میں اور شام کو اپنے اہل وعیال کے ساتھ افطار کرے
تو اللہ تعالیٰ اس کو اتنا ثواب عطا فرمائے گا گویا کہ اس نے مکہ معظمہ اور
مدینہ منورہ اور بیت المقدس میں روزے رکھے۔

آغاز اسلام کے فرض روزوں کی تعداد

رمضان شریف کے روزوں کے سوا اور سب سنّت روزوں میں شروع

ایام میں دس روزے محرم کے اور تین روزے ایام بیض کے یعنی تیرھویں، چودھویں اور پندرھویں تاریخ ماہ ذی الحجہ کے فرض تھے بعد فتح مکہ کے ڈیڑھ برس یا تین برس اور شروع اسلام سے پندرہ برس کے بعد روزہ رمضان شریف کے فرض ہوئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زندگی میں فرض ہونے کے بعد آٹھ برس رمضان شریف کے روزے رکھے جن میں پانچ برس انتیس کا چاند ہوا اور تین سال تیس کا ہوا ہے۔ اور رمضان شریف کے روزے سے فرضیت اور روزوں کی جاتی رہی لیکن عمل اس کا ساقط نہیں ہوا۔ جو شخص روزہ رکھے گا ثواب ملے گا۔ غرضکہ رمضان شریف کے فضائل بے شمار اور بیحد ہیں۔ اس مختصر کتاب میں عدم گنجائش کی وجہ سے انہیں پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

اقسام روزہ اور روزہ کی تعریف

روزہ کی چھ قسمیں ہیں:۔ اوّل روزہ رمضان شریف۔ دوسرا روزہ قضا۔ تیسرا روزہ نذر معین۔ چوتھا روزہ غیر معین۔ پانچواں روزہ کفارہ۔ چھٹا روزہ نفل۔ رمضان شریف کا روزہ فرض ہے اوپر امت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے جو کوئی اس فرض کا منکر ہے وہ کافر ہے۔ روزہ شرع شریف میں ترک کرنا کھانے پینے اور جماع کا صبح صادق سے غروب آفتاب تک بہ نیت روزہ۔

رویت ہلال رمضان

اب پہلے رویت ہلال ماہ رمضان بیان کی جاتی ہے تاکہ سلسلہ وار بیان

Marfat.com

میں فرق نہ آئے۔ رمضان شریف کا چاند اگر آسمان پر غبار ہو تو ایک شخص مرد یا عورت مسلمان کی گواہی کافی ہے اور اگر غبار نہ ہو اور مطلع صاف ہو تو یہ شرط ہے کہ بہت سے آدمیوں کا قول قبول کرے، اگر رمضان شریف کا چاند نظر نہ آئے اور شبہ ہو تو ایسی حالت میں روزہ نہ رکھنا چاہیئے بلکہ ایسی شبہ کی حالت میں چاہیئے کہ تیس روز شعبان کے پورے کر کے روزے شروع کیے جائیں۔ حدیث شریف میں آیا ہے۔

مَنْ صَامَ الَّذِیْ یَشُکُّ فِیْہِ فَقَدْ عَصَی اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ

(ترجمہ) یعنی جس نے روزہ رکھا شبہ کے دن پس اس نے نافرمانی کی خدا اور اسکے رسول کی۔

رمضان کے روزہ کی نیت

روزہ رمضان کی نیت رات سے چاہیئے یعنی دل میں ارادہ کر لے کہ میں کل کا روزہ رکھوں گا اور اسی طرح نفل روزہ کی بھی نیت دوپہر سے پہلے جائز ہے۔ زبان سے نیت کرنا ضروری نہیں ہے۔ اگر چاہے تو نیت کو زبان سے کر لے یا دل سے ارادہ کر لے کہ کل کا روزہ رکھوں گا اور عربی میں روزے نیت یہ ہے:-

اَللّٰھُمَّ اَصُوْمُ غَدًا لَّكَ فَاغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ۔

(ترجمہ) اے اللہ کل کا روزہ رکھتا ہوں میں واسطے تیرے بخش تو اگلے پچھلے گناہ میرے

قضا، اور کفارہ کے روزے کے لئے نیت رات سے ضروری ہے۔

سحری کا وقت

انتہائے وقت سحر صبح کاذب ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ اپنے کلام پاک میں فرماتا ہے۔

وَکُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَکُمُ الْخَیْطُ الْاَبْیَضُ مِنَ الْخَیْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ط

ترجمہ :۔ اور کھاؤ پیو تم جب تک کہ صاف نظر آئے تمہیں دھاری سفید جلدی دھاری سیاہ سے فجر کی۔

بخاری شریف میں عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ کہا انہوں نے کہ جب آیت شریف نازل ہوئی میں نے ارادہ کیا اپنے عقال ابیض (اونٹ کے باندھنے کی سفید رسی) اور عقال اسود (اونٹ کی سیاہ رسی) کو اپنے سرہانے تکیہ کے نیچے رکھا اور سحری کے وقت میں نے دونوں کو دیکھا تو سیاہی اور سفیدی رسیوں کی کچھ تمیز نہ ہوئی فجر کو میں نے خدمت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حاضر ہو کر عرض حال کیا۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ خیط ابیض سے مراد بیاض نہار (دن کی سفیدی) ہے اور خیط اسود سے مراد دلیل (رات کی سیاہی ہے) اور دوسری حدیث میں سہیل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جس وقت یہ آیت شریف یعنی کُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَکُمُ الْخَیْطُ الْاَبْیَضُ مِنَ الْخَیْطِ الْاَسْوَدِ نازل ہوئی اور مِنَ الْفَجْرِ نازل نہ ہوئی تو لوگ روزہ رکھتے تھے اور اپنے پاؤں میں تاگا سفید سیاہ باندھتے تھے بس ہمیشہ اسیطرح سے کھایا پیا کرتے تھے مگر جس وقت

Marfat.com

شکل اُن کی نظر آتی تھی یعنی ڈوروں میں سیاہی اور سفیدی کی تمیز ہو جاتی تھی تو پھر نہ کھاتے تھے جب وقت کہ من الفجر نازل ہوئی تب اُنھوں نے معلوم کیا کہ سیاہی اور سفیدی سے مراد رات کی سیاہی اور دن کی سفیدی ہے۔

مفسدات روزہ

رمضان کے روزہ میں قصداً کوئی دوا یا غذا کھائے قضا لازم آئے گی اور کفارہ بھی لازم آئے گا یا کوئی شخص روزہ کی حالت میں جماع کرے تو فاعل اور مفعول دونوں پر قضا لازم آتی ہے اور کفارہ بھی دینا لازم آئیگا۔

کفارہ کی تشریح

کفارہ یہ ہے کہ ایک غلام آزاد کرے اور اگر نہ میسر آئے تو پے در پے ساٹھ روزے رکھے اور اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے دونوں وقت پیٹ بھر کر اور اگر ایسی چیز کھائے جو دوا یا غذا نہ ہو جیسے کاغذ یا کنکر تو روزہ کی قضا واجب ہوگی کفارہ لازم نہیں آئے گا اور اگر بھول کر روزہ میں کھانا کھا لیا یا پانی پی لیا یا جماع کیا تو روزہ نہیں جائیگا لیکن شرط یہ ہے کہ بعد یاد آنے کے غذا وغیرہ فوراً منہ سے تھوک دے اور اگر حلق سے اُتاریگا تو قضا اور کفارہ دونوں عاید ہوں گے۔

روزہ ٹوٹنے، فاسد ہونے اور قضا ہونے کی تفصیل

اگر مکھی یا دھواں یا غبار بے اختیار حلق میں چلا جائے روزہ میں فطور نہیں

Marfat.com

آتا لیکن ارادتاً بالقصد دھوئیں کو حلق میں پہنچائے جیسے حقہ پئے روزہ جاتا
رہے گا اور اگر کلی کرنے میں بے اختیار پانی حلق میں اتر جائے روزہ ٹوٹ جاتا
ہے لیکن روزہ کی قضا لازم آتی ہے کفارہ واجب نہیں ہوتا۔ اور اسی طرح بخیال
غروب آفتاب روزہ افطار کیا اور اس کے بعد دن نکل آیا۔ بگمان ہونے رات
کے سحری کھالے پھر معلوم ہوا کہ صبح ہوگئی تھی دونوں صورتوں میں روزے کی
قضا لازم ہوگی کفارہ واجب نہ ہوگا۔ اگر کان میں تیل ڈالا جائے تو روزہ ٹوٹ
جائیگا اور پانی ڈالنے سے روزہ میں نقصان نہ پہنچے گا۔ ہلاس کے سونگھنے اور قے
کرانیسے روزہ ٹوٹ جائیگا۔ اگر کوئی مرد اپنی پیشاب گاہ میں تیل یا پانی پہنچائے روزہ
ٹوٹ جائیگا اور سرمہ لگانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ اگرچہ حلق میں اس کا اثر پہنچے اور
کھنکار میں اس کا رنگ نظر آئے اور سرمہ میں تیل ڈالنے اور نہانے سے اور خوشبو
سونگھنے سے روزہ نہیں جاتا پانی میں غوطہ لگانے سے اگر منھ اور ناک کی راہ
سے پانی داخل نہ ہو روزہ نہ جائیگا۔ اگر کوئی سوتی ہوئی عورت سے روزہ
کی حالت میں نزدیکی کرے تو عورت مرد دونوں کا روزہ جاتا رہیگا مگر عورت
پر روزہ کی قضا لازم آئیگی اور مرد پر قضا اور کفارہ دونوں لازم آئیں گے
اور اگر عورت کے پاس بیٹھے یا اس سے بوسے لے اور حاجت نہانے کی ہوجائے تو
روزہ جاتا رہیگا اور اس کی قضا لازم آئیگی نہ کفارہ۔ اور اگر بے اختیار قے
آئے اگرچہ کثیر ہو روزہ نہیں جاتا اگر قصداً قے کرے اور منھ بھر کر ہو روزہ
ٹوٹ جائیگا۔ اگر قے کو حلق میں لوٹا لیا جائے خواہ قلیل ہو یا کثیر روزہ ٹوٹ
جائے گا لیکن خود لوٹ جانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ اگر کوئی سوتے میں حلق

Marfat.com

میں پانی ڈال دے تو روزہ فاسد ہوگا اور قضا لازم آئے گی یا زخم شکم یا زخم سر میں دوا ٹپکائے اور وہ دماغ یا شکم تک پہنچے قضا لازم آئے گی یا آنسو یا عرق پیشانی یا خون بینی حلق میں بے قصد پہنچے اور مزہ اس کا منہ میں معلوم ہو روزہ فاسد ہوگا اور قضا لازم آئے گی یا جو چیز کھائی نہیں جاتی اس کو کھائے جیسے کنکر یا لوہا یا گھٹلی یا روئی یا گھاس یا مٹی یا کاغذ وغیرہ ہاتھ میں لیکر نگل جائے یا کچی یا اخروٹ تر یا مٹی جس سے سر کو دھوتے ہیں کھائے روزہ فاسد ہوگا اور قضا لازم آئے گی۔ اگر مٹی کھانے کی عادت ہے تو قضا اور کفارہ دونوں لازم آئیں گے اگر کوئی شخص گیہوں چبائے اور کھائے تو اس پر قضا اور کفارہ دونوں لازم آئیں گے لیکن صرف چبانے سے روزہ فاسد ہوگا جس عورت کا شوہر بدمزاج ہو اور کھانا پکاتے وقت نمک چکھ لے اور (فوراً تھوک دے) تو روزہ مکروہ نہ ہوگا اور اسی طرح لڑکے کیلئے جو کھانا پکا ہو اس کا نمک چکھنا بھی مکروہ نہیں ہے۔

بیمار کا روزہ

جو آدمی بیمار ہو اور روزہ کے سبب بیماری کے زیادہ ہو جانے کا ڈر ہو تو اس کو جائز ہے کہ روزہ رمضان نہ رکھے۔ جب اچھا ہو جائے جتنے روزے نہ رکھے ہوں قضا رکھ لے اور جو ایسی بیماری ہو جس میں روزہ رکھنا مضر نہ ہو تو روزہ رکھنا فرض ہے۔ لازم

مسافر کا روزہ

مسافر جو ارادہ سفر تین یا زیادہ کا کرے۔ ایسی منزلوں سے جن میں بعد صبح

Marfat.com

کے پہنچ جائے اس کو جائز ہے کہ روزہ رمضان کے نہ رکھے اور بعد قیام کے اتنے ہی روزے قضا رکھ لے مگر روزہ کا رکھنا افضل ہے اور اگر زیادہ تکلیف کا یقین ہو تو روزہ نہ رکھنا بہتر ہے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے وَمَنْ كَانَ مَرِيضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ یعنی جو بیمار ہو یا مسافر ہو اتنے ہی شمار کرلے اور دونوں سے یعنی اسی قدر روزے جس قدر قضا ہو گئے ہوں اور دونوں میں قضا رکھ لے بغیر صدقہ کے اور حدیث سے بھی ثابت ہے۔ روایت کیا حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وضع کیا اللہ تعالیٰ نے مسافر سے روزہ اور نصف نماز کو اور جب مسافر کو سفر میں روزہ سے کچھ تکلیف اور نقصان نہ ہو تو سفر میں روزہ رکھنا اس کو مستحب ہے جیسا کہ سواری ریل میں کسی طرح کی تکلیف متصور نہیں ہے حالت خانہ نشینی اور اس کی برابر ہے تو جو شخص ایسی صورت میں روزہ رکھے گا ثواب پائے گا اور اگر بحکم شرع سفر میں افطار کرے گا تو گنہگار نہ ہوگا۔ البتہ دوسرے ایام میں قضا رکھنا پڑیگا۔

حاملہ عورت کا روزہ

حاملہ عورت اور دودھ پلانے والی عورت کو اگر روزہ رکھنے کے سبب سے خوف ہو اپنی جان کا یا بچہ کا تو جائز ہے کہ روزہ نہ رکھے پھر قضا رکھ لے اور حیض و نفاس والی عورت روزہ رمضان نہ رکھے جب پاک ہو جائے جتنے روزے گئے ہوں ان کی قضا رکھ لے۔

Marfat.com

بوڑھے کا روزہ

شیخ فانی یعنی ایسا بڈھا آدمی جس کو طاقت روزہ رکھنے کی نہ ہو اور آئندہ کو بھی توقع اس بات کی نہ ہو کہ اس میں طاقت آجائے گی، روزہ نہ رکھے اور روزہ کے عوض ایک مسکین کو دونوں وقت پیٹ بھر کر کھانا کھلائے یا نصف صاع (ایک سو بنیتیس تولہ ایک سیر گیارہ چھٹانک) گیہوں ایک مسکین کو دے ایک دن میں ایک مسکین کو ایک دن سے زیادہ کا فدیہ دینا جائز نہیں۔ اور ایک دن میں کئی مسکینوں کو ایک ایک دن کا دینا البتہ جائز ہے۔ اگر ایک مسکین کو تیس دن تک ہر روز ایک دن کا فدیہ دیدیا کرے تو یہ بھی جائز ہے۔

روزہ افطار کا وقت

روزہ افطار کرنے کے بارے میں تعجیل کی بہت تاکید آئی ہے جب غروب آفتاب کا یقین ہو جائے پھر افطار میں تاخیر کرنا برا ہے۔ قرآن مجید میں آیا ہے:- ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ط ترجمہ تمام کرو روزے کو رات تک۔ غروب آفتاب کے بعد روزہ افطار کرنا اور رات کا جزو شامل کر لینا بیجا ہے بلکہ جلد روزہ افطار کر لینا مسنون ہے۔ کتب احادیث میں اس کی تاکید آئی ہے افطار میں جلدی کرنا مستحب ہے۔ روزہ قبل مغرب افطار کرنا چاہیئے نہ بعد کے (جیسا کہ یہود اور نصاریٰ بعد ظاہر ہونے ستاروں کے روزہ افطار کرتے ہیں) چھوارے سے افطار کرنا مسنون ہے، اور اگر موجود نہ ہو

Marfat.com

تو پانی سے افطار کر لے۔

افطار کے وقت پڑھنے کی دُعا

روزہ افطار کرتے وقت یہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ وَتَقَبَّلْ مِنِّيْ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

(ترجمہ) اے اللہ روزہ رکھا میں نے تیرے لئے اور ایمان لایا میں تجھ پر اور بھروسہ کیا میں نے تجھ پر اور افطار کیا میں نے رزق سے تیرے پس تو قبول کر مجھ سے تحقیق تو ہے سننے والا جاننے والا۔

مذمت تارک الصوم

جو لوگ روزہ نہیں رکھتے اگرچہ ان کی برائی میں بہت سی روایتیں کتب دینیہ میں تحریر ہیں لیکن اختصار کے طور پر یہاں تھوڑا سا بیان کیا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام پاک میں فرمایا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ۝

(ترجمہ) اے ایمان والو فرض کئے گئے ہیں اوپر تمہارے روزے جیسے فرض کئے گئے تھے ان لوگوں پر جو تم سے پہلے تھے شاید کہ پرہیزگاری حاصل کرو۔ دن گنتی کے۔

اگرچہ یہ آیت شریف فضائل رمضان شریف میں واسطے فرضیت روزہ کے پہلے لکھی جا چکی ہے لیکن چونکہ اسی آیت سے مذمت روزہ نہ رکھنے والوں

Marfat.com

کی بھی پائی جاتی ہے لہذا اس موقع پر مکرر لکھی گئی ہے۔ اس آیت سے روزہ نہ رکھنے والوں کی چار طرح برائی نکلتی ہے۔ ایک تو یہ کہ اللہ تعالیٰ نے انسان پر روزہ فرض کیا جس نے روزہ نہ رکھا وہ تارک الفرض ہوا۔ اور فرض کا ترک کرنا بڑا گناہ ہے۔ دوسرے یہ کہ روزہ طریقہ ہے انبیائے ماقبل کا حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر جناب خاتم النبیین صلے اللہ علیہ وسلم تک سب پیغمبر اور ان کی اُمتیں روزہ رکھتی رہیں پس جو شخص روزہ نہ رکھے وہ جملہ انبیائے کرام کے طریقہ سے منحرف ہے۔ تیسرے یہ کہ روزہ سبب ہے حصول تقویٰ کا اور تقویٰ جڑ ہے سب نیکیوں کی۔ جو شخص روزہ نہ رکھے وہ طریقہ تقویٰ سے محروم رہتا ہے چوتھے یہ کہ خدائے تعالیٰ فرماتا ہے کہ گنتی کے دن روزہ رکھنا ہم نے فرض کیا ہے ساری عمر کا نہیں ہے برس کا نہیں چھ مہینے کا نہیں کمال بے ہمتی اور نامردی ہے کہ اپنے مالک منعم رحیم قدیر کے حکم کے موافق انسان تھوڑے دنوں کی محنت کو گوارا نہ کرے۔

رمضان میں دن کو بے عذر کھانا کھانیوالا واجب القتل ہے

رمضان شریف کا روزہ نہ رکھنا ایسا بڑا گناہ ہے کہ درمختار وغیرہ کتب معتبرہ میں لکھا ہے کہ جو شخص رمضان میں دن کو بے عذر برملا کھائے اُس پر سزائے موت واجب ہے۔ روزہ دار کو چاہیئے کہ جھوٹ اور غیبت سے محترز رہے صحیح بخاری میں ہے کہ حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو آدمی جھوٹ بولنا اور جھوٹ کے موافق عمل کرنا نہ چھوڑے تو خداوند تعالیٰ کو اس بات

Marfat.com

کی حاجت نہیں ہے کہ وہ اپنا کھانا پینا چھوڑ دیں اور صحیحین میں ہے کہ آپ نے فرمایا۔ کہ جب تم میں سے کسی کا روزہ ہو تو گالی نہ بکے اور شور نہ کرے اور جو کوئی اس سے گالی گلوج یا لڑے تو کہدے کہ میں روزہ دار ہوں اور درود پڑھ کر دوسری جگہ جا بیٹھے۔

روزہ میں جھوٹ اور غیبت سے پرہیز کی سخت تاکید

غیبت سے بہت پرہیز چاہیئے۔ کیونکہ غیبت کے بارے میں کلام مجید میں یہ لکھا ہے کہ غیبت کرنے والا گویا اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھاتا ہے۔ اس لئے بعض احادیث میں آیا ہے کہ غیبت کرنے والے کو آپ نے (یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے) پھر روزہ رکھنے کا حکم دیا اور سب علماء کا اتفاق اس بات پر ہے کہ غیبت کے سبب سے روزہ میں اشد کراہیت آجاتی ہے۔ عجب بات یہ ہے کہ غیبت بہت کثرت سے کی جاتی ہے اور بہت سے آدمی غیبت کی حقیقت نہیں سمجھتے۔ مختصر طور پر غیبت کی تعریف لکھی جاتی ہے۔

غیبت اس کو کہتے ہیں کہ کسی مسلمان کا اس کے پیچھے ایسا ذکر کرے جو اس کے آگے نہ کر سکتا ہو۔ یا جس کے روبرو کہنے سے وہ برا مانے۔ اگرچہ وہ بات سچی ہو۔ مثلاً کوئی شخص حقیقت میں کالا ہو اور کوے سے مشابہ رنگ ہو اگر اسکے پیچھے یہ کہے کہ فلاں شخص کی صورت کوے کی ہے اور اس کے سامنے کہنے سے وہ برا مانے۔ پس یہ غیبت ہو جائے گی۔ یا کوئی شخص حقیقت میں کانا ہو اگر کوئی شخص اس کے سامنے اس کو کانا کہے گا تو وہ برا مانے گا بعد اس کے

پیچھے کانا کہے گا غیبت ہو جائے گی۔ جھوٹ ہونا اس وصف کا شرط نہیں ہے۔ روزہ دار کو چاہیئے کہ اپنی زبان کو سنبھالے رکھے اور جہاں تک ہو سکے غیبت سے بچائے رکھے۔ بڑے افسوس کی بات یہ ہے کہ انسان تمام دُنیا کی بھوک پیاس کی سختی اور ایسی عبادت عظیمہ کا ثواب جس کے بے حساب بدلے دینے کا خدائے تعالیٰ خود وعدہ فرماتا ہے۔ ایک بات کہنے سے ضائع کر دے۔ صحیح ترمذی میں ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب بندہ جھوٹ بولتا ہے تو اس کے مُنہ سے ایسی بد بو نکلتی ہے کہ فرشتہ اس سے کوس بھر دور بھاگ جاتا ہے اور صحیح حدیث میں آیا ہے کہ روزہ دار کے منھ کی بو خدائے تعالیٰ کو بوئے مشک سے زیادہ پسند ہے۔ پس روزدار کو چاہیئے کہ اپنے روزہ کی پاکیزگی کو ایسی بدبو سے، جس سے فرشتے بھی نفرت کریں خراب نکرے اور ایسی خوشبو کو جو خاص اللہ کو پسند اور محبوب ہو ایسی بدبو سے نہ بدلے۔

تراویح کا بیان

جاننا چاہیئے کہ رمضان شریف کے مہینہ میں ہر شب بعد نماز عشاء کے قبل نماز وتر کے بیس رکعتیں دس سلام ادا کرنا سنّت موکدہ ہیں۔ مردوں اور عورتوں کے لئے اور جماعت سے مسجد میں ادا کرنا اس طرح سنت موکدہ ہے کہ ایک ختم قرآن نماز تراویح رمضان میں پڑھنا یا سننا سنت ہے اور دو ختم مستحب اور تین افضل ہیں اور تین شب سے کم میں ختم قرآن مجید کا مکروہ ہے۔ (ایک ختم سے کم نہ کرے اگرچہ مقتدی کاہلی کریں) رمضان شریف کا چاند

Marfat.com

دیکھ کر تراویح شروع کرے اور شوال کا چاند دیکھ کر چھوڑ دے۔ اگرچہ درمیان میں ایک ختم پورا ہو چکا ہو تو بھی تراویح کی بیس رکعت ادا کیا کرے۔ سورہ الم ترکیف سے دس سورۃ دس رکعتوں میں پڑھے اور باقی دس میں پھر وہی سورتیں مکرر پڑھے۔ یا ہر رکعت میں جو چاہے پڑھے مگر امام قاری قرآن اور سامع مقتدی نماز تراویح میں قرآن مجید میں دیکھ کر ہرگز نہ پڑھے نہ سُنے اور مقتدی کا چپکے بیٹھے رہنا اور وقت رکوع امام کے نماز میں ملنا بُرا ہے۔ ادائے سنت میں نقصان آتا ہے۔ سنت یہ ہے کہ پورا ختم ایک قرآن کا نماز میں سُنے اور چار رکعتوں کے پیچھے بقدر چار رکعتوں کے بیٹھنا اور درود و تسبیح پڑھنی مستحب ہے۔ یہ ایک تروِیحہ ہوا۔ اب چاہیئے کہ ان بیس رکعتوں کو پانچ ترویحوں سے اسی طرح ادا کرے اور ہر ترویحہ چار رکعت کا دو سلام سے ادا کرے۔

نماز تراویح کی نیت

نماز تراویح کی نیت یہ ہے۔ اُصَلِّیْ رَکْعَتَیْ صَلٰوۃِ سُنَّۃِ التَّرَاوِیْحِ لِلّٰہِ تعالیٰ یا اپنی زبان اُردو میں ایسی نیت کرے کہ نماز پڑھتا ہوں دو رکعت سنت تراویح کی خدائے تعالیٰ کے واسطے متوجہ ہو کر کعبہ شریف کی طرف۔ اللہ اکبر۔ بعد ادائے بیس رکعت تراویح کے ترویحہ کرے۔ یعنی بقدر چار رکعت کے بیٹھے رہے اور بعد اس کے تین رکعت وتر پڑھے۔ سوائے رمضان شریف کے اور کبھی وتر جماعت سے جائز نہیں۔ اور ہر ایک نماز نفل سوائے تراویح کے جماعت سے مکروہ ہے۔ اگر فرض نماز عشاء اکیلے پڑھے یا دوسرے امام کے ساتھ

Marfat.com

پڑھے تو نماز تراویح اور وتر جماعت سے اُس امام کے ساتھ پڑھنی جائز ہے اور جو نماز فرض عشاء یا تراویح جماعت سے نہ پڑھی ہو تب بھی نماز وتر جماعت سے پڑھنی جائز ہے۔ اگر تراویح کی کچھ رکعت باقی ہوں تو وتر کی جماعت میں شریک نہ ہو۔ علیحدہ نماز تراویح ختم کر کے پھر وتر پڑھنا چاہیے۔ حتی المقدور جماعت فرض عشاء کی ترک نہ کرے اور بعد تراویحہ کے یہ تسبیح تین بار پڑھے۔

تسبیح جو چار رکعت کے بعد پڑھی جاتی ہے

سُبْحَانَ ذِي الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوتِ ط سُبْحَانَ ذِي الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْجَبَرُوتِ ط سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَيِّ الَّذِي لَا يَنَامُ وَلَا يَمُوتُ أَبَدًا أَبَدًا سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰئِكَةِ وَالرُّوحِ ط

ترجمہ پاکی سے یاد کرتا ہوں میں اللہ صاحب مالک اور صاحب بادشاہت کو، پاکی سے یاد کرتا ہوں میں اللہ صاحب مالک اور صاحب بادشاہت کو، پاکی سے یاد کرتا ہوں میں صاحب غلبہ اور صاحب عظمت اور صاحب ہیبت اور صاحب قدرت اور بڑائی والے صاحب بزرگی اور صاحب قہر کو، پاکی سے یاد کرتا ہوں میں بادشاہ کو ایسا کہ زندہ ہے ہمیشہ نہ سوتا ہے اور نہ مرتا ہے کبھی۔ بڑا پاک ہے۔ بہت پاکیزہ ہے معبود ہمارا اور معبود فرشتوں کا اور روح کا۔

روح نام ہے ایک فرشتہ کا بعد اسکے دونوں ہاتھ سینہ کی برابر اٹھا کے یہ مناجات پڑھے

مناجات

اللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ وَ

ترجمہ: اے خدا تحقیق ہم مانگتے ہیں تجھ

Marfat.com

نَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ یَا خَالِقَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ بِرَحْمَتِكَ یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ یَا کَرِیْمُ یَا سَتَّارُ یَا رَحِیْمُ یَا جَبَّارُ یَا خَالِقُ یَا بَارُّ اَللّٰھُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ یَا مُجِیْرُ یَا مُجِیْرُ یَا مُجِیْرُ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ؕ

جنت اور پناہ پکڑتے ہیں تیری آگ سے اے پیدا کرنے والے جنت اور دوزخ کے واسطے رحمت تیری کے اے غالب اے بڑے بخشنے والے اے کرم کرنے والے اے چھپانیوالے عیبوں کے اے رحم کرنیوالے اے قہر کرنیوالے اے پیدا کرنیوالے ہر چیز کے اے نیکی کرنیوالے اے خدا بچا ہم کو آگ سے اے بچانے والے اے بچانے والے اے بچانے والے ساتھ رحمت اپنی کے اے بڑے رحمت کرنیوالے سب رحم کرنے والوں سے۔

اسی طرح چار چار رکعت کے بعد یہ تسبیح اور یہ مناجات پڑھے اور چاہے اور کوئی تسبیح یا دعا پڑھے یا چپکا بیٹھا رہے۔ مگر لغو اور دنیا کا کلام نہ کرنا چاہیئے۔ مردوں کو فرض نماز و تراویح مسجد میں جماعت سے ادا کرنا افضل ہے۔ گھر میں پڑھنے سے حافظ قرآن صحیح خواں کو مقدم کریں۔ خوش الحان، غلط خواں پر۔ امام کو چاہیئے کہ رعایت حال مقتدیوں کی ملحوظ رکھے۔ اس قدر قرات طویل نہ کرے کہ مقتدی تنگ اور پریشان ہو جائیں اور دونوں رکعت میں برابر پڑھے یا اوّل رکعت میں چار آیتیں زیادہ پڑھے اور زیادہ اس سے نہ بڑھائے اور دوسری رکعت میں اوّل رکعت سے زیادہ پڑھنا مکروہ ہے۔ قرآن شریف ترتیل سے ٹھہر ٹھہر کر برعایت ادائے حروف کے مخارج سے اور خیال اعراب اوقاف کے پڑھنا چاہیئے۔ دو یا چند امام نماز تراویح پڑھائیں تو جائز ہے مگر ایک تراویحہ یعنی چار رکعت سے کوئی کم نہ پڑھائے۔ اگر کوئی آیت یا رکوع بھول جائے۔ جب یاد آئے اس کو نماز تراویح پڑھ لے۔ فرض عشا اور

Marfat.com

نماز وتر میں اس کو نہ پڑھے۔ اس واسطے کہ پورا ایک قرآن ختم کرنا نماز تراویح میں سنت ہے۔ نماز تراویح میں تمام ختم قرآن میں ایک جگہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پکار کے امام کو پڑھنا چاہیئے۔ سوائے اس آیت بسم اللہ کے جو سورۂ نمل میں واقع ہے۔ ورنہ ختم ناقص ہوگا۔ اس واسطے کہ امام اعظم رحمتہ اللہ علیہ کے مذہب میں بسم اللہ ایک آیت ہے قرآن کی اور جز کسی صورت کا نہیں اور عادت حافظوں کی ہے کہ وقت ختم سورۂ اخلاص بسم اللہ پڑھتے ہیں اور خارج نماز کے وقت ختم قرآن سورۂ والضحےٰ سے سورۂ الناس تک ہر سورۃ کے آخر میں لَا اِلٰہَ اللّٰہُ وَاللہُ اَکْبَرُ کہنا سنت ہے۔ اور آیات متفرقہ جا بجا کا وقت ختم کرکے پڑھنا مکروہ ہے۔ چاہیئے کہ وقت ختم ایک رکعت میں بعد الحمد کے معوذتین یعنی قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس اور پھر دوسری رکعت میں بعد الحمد کے شروع سورہ بقر مفلحون تک پڑھ کے رکوع کرے اور کچھ اس پر اضافہ نہ کرے اور جب بیس رکعت تمام ہوں تب وتر کو جماعت کے ساتھ ادا کرے اور امام تین رکعت وتر کو بآواز بلند پڑھے اور مقتدی چپ رہیں اور رکوع اور سجدہ میں امام کی متابعت کریں۔ جماعت کیطرح پر امام وتر میں پہلی رکعت میں الحمد کے بعد سَبِّحِ اسْمِ یا اِنَّا اَنْزَلْنَا پڑھے اور دوسری رکعت میں قُلْ یَا اَیُّھَا الْکَافِرُوْنَ پڑھے۔ بعد اس کے بیٹھے اور التحیات پڑھ کر اٹھے۔ اور فاتحہ کے بعد قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ باآواز بلند پڑھے۔ بعد اس کے دونوں ہاتھ کانوں کی لوتک پہنچا کے اللہ اکبر کہہ کے ہاتھ باندھ لے اور دعائے قنوت آہستہ پڑھے اور مقتدی بھی دعائے قنوت پڑھیں۔ اس کے بعد اسکے رکوع سجدہ کرکے تمام کرے اور دعائے قنوت ہاتھ باندھے ہوئے پڑھے۔

تراویح بزمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نماز تراویح کا پڑھنا سنت ہے کیونکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نماز کو پڑھا ہے اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو واسطے پڑھنے کے ارشاد فرمایا۔ یہاں تک کہ مسجد اندر اور باہر سے مقتدیوں سے بھر گئی۔ پھر حضرت نے چند بار نماز تراویح کو چھوڑ دیا اور فرمایا کہ اگر میں ہر روز پڑھوں تو ڈرتا ہوں کہ نماز تم پر فرض نہ ہو جائے۔

زمانہ صدیق اکبرؓ

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ تحقیق عرش کے نیچے ایک جگہ ہے اور اس کا نام حظیرۃ القدس ہے اور جگہ نور کی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس جگہ سے اپنے بندوں کو دیکھتا ہے جو نماز تراویح پڑھتے ہیں۔

زمانہ عمر فاروقؓ

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں تراویح ہر روز پڑھی گئی۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ جو اس سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جان کر ترک کرے گا۔ میں اس کو ترک کر دوں گا۔

زمانہ علی کرم اللہ وجہہ

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ اس سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

یعنی نماز تراویح کو سوائے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اور کسی نے اختیار نہیں کیا۔ حضرت عمرؓ کے زمانۂ خلافت میں مسجدیں اندر اور باہر سے بھر جاتی تھیں۔ ماہ رمضان المبارک میں صائم یعنی روزہ دار کے واسطے رات کو اپنی منکوحہ سے نزدیکی کرنا جائز ہے۔ ابتدائے اسلام میں بعد افطار کے نماز عشاء تک اگر آدمی جاگتا رہے کھانا پینا نزدیکی کرنا حلال تھا۔ بعد عشاء کے یا جو عشاء سے پہلے سو جائے اسی وقت سے حرام ہو جاتا تھا۔ اہلِ عرب بسبب کمال قوت کے عورتوں پر صبر نہ کر سکتے تھے۔ بعض بعد نماز عشاء نزدیکی میں مبتلا ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر کمال ترحم خسروانہ فرما کر اپنی رحمت سے یہ آسانی فرمائی کہ ماہ صیام میں شب کو نزدیکی کو حلال فرمایا۔ چنانچہ اپنے کلام پاک میں ارشاد فرمایا ہے۔

أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَىٰ نِسَائِكُمْ ط

ترجمہ:۔ حلال کیا گیا شب رمضان میں تمہارے واسطے نزدیکی اپنی عورتوں سے۔

اعتکاف

اعتکاف کے معنی گوشہ نشینی کے ہیں اور عشرہ رمضان میں اعتکاف سنت موکدہ علی الکفایہ ہے۔ اگر کوئی بھی اعتکاف نہ کرے تو سب کے ذمہ ترک سنت کی برائی رہے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ آخر عشرہ رمضان شریف میں اعتکاف فرمایا کرتے تھے۔ پس سنت یہ ہے کہ بیسویں رمضان کو قبل غروب آفتاب کے بعد اس کے اکیسویں شب شروع ہو جاتی ہے۔ بقصد اعتکاف مسجد میں داخل ہو اور دن رات شوال کا چاند نظر آنے تک وہیں رہے۔

Marfat.com

حقیقت اعتکاف

حقیقت اعتکاف یہ ہے کہ غلام باظہار کمال عاجزی اپنے آقا کے گھر آپڑا۔ اس لئے یہ ٹھہرنا بھی عبادت ہے مگر چاہیئے کہ بلا لحاظ ماہ مبارک اور مقام متبرک مسجد کے ایسے وقت میں عبادت میں زیادہ کوشش کرے اور تلاوت قرآن مجید اور درود اور ذکر الہی اور نوافل میں مشغول رہے۔ بالکل چپ رہنا اعتکاف میں مکروہ ہے اور بیہودہ کلام کرنا اس سے زیادہ مکروہ ہے۔

مسائل اعتکاف

اعتکاف سوائے اس مسجد کے کہ جس میں نماز پنجگانہ ہوتی ہو جائز نہیں اعتکاف میں سوائے حوائج ضروری پیشاب یا پاخانے یا نہانے کے اور کوئی حاجت ہو مسجد سے باہر جانا جائز نہیں۔ اگر ذرا سی دیر کو بھی مسجد سے باہر جائیگا تو اعتکاف ٹوٹ جائے گا۔ معتکف کو جمعہ کی نماز کے لئے جامع مسجد میں جانا جائز ہے۔ مگر سنتیں پڑھنے سے زیادہ نہ ٹھہرے اگر زیادہ جامع مسجد میں ٹھہرے گا تو اعتکاف نہ ٹوٹے گا۔ کیونکہ وہ مسجد ہے لیکن بہتر نہیں کہ حوائج ضروری کے واسطے مسجد سے باہر نکلے۔ بعد فراغت کے ذرا ٹھہر جائے تو اعتکاف ٹوٹ جائے گا اور اسی طرح مسجد کے راستہ میں اگر ذرا دیر ٹھہر جائے تو اعتکاف ٹوٹ جائے اعتکاف میں وطی (نزدیکی) اور عورت سے مل کر بیٹھنا عبث ناجائز ہے۔ وطی سے اعتکاف باطل ہو جاتا ہے اور مل کر بیٹھنے سے بحالت منزل ہونے کے اعتکاف باطل ہوگا۔ عورت کو

Marfat.com

مسجد میں اعتکاف ہرگز درست نہیں۔ اپنے گھر میں جو مکان واسطے نماز کے بطور نماز تہجد کے الگ مقرر کیا ہو اس میں اعتکاف کرے۔ اعتکافِ نفل ذرا سی دیر کا بھی ہو سکتا ہے۔ موافق امام محمد رحمۃ اللہ علیہ اور ظاہر روایت کے امام صاحبؒ سے اور اسی پر فتویٰ دُرِ مختار میں ہے۔ پس جب آدمی نماز کیلئے مسجد میں جائے نیت اعتکاف کی کرلیا کرے جتنی دیر مسجد میں ٹھہرے ثواب اعتکاف کا پائیگا۔

نماز عید الفطر

عید کے دن مستحب ہے کہ غسل اور مسواک کرے۔ اور خوشبو لگائے اور اچھے اچھے کپڑے پہنے۔ اور عید گاہ میں جانے سے پہلے صدقہ فطر ادا کرے کیونکہ واجب ہے۔

صدقہ عید الفطر

اس پر دینا واجب ہوتا ہے جو صاحب نصاب ہو۔ یعنی ساڑھے باون تولہ چاندی، ساڑھے سات تولہ سونے کا مالک ہو۔ زائد حوائج اصلی سے اور اس قدر یا اس سے زیادہ کا قرضدار نہ ہو۔ حوائج اصلی سے مراد رہنے کا مکان اور پہننے کے ضروری کپڑے اور خانہ داری کے ضروری اسباب ہے صدقہ فطر کی مقدار نصف صاع گیہوں یا ایک صاع جَو ہے (ایک صاع ۲۷۰ تولہ اور نصف صاع ۱۳۵ تولہ کا ہوتا ہے) اپنے شہر کے وزن کے مطابق حساب کرلیا جائے۔ اس نواح کے وزن کے موافق یعنی ڈیڑھ سیر اور تین چھٹانک ہوتے ہیں اسی حساب

Marfat.com

سے صدقہ فطر اپنی طرف سے اپنی اولاد نابالغ کی طرف سے ادا کرے اگر غلام یا لونڈی رکھتا ہو تو ان کی طرف سے بھی ادا کرنا چاہیئے۔ عید الفطر کے روز مستحب ہے کہ عیدگاہ جانے سے پہلے کچھ شرینی کھالے۔ اور عیدگاہ کو جاتے ہوئے راستہ میں آہستہ آہستہ تکبیر اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ کہتا ہوا جائے۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک راہ سے تشریف لے جاتے اور دوسری راہ سے واپس تشریف لاتے۔ ایسا کرنا مستحب ہے۔ وقت نماز عید کا اس وقت ہے جب آفتاب ایک نیزہ بلند ہو جائے اور دوپہر تک باقی رہتا ہے اور نماز عید کی واجب ہے۔ دو رکعتیں بے اذان اور بے تکبیر کے عیدگاہ میں پہنچکر وہاں کوئی نفل نماز نہ پڑھے۔ جب لوگ جمع ہو جائیں تو دو رکعتیں امام کے ساتھ اس طرح ادا کرے۔

عید الفطر کی دو رکعت نماز کی نیت

نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ رَکْعَتَیْ صَلٰوۃِ عِیْدِ الْفِطْرِ لِلّٰہِ تَعَالٰی مَعَ تَکْبِیْرَاتٍ سِتَّۃٍ اِقْتَدَیْتُ بِھٰذَا الْاِمَامِ مُتَوَجِّھًا اِلَی الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط

ترجمہ:۔ اپنی زبان میں یوں کہے "نیت کرتا ہوں میں دو رکعت نماز عید الفطر کی واسطے اللہ تعالیٰ کے معہ چھ تکبیروں کے پیچھے اس امام کے متوجہ ہو کر کعبہ شریف کی طرف۔ اللہ اکبر۔

ترکیب نماز عید الفطر

پہلی رکعت میں سب نمازی بعد تکبیر تحریمہ کے ہاتھ باندھ کر سُبْحَانَکَ

اَللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰی جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ

آہستہ پڑھیں۔ پھر تین بار کانوں تک دونوں ہاتھ اٹھائیں اور ہر بار اللہ اکبر کہکر ہاتھوں کو چھوڑ دیں، باندھیں نہیں۔ تیسری بار ہاتھ زیر ناف باندھ لیں۔ اور امام اعوذ باللہ اور بسم اللہ آہستہ پڑھکر قرأت بآواز بلند شروع کرے مقتدی حسب معمول چپکے ثنا کریں اور دوسری رکعت میں جب امام قراءت سے فارغ ہو تین تکبیریں کہے اور ہاتھ کانوں تک اٹھائیں اور چھوڑ دیں باندھیں نہیں تیسری تکبیر کے بعد اللہ اکبر کہہ کر ہاتھ چھوڑے ہوئے رکوع میں جائیں۔ اور دونوں رکعت تمام ہونے کے بعد امام خطبہ بآواز بلند پڑھے (خطبہ جمعہ اور عید الفطر آخر میں یکجا لکھے گئے ہیں ملاحظہ فرمائیں)

مسائل متفرقہ متعلقہ نماز عید الفطر

عید کی نماز مسافر اور غلام اور مریض اور عورت اور اندھے اور لنگڑے پر واجب نہیں اور اس کی ادا کے واسطے جماعت اور شہر شرط ہے جو شخص نماز عید میں امام کو پہلی رکعت میں آکر امام کے تکبیر کہنے کے بعد شامل ہو اس کو چاہیے کہ بعد تکبیر تحریمہ کے تینوں تکبیر آہستہ کہہ لے اور ہاتھ بھی اٹھائے جو شخص نماز عید میں امام کو پہلی رکعت میں رکوع میں پائے اگر وہ جانے کہ جب میں تینوں تکبیریں کہوں گا تب تک امام سے سر نہ اٹھائے گا تو بعد تحریمہ کے تینوں تکبیریں ہاتھ اٹھا کے زبان سے کہہ کے رکوع میں شامل ہو جائے اور جو جانے کہ جب تک میں تکبیر کہونگا امام رکوع سے سر

اُٹھالے گا۔ تو اس کو چاہیئے کہ رکوع میں شامل ہو جائے اور وہاں تینوں تکبیریں بے ہاتھ اُٹھائے کہہ لے اور کوئی تکبیر باقی رہ گئی اور امام نے رکوع سے سر اُٹھایا تو یہ تکبیریں اس سے ساقط ہو گئیں۔ یہ بھی امام کے ساتھ سر اُٹھائے جو شخص ایسے وقت نماز عید میں شریک ہو کہ امام کو بعد رکوع رکعت اولی قومہ میں یا بعد اُس کے پائے اُس کو چاہیئے کہ تکبیریں نہ کہے بلکہ بعد سلام پھیرنے امام کے اپنی رکعت باقی پوری کرے۔ اس میں تینوں تکبیریں کہہ لے۔ اور در مختار میں لکھا ہے کہ بعد قراءت کے تینوں تکبیریں کہے نہ قبل قرات کہ نہ کہے۔ بعد نماز کے خطبہ سُننے کی کوشش کرے۔

شش عید روزوں کے فضائل

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص بعد رمضان کے شوال کے مہینہ میں چھ روزے رکھے گا تمام رمضان کے روزوں کا ثواب پائے گا۔ اور فرمایا حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص شوال کے مہینہ میں چھ روزے رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے نامۂ اعمال میں ثواب تمام امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا لکھتا ہے اور جنت میں اس کو امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ جگہ عطا فرمائے گا اور یہ بھی فرمایا کہ جو رکھے چھ روزے ماہ شوال کے اسکو چالیس شہداء کا ثواب ملے گا اور شش عید کے روزے رکھنے والا ماہ شوال میں مر گیا تو شہادت کا مرتبہ پائے گا۔ حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہٗ سے

Marfat.com

روایت ہے کہ قوم لوط علیہ السلام کی روز دوشنبہ کو ہلاک ہوئی اور وہ شوال کا پہلا دن تھا۔ اور اصحاب اخدود النار یکشنبہ کو برباد ہوئی وہ روز بھی اوّل ماہ شوال کا تھا اور فرعون اور تمام لشکر اس کا سہ شنبہ کو دریا میں غرق ہوا وہ دن بھی اول ماہ شوال کا تھا اور قوم عاد کی ہوا میں ہلاک ہوئی۔ وہ دن چہار شنبہ اور مہینہ شوال کا تھا اور قوم حضرت صالح پر عذاب نازل ہوا وہ یوم پنجشنبہ اور مہینہ شوال کا تھا۔

ایک روایت ہے کہ فرماتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے روزہ دار بندوں کو اے میرے بندو روزے رکھے تم نے مہینہ رمضان کے اور روزے رکھے تم نے چھ شوال کے۔ اب واجب ہوئی مجھ پر تمہاری بخشش۔ غرضکہ ان چھ روزوں کے فضائل بہت سی احادیث سے ثابت ہوئے ہیں۔ بطور اختصار کے اسی پر اکتفا کیا گیا۔ اور چھ روزے شش عید کے مہینہ میں برابر رکھنا ضروری نہیں بلکہ تمام ماہ شوال میں چھ روزے متفرق رکھے۔ دو دن برابر روزہ رکھنا کہ درمیان میں افطار نہ کیا جائے مکروہ ہے اور عیدین اور ایام تشریق (بقرعید کی گیارہویں بارہویں، تیرہویں) کے روزے حرام ہیں۔ یہاں تک تیسرا ارکان اسلام یعنی روزہ رمضان وتراویح تمام ہوئے۔ اب آگے انشاء اللہ چوتھا رکن اسلام یعنی زکوٰۃ کا بیان ہوگا۔

اسلام کا چوتھا رکن زکوٰۃ ہے

ارکان اسلام میں سے چوتھا رکن زکوٰۃ ہے۔ زکوٰۃ کے معنی لغت میں افزونی

Marfat.com

یعنی زیادہ ہونے کے ہیں۔ ذکاء سے ماخوذ کیا گیا ہے اور شریعت میں اس چالیسویں حصّہ کو کہتے ہیں جو صاحب نصاب اپنے مال سے خدا کی راہ میں دے۔ زکوٰۃ کا دینا ہر مسلمان آزاد بالغ پر صاحب نصاب ہو واجب ہے جو شخص اس کو واجب نہ جانے وہ کافر ہے اور جو شخص جانتا ہے کہ زکوٰۃ مالدار پر واجب ہے اور باوجود واجب جاننے کے اس کی ادائیگی میں کاہلی کرتا ہے یا نہیں ادا کرتا وہ شخص بڑا گنہگار ہے۔ جب عرب کی بعض اقوام نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت کے بعد چاہا کہ زکوٰۃ ادا نہ کریں تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے ان پر تشدد کیا اور فرمایا کہ اگر کوئی ایک رسی جس کو وہ زکوٰۃ میں دیا کرتا تھا روک دے تو میں اُس سے جہاد کروں گا۔

زکوٰۃ کے معنیٰ اور اسکی نفس سے مناسبت

زکاء کے معنیٰ جس سے زکوٰۃ ماخوذ ہے طہارت اور پاکی کے بھی ہیں کیونکہ مال زکوٰۃ کے دینے سے پاک ہو جاتا ہے اور نجاست بخل سے نجات حاصل ہو جاتی ہے اور بھی اس کا اطلاق نفس واجب پر بھی آتا ہے اور اُسے زکوٰۃ کہنا بسبب مناسبات مذکورہ کے ہے یعنی مال اس کے سبب سے پاک اور با برکت ہو جاتا ہے۔ یا اس وجہ سے کہ وہ زکوٰۃ دینے والے کا تزکیہ کرتی ہے اور اسکی صحت ایمان پر گواہی دیتی ہے اور صدقہ اس لئے کہتے ہیں کہ وہ صدق دعوئ ایمان و دلیل ہے۔ اس لئے کہ جڑ روپیہ کی دل میں ہے۔ آدمی ہزار بار زبان سے دعوئ انقیاد یعنی فرمانبرداری اور محبت کا کرتا ہے لیکن روپیہ بے محبت و انقیاد قلبی صرف نہیں کیا جاتا جب

Marfat.com

مسلمانوں نے اپنا مال خدا کے حکم سے اس کی راہ میں صرف کیا۔ یقین ہوا کہ در حقیقت یہ دعویٰ ایمان اور محبت میں سچا ہے۔ بہت سے جھوٹے مدعیان محبت و ایمان اس امتحان میں ثابت قدم نہ رہے۔ ہزاروں احکام نفس پر سخت نماز و روزہ حج وغیرہ کیے اُٹھالئے مگر ایک روپیہ زکوٰۃ کے نام سے صرف نہ کرسکے۔

خاص و عام کی زکوٰۃ کی تفصیل

قارون مدعی ایمان تھا۔ زکوٰۃ نہ دے سکا۔ اور نفاق اس کا کھل گیا۔ اسی واسطے حکم بھی اس کا باعتبار دعویٰ کے مختلف ہوا۔ عوام کے واسطے اسی قدر کافی ہے کہ سال بھر بعد دوسو روپیوں میں سے پانچ روپیہ ادا کریں اور خواص کے لئے یہ حکم ہے کہ جو ہاتھ آئے خداہ کی راہ میں صرف کریں۔ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم ایک روز حضرت بلال رضی اللہ عنہ، کے یہاں تشریف لیگئے۔ تھوڑا سا ڈھیر خرمے کا پایا۔ آپ نے فرمایا کہ اے بلال تو کیا چاہتا ہے کہ تجھے آتشِ دوزخ کا دُھواں پہنچے۔ ایک بار انہیں سے ارشاد ہوا۔ اے بلال فقیر ہو کر مر نہ غنی ہو کر۔ عرض کیا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کیسے ہوسکتا ہے۔ فرمایا جو پاس ہو مت چھپا۔ اور جو مانگا جائے منع نہ کر۔ عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کیسے ہو۔ فرمایا 'یا یہ یا دوزخ۔

خواص کو زکوٰۃ

اصحاب صفہ میں سے ایک صحابی نے انتقال کیا اور ایک دینار ان کے پاس نکلا۔ فرمایا اس پر اس دینار سے داغ دیا جائے گا۔ اس لئے اہل صفہ کو

Marfat.com

دعویٰ تجرید اور تفرید کا نقصان کے لیئے ایک دینار رکھنا بھی گناہ ٹھیرا۔ کسی فقیہ نے حضرت شبلی رحمتہ اللہ علیہ سے پوچھا کہ زکوٰۃ کس مقدار پر ہے۔ فرمایا مذہب فقہا ہیں دو سو درم سے پانچ درہم اور ہمارے مذہب ہیں دو سو سے ایک بھی رکھنا جائز نہیں اس کی راہ ہیں سب خرچ کرنا اور اس کے شکر میں سب دینا چاہیئے فقیہ نے کہا مذہب ہمارا ائمہ دین سے ثابت ہے۔ آپ نے فرمایا ہمارا مذہب صدیقین ابو بکر رضی اللہ عنہ ثابت ہے کہ جو کچھ رکھتے تھے راہ خدا میں صرف کیا اور کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا۔

زکوٰۃ کے بارہ میں کسی کامل کا مقولہ

اے عزیز یہ فرقہ جملہ مال اپنا راہ خدا ہیں وقف کرتا ہے اور ماسوائے اللہ سے راہ مولیٰ میں کام نہیں رکھتا۔ یہی وجہ ہے کہ انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی میراث نہیں۔

حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ایک وقت ہیں پچاس ہزار درم خیرات کیئے اور اپنے کپڑوں ہیں پیوند لگے تھے۔ نئے نہ بنائے کسی کامل نے کیا خوب کہا ہے کہ ادر فرض عموم مخلوق کے واسطے ہیں مگر زکوٰۃ کہ صرف بخیلوں پر فرض ہے سخی کو اس قدر تاب کہاں کہ سال بھر تک دو سو درم جمع کرے مال نگاہ ہیں رکھنا اور برس کے بعد اس کا چالیسواں حصہ دینا کام بخیلوں کا ہے۔ اے عزیز مردان خدا جان تک راہ خدا ہیں دے چکے مال ان کے نزدیک کیا ہے حضرت صدیق اکبر رض نے تمام مال اور حضرت عمر فاروق رض نے آدھا مال راہ خدا ہیں لٹا دیا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاروق سے دریافت

Marfat.com

فرمایا کہ تم نے گھر والوں کے لئے کیا چھوڑا عرض کیا اسی قدر جو صرف کیا۔ حضرت صدیق اکبرؓ سے دریافت فرمایا کہ تم نے کیا چھوڑا عرض کیا اللہ سبحانہٗ تعالیٰ اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) ارشاد ہوا تم دونوں کے رُتبہ میں وہ فرق ہے جو تمہاری ان دونوں باتوں میں اوّل مرتبہ صدیقوں کے لئے مخصوص ہے۔ انہیں سابق الخیرات کہتے ہیں۔ اور مرتبہ ثانیہ میں وہ لوگ ہیں کہ مال جمع کرتے ہیں لیکن مقصود اپنے نفس پر صرف کرنا نہیں ہوتا بلکہ غایت اصلی یہ ہوتی ہے کہ محل وموقعہ دیکھتے ہیں اور وقت کے منتظر رہتے ہیں۔ جس جگہ صرف مال کا ثواب زیادہ اور مناسب تر ہوتا ہے صرف کرتے ہیں اپنے نفس کو کمال تکلیف سے رکھتے ہیں۔ پیشوا اس گروہ کے امیر المومنین حضرت عمرؓ ہیں اور بعض فرض زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور اپنے نفس پر تشدد کرتے ہیں کہ اس کے فائدہ کے لیئے مال زیادہ فرض سے نہیں دیتے۔ اور جو اس قدر بھی صرف نہیں کرتا اُس کا کہیں ٹھکانا نہیں ہے وہ بخیل ہے۔

زکوٰۃ کے متعلق رسول خدا کا فرمان

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جس نے روپیہ جمع کیا اور اس کی زکوٰۃ نہ دی روز قیامت اس روپیہ کو ایک بڑے اژدہے کی شکل پر لائیں گے جس کے سر پر بسبب نہایت طول عمر کے بال جھکر بھکر پڑے ہوں اور گنجا ہو گیا ہو وہ اژدہا اس کی طرف دوڑے گا یہ اُس سے بھاگے گا وہ اژدہا کہیگا کیوں بھاگتا ہے میں تیرا وہی مال ہوں جسے تو نے ایسے پیار اور محبت سے جمع کر کے رکھا تھا۔ اب کیوں بھاگتا ہے۔ آخر کہیں پناہ نہ پائے گا۔ اپنے ہاتھوں سے

Marfat.com

اسے روکے گا۔ وہ اس کا ہاتھ منہ میں لیکر چاٹ ڈالے گا۔ اور تا ختم حساب خلق اس کے ساتھ مشغول رہیگا۔

حدیث شریف میں آیا ہے کہ زکواۃ دینے والا بروز قیامت جب عذاب میں گرفتار ہوگا اس کی نگاہ غمخوار بیکسان شافع روز جزا صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ انور پر جا پڑے گی بے اختیار ہو کر چلائے گا یا رسول اللہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ حضور فرمائیں گے میں نے تجھے خدا کا حکم پہنچا دیا تھا:

زکوٰۃ واجب ہوتی ہے۔ ہر مسلمان آزاد عاقل بالغ پر جب وہ مالک نصاب کا ہوا اور وہ نصاب ضروری کاروبار اور قرض سے بچا ہوا ہو اور وہ نصاب قابل بڑھنے کے ہو اور اس پر ایک برس پورا گزرا ہو اور مقدار نصاب کی جسمیں نصاب واجب ہوتا ہے تین قسم ہے ایک قسم نقدی یعنی سونا اور چاندی کے نصاب سونے کا بیس مثقال ہے جس کے سات تولہ چھ ماشہ ہوتے ہیں۔ اور نصاب چاندی کا دوسو درم ہے (ساڑھے باون تولہ) اور نصاب میں زکواۃ کی مقدار چالیسواں حصہ ہے اگر چاندی بھی نصاب سے کم ہوا اور سونا بھی کم ہو تو دونوں کی قیمت پر اعتبار کر کے ایک کر لینا چاہیئے مگر قیمت کرنے میں رعایت فقرا کرنا لازم ہے مثلاً سونے کا بھاؤ بازار میں زیادہ ہے تو چاندی کو بھی سونے کی قیمت لگا دیں۔ اگر سونے کی قیمت کم ہے چاندی زیادہ قیمت پر ہے تو سونا چاندی کی قیمت پر لگائیں جو مال جنگل میں گاڑ دیا اور اس کا پتہ نہیں ملتا یا کسی کو قرض دیا وہ منکر ہے اس کا گواہ نہیں یا کسی نے غصب کیا اسکا گواہ نہیں یا کسی حاکم نے ظلم سے لیا اس کی کہیں فریادرسی نہیں بہر صورت ایسا مال جس کے ملنے کی توقع بالکل نہیں جب ہاتھ آئے زکواۃ لازم آئے گی یعنی ایسا مال جب ملجائے تب

Marfat.com

سب گزشتہ سالوں کی زکوٰۃ حساب کرکے فوراً ادا کردے۔ سال گذرنے کا انتظار نہ کرے اور جسکی امید ہے جیسے مال گھر میں گڑا ہے لیکن اُمید ہے کہ گھر میں ہے کبھی ضرور ملیگا یا قرض ہے اور اس کے گواہ کاغذ ہیں یا کسی حاکم نے لیا تو اس کے واسطے دوسری جگہ نالش کرنے سے واپس ہوگا ایسا مال گو بظاہر اسکے پاس نہیں مگر اسی کی ملک ہے اس لیئے اس کی زکوٰۃ ہر سال ادا کرتا رہے اور جو مال مہر وغیرہ کی قسم سے ہو وہ جس وقت ملے اور سال گزر جائے تب زکوٰۃ دے۔

استعمالی زیور اور غلہ پر زکوٰۃ

زیور استعمالی روزمرّہ کا ہو یا رکھا ہوا ہو سب پر زکوٰۃ فرض ہے جانوروں نے اگر جنگل کی گھاس چری ہو اور مالک نے گھاس دانہ خرید کر نہ دیا ہو تو ان پر زکوٰۃ ہے ورنہ نہیں۔ تیس ۳۰ گائے بیلوں سے کم میں زکوٰۃ واجب نہیں جب تیس ۳۰ پورے ہوں اور ان پر ایک سال زکوٰۃ واجب ہو گی۔ اسی طرح چالیس بکریوں سے کم میں زکوٰۃ واجب نہیں اگر چالیس پوری ہوں اور ان پر ایک سال گزرے زکوٰۃ دینی لازم آئیگی۔ غلہ اگر برسات کے پانی سے پیدا ہو تو دسواں حصہ زکوٰۃ دینی چاہیئے اور اگر پانی دیا گیا ہے تو بیسواں حصہ زکوٰۃ ہے اور جواہرات پر زکوٰۃ نہیں ہے زکوٰۃ کے ادا کرنیکی نسبت تاکید ہے جسطرح نماز کی تاکید ہے اسی طرح زکوٰۃ کی بھی ہے۔ چنانچہ قرآن شریف میں بہا سی جگہ پر ذکر نماز اور زکوٰۃ کا ساتھ آیا ہے۔ پس اسکا ترک کرنیوالا یا تساہل کرنیوالا سخت گنہگار ہے۔

زکوٰۃ نہ دینے کے متعلق چند روایات

کتاب مشارق الانوار کے پانچویں باب میں بحوالہ کتاب صحیح مسلم حضرت

Marfat.com

جابرؓ سے روایت ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُونٹوں کا کوئی ایسا مالک نہیں جس نے اُن کا حق نہ ادا کیا ہو یعنی ان کی زکوٰۃ نہ دی ہوگی۔ قیامت کے دن وہ اُونٹ آئیں گے اُس مقدار یا تعداد سے زیادہ ہوکر یعنی جسوقت کہ وہ اُس مالک کے پاس موجود تھے۔ اور ان میں سے زکوٰۃ نہ دی گئی۔ شمار میں زیادہ ہوں گے یا ڈیل میں زیادہ ہوں گے اور ان کا مالک برابر میدان میں بیٹھے گا اور وہ اُونٹ اس پر اس طرح دوڑیں گے اپنے پاؤں اور تلوؤں سے اُسے کچلیں گے۔ اور کوئی ایسا گائے بیل کا مالک جو ان کی زکوٰۃ نہیں دیتا مگر وہ گائے بیل قیامت کے دن آئیں گے۔ اپنی اس مقدار یا تعداد سے زیادہ ہوکر اور ان کا مالک برابر میدان میں بیٹھے گا۔ گائے بیل اپنے سینگوں سے اس کو کچلیں گے اور اپنے پاؤں سے اس کو روندیں گے۔

چاندی اور سونے کا کوئی ایسا مالک جو اس کی زکوٰۃ نہیں دیتا مگر قیامت کے دن وہ مال اور گنج گنجا اژدھا بن کر آئے گا۔ اور مالک کے پیچھے اپنا منہ کھول کر دوڑے گا۔ پھر جب مالک کے پاس آئے گا تو اس کو دیکھکر وہ بھاگے گا۔ فرشتہ پکارے گا کہ لے اپنا گنج اور مال جس کو تو نے چھپا رکھا تھا مجھ کو کچھ اس کی پرواہ نہیں۔ جب مالک دیکھے گا کہ اس سے بچاؤ کی کوئی صورت نہیں ناچار اپنے دونوں ہاتھ اژدھے کے منہ میں دے گا اور وہ اژدھا اس کے ہاتھوں کو اُونٹ کی طرح چبا ڈالیگا یعنی جو جانور اور مال کی زکوٰۃ نہ دے گا اُس پر ایسا عذاب ہوگا اور اژدھا گنجا اس واسطے ہوگا کہ جب سانپ بہت پُرانا اور زہریلا ہوتا ہے تو اس کے سر کے بال زہر کے اثر سے جھڑ جاتے ہیں اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا

Marfat.com

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ چاندی سونے کا کوئی ایسا مالک نہیں اسکا حق ادا نہیں کرتا یعنی زکوٰۃ نہیں دیتا مگر جب قیامت کا دن ہوگا تو آگ سے پگھلا کر اس سونے چاندی کے پتر بنائے جائیں گے۔ پھر دوزخ کی آگ میں وہ پتر دہکائے جائیں گے۔ پھر اُن سے اس مالک یعنی تارک الزکوٰۃ کی کوکھ اور ماتھا اور پیٹھ داغے جائیں گے۔ یہ عذاب اتنے بڑے دن میں ہوا کرے گا۔ جس کا لمباؤ پچاس ہزار برس کا ہوگا۔ یہاں تک کہ جب بندوں کا فیصلہ ہو چکے گا۔ پھر اس کو راہ دکھائی جائے گی۔ بہشت کی طرف یا دوزخ کی طرف موافق حکم رب العزت کے زکوٰۃ دینے والے کو سات باتوں کی رعایت ضرور چاہیئے۔

زکوٰۃ دینے والے کو سات باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے

پہلے زکوٰۃ قبل گزرنے سال کے ادا کرے کہ وجوب ادا کے بعد دینا لسبب خوف وعذاب کے ہے اور پہلے دینا محبت اور دوستی ہے۔ حق سبحانہ تعالیٰ نے امور خیر میں مسارعت وشتابی کا حکم فرمایا ہے۔

دوسرے اکٹھا دینا منظور ہو تو ماہ محرم یا رمضان المبارک میں دے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ماہ رمضان میں جو کچھ پاس ہوتا سب راہ خدا میں صرف کرتے اور کچھ باقی نہ رکھتے۔

تیسرے زکوٰۃ پوشیدہ دینا چاہیئے تاکہ ریا سے محفوظ رہے۔ حق سبحانہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

Marfat.com

وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ترجمہ: اور اگر تم چھپا کر صدقے اور دیدو انہیں محتاجوں کو تو وہ بہت بہتر ہے تمہارے لئے۔

چوتھے محتاج کو اپنا نہ دے بلکہ اس سے ترشروئی نہ کرے اور تیوری نہ چڑھائے اور سخت بات نہ کہے۔ اور بسبب محتاجی کے حقیر نہ سمجھے

پانچویں اُس پر احسان نہ رکھے کہ ان باتوں سے ثواب باطل ہو جاتا ہے۔

چھٹے جو مال نفیس حلال طیب ہو اس میں سے راہ خدا میں صرف کرے۔ حق سبحانہ تعالیٰ پاک ہے اور پاک ہی کو قبول فرماتا ہے۔

ساتویں ہر چند کہ زکوٰۃ درویش مسلمان کے لئے دینے سے اُتر جاتی ہے۔ مگر جو شخص کہ تجارت کرتا ہے وہ نفع زیادہ ڈھونڈھتا ہے سو زیادہ نفع اسی میں ہے کہ ان پانچ گروہ میں سے کسی کو دے۔

زکوٰۃ کن لوگوں کو دی جائے

اوّل: پارسا دمتقی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اَطْعِمُوْا طَعَامَکُمُ الْاَتْقِیَاءَ اس لئے کہ وہ اس کھانے سے قوت طاعت کی پائیں گے اور دینے والا بھی اعانت عبادت میں شریک ہوگا۔ ایک بزرگ جو کچھ صدقہ دیتے صوفیہ کو دیتے اور فرماتے نیت ان کی غیر خدا کی طرف نہیں ہے۔ اگر سامان سدِ رمق نہیں ملتا۔ وقت ان کا منتشر ہو جاتا ہے۔ ایک طالب خدا کی دلجمعی ہزار طالبان دنیا کے دل خوش کرنے سے بہتر ہے دوسرے طالب علم کو کہ فراغ خاطر سے تحصیل علم میں مشغول ہوگا اور اس کے علم و ہدایات سے دینے والے کو بھی ثواب ہوگا۔

Marfat.com

سوم:۔ وہ فقیر کہ اپنی محتاجی چھپائے ہوئے تونگروں کی صورت بنائے پھرتا ہے۔
چہارم:۔ عیالدار اور بیمار جیسے رنج اور فکر زیادہ ہے اُسے راحت پہنچانے میں ثواب زیادہ ہے۔
پنجم:۔ رشتہ دار کو ثواب صدقہ اور صلہ رحم دونوں کا ہاتھ آئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں (اپنے عیال سے شروع کر) مسکین پر تصدق میں ایک ثواب ہے اور قرابت دار کو دوہرا ثواب ہے۔ ایک ثواب خیرات اور دوسرا صلہ رحم کا۔ دینی بھائی جو خدا کے واسطے محبت رکھتا ہے حکم اقارب میں ہے اور جس میں یہ پانچوں یا ان میں سے اکثر جمع ہوں اُسے دینا اور بھی افضل ہے زکوٰۃ دینے والا زکوٰۃ کا مال اپنے ماں باپ اور اپنی اولاد اور عورت اپنے شوہر اور شوہر اپنی جورو کو اور اپنے غلام کو اور مدبر اور مکاتیب اور اُم ولد اور کافر کو نہ دے اور سید اور سیّد کے غلام کو نہ دے مگر صدقہ نفل کا مضائقہ نہیں ہے کہ ادب سے سیّد کی خدمت میں پیش کرے اور مسجد کے بنانے اور میت کے کفن دفن میں اور میت کے قرض ادا کرنے میں خرچ نہ کرے اور دولتمند کے غلام اور دولتمند کے چھوٹے لڑکے کو نہ دے۔ اگر زکوٰۃ دئے جانے کی جگہ زکوٰۃ دینے کے بعد معلوم ہو کہ زکوٰۃ لینے والا دولتمند تھا یا سید یا کافر یا ماں باپ یا شوہر یا جورو اس صورت میں زکوٰۃ دینے والے کو حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ کے نزدیک پھر زکوٰۃ دینی لازم نہیں ہے۔

مستحب ہے کہ ایک فقیر کو اس قدر دے کہ وہ اُس دن سوال کا محتاج نہ ہو۔ نصاب کے اندر یا نصاب سے زیادہ ایک فقیر غیر قرضدار کو دینا یا ایک شہر سے

دوسرے شہر میں زکوٰۃ کا مال بھیجنا مکروہ ہے مگر جس وقت یگانہ اسکا دوسرے شہر میں ہو یا وہاں کے لوگ بڑے محتاج ہوں تو درست ہے۔ جس شخص کو ایک دن کا کھانا میسر ہو اُس کو سوال نہ کرنا چاہیئے۔

اسلام کا پانچواں رکن حج ہے

پانچواں رکن اسلام حج کعبہ ہے۔ یقین کرنا چاہیئے کہ حج مثل نماز، روزہ زکوٰۃ کے فرض ہے۔ حق تعالیٰ سورۂ آل عمران میں ارشاد فرماتا ہے۔

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا

ترجمہ:- اور خدا کی بندگی کے لئے فرض ہے لوگوں پر قصد کرنا کعبے کا جو طاقت رکھتا ہو اس کے گھر کیطرف راہ چلنے کی۔

اس حکم کو حق تعالیٰ نے کمال تاکید کے واسطے سورۂ بقر میں بیان فرمایا ہے جیسے علیکم الصیام (فرض کیا گیا تم پر روزہ رکھنا) و رز مقصود حقیقی میں امر ہے کہتے ہیں جب یہ آیت شریف نازل ہوئی جناب سرور عالم صلی اللہ وسلم نے سب قوموں کو جمع کر کے یہ حکم سُنایا مسلمانوں نے مانا اور یہود۔ نصاریٰ۔ مجوس صابئین مشرکین ان پانچوں فرقوں نے نہ مانا تب حق تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی :-

وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ

اور جو نہ مانے اللہ کو پس اللہ بے پرواہ ہے سارے عالموں سے۔

یعنی جو اس کے حکم کو بجانہ لائے اور ان کار کرے وہ کافر ہے اور اللہ کو کسی کی عبادت کی حاجت نہیں الحاصل اس عبادت سے معبود کی کوئی شخص کہ خوبی حاصل نہ

Marfat.com

کرے تو اپنی خوبی کھو کر آپ بڑا بنتا ہے اور سورۂ حج میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرف خطاب ہے۔

وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ یَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰی کُلِّ ضَامِرٍ یَّاْتِیْنَ مِنْ کُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ ؕ

ترجمہ: اور پکار تو اے ابراہیم لوگوں کو آئینگے تیرے پاس پیادے اور سوار ادبرا اونٹنیوں پر کی کے آوینگے ہر راہ دُور سے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے عرض کیا مَا یَبْلُغُ صَوْتِیْ (نہیں پہنچے گی میری آواز) ارشاد ہوا۔ عَلَیْكَ الْاَذَانُ وَعَلَیْنَا الْبَلَاغُ (تیرا کام پکارنا ہے ہمارا ذمہ پہنچا دینا ہے) حضرت ابراہیم علیہ السلام ایک مقام پر کھڑے ہوئے وہ مقام اتنا اونچا ہوا کہ سب پہاڑوں سے بلند ہو گیا تب حضرت ابراہیم نے پکارا۔

یَا اَیُّهَا النَّاسُ اِنَّ رَبَّکُمْ بَنٰی بَیْتًا وَّکَتَبَ عَلَیْکُمُ الْحَجَّ فَاَجِیْبُوْا رَبَّکُمْ۔

ترجمہ: اے لوگو خبردار تحقیق پروردگار تمہارے نے بنایا تمہارے لئے گھر اور فرض کیا تم پر حج پس قبول کرو حکم پروردگار اپنے کا۔

تب ہر شخص جس کی قسمت میں حج کرنا تھا اپنی ماں کے پیٹ سے یا باپ کی پشت سے بولا۔ لَبَّیْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّیْكَ کہتے ہیں جس نے ایک بار جواب دیا وہ ایک حج کریگا اور جس نے کئی بار جواب دیا وہ کئی بار حج کریگا۔ اپنے جواب دینے کی تعداد کے موافق اور جس نے جواب نہ دیا وہ محروم رہیگا۔

حجر اسود اور مقام ابراہیم کا بیان

حامد (جناب) مقام کا لفظ جو حضورؐ نے فرمایا کہ مقام پر کھڑے ہو کر حضرت

ابراہیم علیہ السّلام نے نداکی اور وہ بلند ہوگیا۔ یہ مقام کس مقام کا نام ہے ؟

اُستاد :- مقام اور حجر اسود دونوں بہشتی پتھر ہیں۔ حضرت ادریس علیہ السّلام نے طوفان کے خوف سے ابوقبیس پہاڑ پر چھپا دیئے تھے جب حضرت ابراہیمؑ نے کعبہ کی تعمیر شروع کی۔ حضرت جبریل علیہ السّلام نے ان پتھروں کا نشان دیا۔ اور حضرت ابراہیم علیہ السّلام نے دونوں کو ابوقبیس سے نکالا۔ سُنا ہے کہ مقام ابراہیم جس پتھر کا نام ہے اس کی یہ خاصیت یہ ہے کہ ابراہیمؑ اس پر کھڑے ہوکر دیوار کعبہ چنتے تھے اور وہ بقدر ضرورت اونچا ہو جاتا تھا۔

اسلام کے پانچ ارکان کا ثبوت

روایت ہے صحیح مسلم میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے فرمایا حضرت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے :-

بُنِیَ الْاِسْلَامُ عَلٰی خَمْسٍ شَہَادَۃِ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ وَاِقَامِ الصَّلٰوۃِ وَاِیْتَاءِ الزَّکٰوۃِ وَالْحَجِّ وَصَوْمِ رَمَضَانَ ط

بنیاد اسلام کی اوپر پانچ چیزوں کے ہے اوّل گواہی دینا اس بات کی نہیں ہے کوئی معبود برحق سوائے اللہ کے اور تحقیق محمد بندے اور رسول اس کے ہیں۔ دوسرے ٹھیک طور پڑھنا نماز کا تیسرے دینا زکوٰۃ کا چوتھے حج پانچویں روزے ماہ رمضان شریف کے۔

اس حدیث شریف سے ثابت ہے کہ حج کرنا ارکان اسلام سے ہے مثل نماز روزے کے جو شخص باوجود قدرت رکھنے کے حج نہ کرے اسکا اسلام پورا

نہیں۔ کیوں کہ ہر چیز بغیر اپنے ارکان کے ناتمام ہے۔

حج کی تاکید

روایت ہے جامع ترمذی میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کہ فرمایا حضور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم:۔

مَنْ مَلَكَ زَادًا وَّرَاحِلَةً تُبَلِّغُهٗ إِلٰى بَيْتِ اللّٰهِ وَلَمْ يَحُجَّ فَلَا عَلَيْهِ أَنْ يَّمُوْتَ يَهُوْدِيًّا أَوْ نَصْرَانِيًّا

جو مالک ہوا توشہ اور سواری کا کہ پہنچا سکے اس کو بیت اللہ تک اور وہ حج نہ کرے پس فرق نہیں اس پر کہ مرے (یہودی یا نصرانی)

یعنی اس کا مسلمان اور یہودی اور نصرانی ہونا برابر ہے یہ اس واسطے فرمایا کہ یہود اور نصاری حج کے قائل نہیں، اس حدیث سے بھی فرضیت ثابت ہے اس واسطے کہ جس فعل کے نہ کرنے پر وعید وارد ہوتی ہے اس کا کرنا لازم آتا ہے۔

حج ایک بار تمام عمر میں فرض ہے

روایت ہے حج تمام عمر میں ایک بار فرض ہے صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ میں فرمایا۔

يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ فُرِضَ عَلَيْكُمُ الْحَجُّ فَحُجُّوْا فَقَالَ رَجُلٌ أَكُلَّ عَامٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَسَكَتَ حَتّٰى قَالَهَا ثَلٰثًا فَقَالَ لَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ وَلَمَا

اے لوگو فرض کیا گیا ہے تم پر حج پس حج کرو۔ عرض کیا ایک مرد نے آیا ہر سال فرض ہے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پس چپ رہے آپ یہاں تک کہ اس نے وہی بات تین بار کہی تب

Marfat.com

اَسۡتَطَعۡتُمۡ ثُمَّ قَالَ ذَرُوۡنِیۡ مَا تَرَکۡتُمۡ فَاِنَّمَا هَلَكَ مَنۡ کَانَ قَبۡلَکُمۡ بِکَثۡرَةِ سُؤَالِهِمۡ وَاخۡتِلَافِهِمۡ عَلٰی اَنۡبِیَاءِهِمۡ فَاِذَا اَمَرۡتُکُمۡ بِشَیۡءٍ فَأۡتُوۡا مِنۡهُ مَا اسۡتَطَعۡتُمۡ وَاِذَا نَهَیۡتُکُمۡ عَنۡ شَیۡءٍ فَدَعُوۡهُ

آپ نے فرمایا کہ اگر کہتا میں ہاں بیشک واجب ہو جاتا ہر سال اور البتہ طاقت نہ رکھتے تم ادا کرنیکی۔ پھر آپ نے فرمایا میں نے تمہارے لئے کچھ چھوڑا نہیں جو لوگ تم سے قبل تھے وہ انبیا سے زیادہ سوالات کرنے اور اُن سے اختلاف کرنیکی وجہ سے ہلاک ہو گئے اس لیئے میں تمکو جب کسی امر کا حکم دوں تو اسکو بجالاؤ جہانتک ممکن ہوسکے اور جب کسی بات سے روکوں تو سب کو چھوڑ دو۔

حج کب فرض ہے

فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مَنۡ اَرَادَ الۡحَجَّ فَلۡیَتَعَجَّلۡ (جو قصد حج کا رکھتا ہو وہ جلدی کرے) یعنی جس سال میں حج اس پر فرض ہوا اسی سال میں بجالائے یا سفر کرے مکہ کی طرف حج کے واسطے استطاعت شرط ہے مستطیع یعنی استطاعت والے سے مراد ہے۔ مسلمان، آزاد، عاقل۔ بالغ، صحیح البدن تندرست قادر زادو راحلے پر سوائے حاجت اصلی کے حج کے مہینوں میں یا بروقت سفر حجاج کے اس کے وطن سے بشرط امن راہ کے۔ غلام، مجنون۔ کم عقل لڑکے پر فرض نہیں اگر لڑکا پہلے بالغ ہونیکے اور غلام قبل آزاد ہونے کے حج کرے گا۔ اگرچہ اجازت مولی کی ہو حج فرض اس سے ساقط نہ ہوگا بلکہ بعد بلوغ و آزاد ہونے کے بشرط استطاعت حج لازم آئے گا پہلا حج نوافل میں شمار ہوگا۔ ایسے ہی اپاہج۔ لولے۔ اندھے عاجز مفلوج، بیمار، شیخ فانی کہ طاقت یا قدرت اپنے آپ ٹھہرنیکی سواری پر

Marfat.com

بدون مشقت عظیمہ کے نہ رکھتے ہوں۔ حج واجب نہیں نہ ان پر اور نہ اُن کے مال پر کہ اسے حج کرائیں مرتے وقت وصیت کریں۔

کن لوگوں پر حج فرض ہے

البتہ صاحبین کے نزدیک ان کے مال پر واجب ہے کہ اور سے حج کرائیں اور راحلے پر قادر ہونے کے یہ معنی ہیں کہ مالک خود سواری کا یا کرایہ پر لے سکتا ہو اور رعایت اور اباحت سے قدرت راحلے پر ثابت نہیں ہوتی اور مراد قادر ہو نیسے زادِ راہ پر سوئے حاجت اصلی کے یہ ہے کہ سوائے ادائے قرض کے اگرچہ مہر بی بی کا ہو اور سوائے خرچ گھر اور خادموں اور اثاث البیت اور نفقۂ عیال وغیرہ کے اپنے گھر پر آنے تک کا خرچ موافق کھانے پہننے سواری وغیرہ کے رکھتا ہو اور اگر گھر اس کے رہنے سے زائد ہو کہ کرایہ کو دیتا ہو۔ یا لباس یا کتابیں دین کی حاجت سے زائد ہوں۔ یا کتابیں طب و نجوم وغیرہ کی ہوں۔ اگرچہ ان کی طرف حاجت ہو یا لونڈی غلام جن سے خدمت نہ لیتا ہو۔ اُس کو لازم ہے کہ ان کو بیچ کر حج کرے اور اگر کسی کے پاس لونڈی غلام گھر سے زائد نہیں مگر اس قدر ہے کہ اس سے حج کرے یا گھر مع سامان کے مول لے۔ اس صورت میں بھی اُس کو حج کرنا چاہیئے۔ اور حج کے واسطے راستہ میں سوار ہو کر جانا بہتر ہے تا کہ حج ادا کرنیکے وقت بخوبی قوت باقی رہے اور اگر باوجود قدرت کے پیادہ چلے گا تو بھی جائز ہے اور رات کو چلنا بہتر ہے خصوصاً ملک عرب میں اور جو لوگ مکے اطراف میں تین دن کی راہ سے

کم فاصلہ پر رہتے ہیں اگر پیادہ چل سکتے ہوں سواری اُن کے لئے شرط نہیں مگر زاد راہ ضرور ہے یعنی زادراہ اپنا اور ان لوگوں کا جن کا نفقہ اُس پر واجب ہے۔ جو لوگ بغیر زادراہ کے دور دراز راہوں سے مانگتے کھاتے حج کو جاتے نہایت بُرا کرتے ہیں کہ نفل کے حاصل کرنے کے واسطے بھیک مانگنے کی بلائیں گرفتار ہوتے ہیں بلکہ اکثر یہ لوگ نماز روزہ ضروریاتِ دین کے پابند نہیں ہوتے حالانکہ نماز کا مرتبہ حج سے زائد ہے۔

ایک شخص نے حضرت امام احمد حنبل رحمتہ اللہ علیہ سے پوچھا کہ میرا ارادہ ہے کہ محض اللہ پر توکل کروں اور بے سامان حج کو جاؤں فرمایا جا لیکن اکیلا جانا قافلہ کے ساتھ نہ جانا۔ اس نے کہا کہ تنہا تو نہیں جا سکتا فرمایا تو اللہ پر توکل نہیں کرتا۔ قافلے کے مال پر توکل کرتا ہے۔

حضرت شبلی رحمتہ اللہ علیہ جب حج کو چلے مقام رے کے فقیروں نے آکر کہا کہ ہم بھی اللہ پر توکل کر کے آپ کے ساتھ چلیں گے۔ کہا اچھا چلو لیکن شرط یہ ہے کہ توشہ ساتھ نہ لینا اور سوال نہ کرنا اور اگر کوئی کچھ دے تو قبول نہ کرنا۔ تیسری شرط میں ان کو عذر ہوا۔ شبلی رحؒ نے فرمایا تم کو خدا پر توکل نہیں لوگوں کے توشہ پر توکل ہے۔

حج میں زادِ راہ کی ترکیب

صحیح بخاری میں عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ یمن کے لوگ بغیر خرچ لئے حج کو آتے تھے اور آپ کو متوکل ٹھہرا کر مکہ والوں کو ستاتے

Marfat.com

تھے۔ حق سبحانہ تعالیٰ نے ان کے حق میں یہ آیت نازل فرمائی۔

وَتَزَوَّدُوا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوَىٰ اور توشہ ساتھ لیا کرو اس واسطے کہ بہتر فائدہ توشہ کا بچنا ہے سوال کرنے سے۔

اور مراد زادِ راحلے سے موافق عبادت ہر شخص کے ہے۔ مثلاً کوئی شخص ہمیشہ گوشت کھاتا ہے دال نہیں کھاتا اگر قدرت گوشت پر نہیں رکھتا تو وہ مستطیع نہیں اور علیٰ ہذا القیاس سواری کا سمجھ لینا چاہیئے اور امن راہ سے یہ مراد ہے کہ غالب اس میں سلامتی ہو اگرچہ احیاناً کسی پر آفت پہنچ جائے بر و بحر اس میں برابر ہیں اور اسی پر فتویٰ ہے۔ یہ سب شرطیں مردوں کے واسطے ہیں۔ اور عورت کیلئے اگرچہ بڑھیا ہو سوائے ان شرطوں کے دو شرط اور ہیں۔ ایک خالی ہونا عدت سے دوسرے ہمراہ ہونا خاوند یا محرم جوان متقی کا بغیر جبر کے محرم وہ شخص ہے کہ جس کے ساتھ کبھی نکاح جائز نہیں۔ قرابت یا رضاعت یا مصاہرت سے مسلمان ہو یا کافر بندہ ہو یا آزاد اور زادِ راہ محرم عورت پر لازم ہے اور بعد اس استطاعت کے شوہر کی اجازت کی حاجت نہیں لیکن یہ شرط اس حالت میں ہے کہ مکے تک تین دن کی راہ سے کم فاصلہ نہ ہو تو عورت کا اکیلا جانا بھی جائز ہے محرم کی حاجت نہیں۔

حج کے فضائل

حج کے فضائل بہت ہیں جو اختصار کے طور پر بیان کیئے جاتے ہیں جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو شخص اپنے گھر سے ارادہ

Marfat.com

حج یا عمرہ کا کر کے اللہ کے گھر کی طرف روانہ ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ذمہ ہے کہ اگر اس کو سلامتی کے ساتھ پھیرے تو مزدوری اور غنیمت کے ساتھ واپس لائے اور اگر اس کی روح قبض کرے تو اس کو جنت میں داخل کرے۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص مکہ معظمہ کی راہ میں مرگیا خواہ جاتے وقت یا وطن واپس آتے وقت حق تعالیٰ اس کے پہلے گناہ بخشتا ہے اور اس کے حساب کا دفتر نہ کھولا جائے گا اور اس کے اعمال نہ تولے جائیں گے۔ اور بغیر حساب و عذاب کے جنت میں داخل ہوگا اور ایک روایت میں آیا ہے کہ اس کو قیامت تک حج اور عمرے کا ثواب ملتا رہے گا۔ اور بعض کتابوں میں روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ پیدا کرے گا ایک فرشتہ کہ حج کرتا رہے گا۔ اس کے واسطے قیامت تک اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے کہ بہتر اور افضل دنوں سے وہ عرفہ ہے جو جمعہ کے دن واقع ہو اور اس دن حج بہتر ہے اور دنوں کے ستر حج سے اور عرفہ حجۃ الوداع سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی جمعہ کے دن واقع ہوا تھا۔ حاجی سوار کی اونٹنی کے لئے ہر قدم کی سو نیکیاں ہیں اور ہر قدم حاجی پا پیادہ کے لئے سات سو نیکیاں اور حرم کی نیکیوں سے۔ لوگوں نے دریافت کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حرم کی نیکیاں کیا ہیں؟ فرمایا ہر نیکی لاکھ نیکی کے برابر ہے، ایک رکعت لاکھ رکعت کے برابر ہے، ایک نفل روزہ لاکھ روزہ کے برابر ہے اور ایک درم للہ دینا لاکھ درم کے برابر ثواب رکھتا ہے۔ حج کے واسطے مال پاک کمائی کا ہونا ضروری ہے۔

Marfat.com

حج کی نیت احرام باندھنا ہے۔

حج کے پانچ ارکان

(۱) احرام کی جگہ سے احرام باندھنا (۲) خانہ کعبہ کا طواف کرنا (۳) سعی درمیان صفا و مروہ کے (۴) وقوف عرفات (۵) مزدلفہ کے مقام پر شب کو رہنا مزدلفہ میں نماز مغرب اور عشا ملا کر پڑھنا چاہیئے۔ اور عرفات میں نماز ظہر اور عصر ملا کر ادا کرنا چاہیئے۔ مقام عرفات قبولیت دعا کی جگہ ہے۔

ارکان حج میں نقصان ہونے کا کفارہ قربانی یا صدقہ ہے۔ حجر اسود کا بوسہ دینا خدا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کرنا ہے۔ اگر احرام حج کا علیحدہ اور عمرہ کا علیحدہ باندھے تو اس کو افراد کہتے ہیں اور اگر دونوں کا ایک ہی احرام باندھے اس کو قرآن کہتے ہیں اور اگر احرام میقات سے باندھکر عمرہ کیا جائے اور پھر حج کا باندھ کر حج کیا جائے تو اس کو تمتع کہتے ہیں۔

رمی جمار و مزدلفہ کی شب باشی حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی سنّت ہے۔ اور صفا و مروہ یہ دو پتھر ہیں اور دونوں کے درمیان کچھ فاصلہ ہے۔ ایک پر حضرت آدم علیہ السّلام بیٹھے تھے اور دوسرے حضرت حوّا علیہما السلام بیٹھی تھیں۔

صفا و مروہ میں کیوں دوڑا جاتا ہے

اس فاصلے کے درمیان میں دوڑنے کو سعی کہتے ہیں اور یہ حضرت ہاجرہ ؑ

کا طریقہ ہے جو پانی کی تلاش میں دوڑی تھیں۔ یہ مقام قبولیتِ دعا کی جگہ ہے جو حضرت آدم علیہ السّلام کی حضرت حوّا علیہما السّلام سے اوّل اسی جگہ ملاقات ہوئی ہے۔ اور حضرت آدم علیہ السّلام کے وقت سے یہ جگہ متبرک ہے۔ ایک تاریخ کے مجتمع ہونے سے رونق وشوکتِ اسلام زیادہ ہوتی ہے اور مسلمانوں کا عجز وانکسار تابعداری کی حالت میں اجتماع موجب رحمت الٰہی ہے اور عرفات سے بہتر وسیع میدان ایسے مجمع کثیر کے واسطے اور کوئی مناسب نہ تھا۔ منیٰ پر قیام ضروری ہے۔ وہ بھی جگہ وسیع ہے۔ حج کے ساتھ اگر نفع تجارت کا بھی تلاش کیا جائے تو کچھ گناہ نہیں ہے۔ حج میں جاکر چاہیئے کہ توبہ نصوح کرے سب گناہوں سے، ادا کرنا قرض کا اور پہنچانا امانتوں کا اور معاف کرانا حق العباد کا جہاں تک ہوسکے اور دشمنوں کو راضی کرنا کیونکہ حج کی مقبولیت اس پر موقوف ہے۔

عشرۂ ذالحجہ کے فضائل

کتاب مشارق الانوار میں بحوالۂ حدیث صحیح بخاری مرقوم ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ عشرۂ ذالحجہ کے دس روز تمام دنوں سے زیادہ افضل ہیں۔ ان ایام میں عمل نیک کرنے کی نہایت فضیلتیں ہیں۔ اصحاب رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور نثار راہ خدا میں ہونا بھی اس سے افضل نہیں ہے۔

Marfat.com

عشرہ ذی الحجہ کے پانچ ایام کی عبادت کی فضیلت

معلوم ہوا ہے کہ عشرہ ذی الحجہ کے برابر کوئی ایام کی عبادت افضل نہیں ہے اور فرمایا حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص عشرہ ذی الحجہ کے جمعہ کے روز چھ رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورۂ اخلاص پندرہ بار پڑھے اور بعد تمام رکعتوں کے سلام پھیر کے دس بار کہے:

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ط اور پھر دس بار درود شریف بھیجے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر پس نہیں داخل کرے گا اس سے پہلے کسی کو جنت میں اور فرمایا کہ جو اول روز ذوالحجہ میں بعد نماز فجر کے سو بار کہے۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ ط بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط لکھتا ہے خدا تعالیٰ واسطے اس کے ثواب ہزار درجے نماز کا اور عطا کرتا ہے نیکی اور مٹاتا ہے اس کے نامۂ اعمال سے ہزار بدی۔

اور دوسرے روز فجر کی نماز کے بعد جو شخص سو بار کہے اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ اِلٰھًا وَّاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا فَرْدًا وِّتْرًا لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا یہ دعا پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے نامۂ اعمال میں بیس ہزار نیکی کا ثواب لکھتا ہے اور بیس ہزار بدی اس سے دور کرتا ہے۔ اور دن قیامت کے اس کو بیس ہزار مرتبہ جنت کے عطا فرمائے گا۔ تیسرے روز ذی الحجہ کے بعد نماز فجر کے سو بار یہ دعا پڑھتا ہے۔ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ

اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ اَحَدًا صَمَدًا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ ؕ خدائے تعالیٰ اس کے واسطے بائیس ہزار نیکی لکھتا ہے اور بائیس ہزار بدی اس سے دور کرتا ہے چھٹے روز عشرہ ذالحجہ میں بعد نماز فجر کے سو بار پڑھے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ پس بخشے گا اللہ تعالیٰ تمام صغیرہ اور کبیرہ گناہوں کو اور پانچویں روز بعد نماز فجر کے یہ دعا پڑھے۔ حَسْبِیَ اللّٰهُ وَکَفٰی سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ دَعَا لَیْسَ وَرَآءَ اللّٰهِ الْمُنْتَهٰی سُبْحَانَ مَنْ لَمْ یَزَلْ رَبًّا رَحِیْمًا ط اللہ تعالیٰ اس کے واسطے اس کے نامۂ اعمال میں تین سو بار نیکی لکھتا ہے تین سو بدی دور کرتا ہے اور فرشتے ندا کرتے ہیں اس کو کہ اے عبداللہ دوست کیا تجھ کو اللہ تعالیٰ نے۔ اب خوشخبری ہوئی تجھ کو اسکی کہ بخشا گیا تو اور فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ عشرہ ذالحجہ میں اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ قبول کی اور ان کا گناہ بخشدیا۔ وہ یوم عرفہ ذالحجہ تھا۔ جس روز حضرت آدم علیہ السلام کا قصور معاف ہوا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو عشرہ ذی الحجہ میں آگ سے نجات دی اور خلعت عطا ہوا۔ اور حضرت ابراہیم خلیل اللہ نے اپنے مال کو مہمانوں میں صرف کر کے اسی عشرہ ذی الحجہ میں اپنے بیٹے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو واسطے قربانی کرنے کے اللہ کے واسطے لے گئے۔ اور عشرہ ذی الحجہ میں خانہ کعبہ کو تعمیر کیا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عشرہ ذی الحجہ میں مناجات کی اور دعا مانگی اور حضرت داؤد علیہ السلام نے عشرہ ذی الحجہ میں اپنی مغفرت کے واسطے دعا مانگی اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم نے فرمایا سَیِّدُ الشُّھُوْرِ شَھْرُ رَمَضَانَ وَاَعْظَمُھَا حُرْمَۃً ذُوالْحِجَّۃِ۔

ترجمہ :۔ سردار مہینوں کا رمضان کا مہینہ ہے اور بزرگ تر مہینوں میں از روئے حرمت ذی الحجہ کا مہینہ ہے۔

عرفہ کے روزہ کا ثواب

غرضکہ اللہ پاک کے نزدیک عبادت کے لئے ذی الحجہ کے عشرۂ اوّل سے بڑھ کر کوئی دن نہیں۔ نویں تاریخ تک ہر دن کا روزہ ایک ایک سال کے روزوں کے برابر ہے اور ہر شب کا جاگنا شب قدر کے برابر خصوصاً یوم عرفہ یعنی نویں تاریخ کا روزہ نہایت ہی مبارک ہے۔ اس روزہ کی بدولت ایک سال پچھلے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ اس روز دریائے رحمت خداوندی جوش زن ہوتا ہے۔ لکھو کھا گنہگارانِ امت کی مغفرت ہوتی ہے۔ اللہ پاک کے فضل اور کرم کی گھٹائیں اس دن اطرافِ عالم کو محیط ہوتی ہیں عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ یعنی شیطان لعین عموم مغفرت خداوندی دیکھ کر کمر شکستہ ہو جاتا ہے اور از راہ رسوائی اپنے سر پر خاک افشانی کرتا ہے۔ یہ عید کثرت ثواب عید فطر سے بدرجہا بڑھ کر ہے۔

نماز عید الضحیٰ

مسئلہ مستحب ہے کہ اس عید میں کچھ کھا کر نماز کو نہ جائے۔ بلکہ فارغ ہو کر گوشت قربانی وغیرہ سے کھائے جو لوگ قربانی کا ارادہ رکھتے ہوں ان کو مستحب ہے کہ عشرہ ذی الحجہ میں ناخن اور بال نہ ترشوائیں بلکہ انتیس یا تیس ذیقعدہ کو

Marfat.com

حجامت سے فارغ ہولیں۔ پھر بعد نماز عید جب قربانی کر چکیں تب حجامت کرائیں۔ نویں تاریخ کی نماز صبح سے لیکر تیرہویں تاریخ کی نماز عصر تک بعد نماز جماعت پنجگانہ ایک بار تکبیر تشریق بہ آواز بلند کہنی چاہیئے۔ تکبیر تشریق یہ ہے اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ عید کے روز غسل کرنے کے بعد صاف کپڑے بدلے۔ خوشبو لگائے اور عیدگاہ جائے۔ راستہ میں آتے جاتے تکبیر باآواز بلند کہتا جائے۔ عیدگاہ میں پہنچکر نماز کے واسطے اس طرح پر نیت کرے۔ نیت یہ ہے۔

عید الضحیٰ کی نماز کی نیت

اُصَلِّیْ لِلّٰہِ تَعَالٰی رَکْعَتَیْ صَلٰوۃِ عِیْدِ الْاَضْحٰی مَعَ السِّتَّۃِ التَّکْبِیْرَاتِ اِقْتَدَیْتُ بِھٰذَا الْاِمَامِ اگر امام ہے تو یوں کہے۔

اَنَا اِمَامٌ لِّمَنْ حَضَرَ وَمَنْ یَّحْضُرُ مُتَوَجِّھًا اِلَی الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

ترجمہ:۔ نیت کرتا ہوں میں دو رکعت نماز عید الضحیٰ معہ چھ تکبیروں کے پیچھے اس امام کے یا امام ہو تو کہے میں امام ہو کر اس جماعت کا متوجہ ہو کر کعبہ شریف کی طرف اللہ اکبر۔

اوّل نیت باندھ کر حسب معمول دونوں ہاتھ نیچے ناف کے رکھیں۔ پھر سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ پڑھے اعوذ باللہ اور بسم اللہ نہ پڑھے۔ پھر امام کے ساتھ تینوں تکبیرات ادا کرے اوّل دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھا کر اللہ اکبر کہے پھر ہاتھ چھوڑ دے باندھنا نہیں چاہیئے۔ اسیطرح

Marfat.com

دوسری تکبیر ادا کرے پھر تیسری تکبیر اسی طور سے کہکر دونوں ہاتھ باندھ لے۔ پھر مقتدی بالکل چپ رہے اور اعوذ باللہ اور بسم اللہ پڑھ کر قرأت بآواز بلند شروع پھر جب اوّل رکعت ختم کرے دوسری رکعت شروع ہو تو پہلے امام قرأت سے فارغ ہولے۔ پھر تینوں تکبیرات بطور سابق ادا کرے۔ مگر اتنا فرق ہے کہ اوّل رکعت میں تیسری تکبیر کے بعد ہاتھ باندھ لیتے ہیں اور اس رکعت میں تیسری تکبیر کے بعد بھی ہاتھ چھوٹے رہتے ہیں۔ پھر ہاتھ چھوڑے رکوع میں چلا جاتا ہے۔

جو شخص اس وقت پہنچے کہ امام اوّل رکعت کے رکوع میں ہو تو چاہیئے کہ نیت باندھ کر رکوع میں شامل ہو جائے۔ مگر رکوع میں جاکر تینوں تکبیرات بلا ہاتھ اُٹھائے کہہ لے۔ اگر وقت ملے تو تکبیرات رکوع بھی پڑھ لے ورنہ کچھ حرج نہیں۔

جس شخص کو امام کے ساتھ اوّل رکعت نہ ملی ہو تو جب اُس کو ادا کر کے اُٹھے تو پہلے قرأت سے فارغ ہو لے۔ پھر تینوں تکبیرات بطور مذکورہ ادا کرلے تیسری تکبیر کے بعد بھی بے ہاتھ باندھے ویسے ہی رکوع میں چلا جائے۔ بعد فراغ نماز کے امام ممبر پر جاکر خطبہ بآواز بلند پڑھے۔ خطبہ عید الضحیٰ آخر کتاب میں درج کیا گیا ہے۔

نماز عید الضحیٰ واجب ہے اس کا ترک کرنا بلا عذر شرعی حرام ہے۔

عید الضحیٰ کی قربانی

حدیث شریف میں آیا ہے کہ ایک مرتبہ اصحاب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

نے جناب رسالت مآب میں عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلعم قربانی کیا چیز ہے۔ ارشاد ہوا کہ قربانی تمہارے باپ سلطان المتوکلین حضرت ابراہیم خلیل اللہ کی ہے۔ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس قربانی کا ہم کو کیا ثواب ہے؟ فرمایا ایک بال کے عوض ایک ایک نیکی پھر عرض کیا ان کے بدلے بھی فرمایا کہ ہاں ہر رونگٹے کے بدلے میں ایک نیکی ملے گی۔

قربانی کے فضائل

فرمایا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قربانیاں کرو فربہ کردہ پل صراط پر تمہاری سواریاں ہوں گی۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ قیامت کے دن قربانی معہ گوشت و پوست کے میزان کے پلہ میں رکھی جائیگی اور جس وقت قربانی کے خون کا اوّل قطرہ زمین پر گرتا ہے تو جو گناہ قربانی کرنے والے نے کیا ہے معاف کیا جاتا ہے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ عید الضحیٰ کے روز کوئی عمل، بندے کا اللہ کے نزدیک قربانی سے بہتر نہیں ہے۔

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جس گھر میں قربانی ہوتی ہے وہ گھر صاحب خانہ کے لئے دعا کرتا ہے اور اس کی برکت سے گھر میں امن و امان اور آسائش ہوا کرتی ہے۔ اور صاحب خانہ کے مال میں افزونی ہوا کرتی ہے اور اُس روزِ مُبارک کو دس درم کا جانور خرید کر قربانی کرنا ہزار درم نقد خیرات کرنے سے افضل ہے۔

Marfat.com

وجوب قربانی

قربانی اس شخص پر واجب ہے کہ جو ساڑھے باون تولہ چاندی یا ساڑھے سات تولہ سونے کا مالک ہو۔ علاوہ سکونت مکان اور اسباب خانہ داری کے قربانی کرنا ایسے جانور کا درست ہے کہ جس کا کان یا ناک وغیرہ تہائی سے زیادہ کٹا ہوا ہو اور اس قدر لاغر بھی نہ ہو کہ ذبح کرنے کی جگہ نہ جاسکتا ہو۔ صحیح سالم ہو ٹانگ ٹوٹا، لنگڑا، کانا نہ ہو۔ غرضکہ کسی عضو میں نقصان نہ ہو۔ بکرا بکری سال بھر سے اور مینڈھا بھیڑ چھ مہینہ سے کم نہ ہو۔ قربانی کرنے والے کو خود قربانی کا گوشت کھانا اور دوستوں کو دینا، فقیروں کو تقسیم کرنا درست ہے اور تہائی گوشت خیرات کر دینا مستحب ہے۔ عیالدار صدقہ نہ کرے۔ اس واسطے کہ لڑکے فراغت سے کھائیں۔ قصاب کی اُجرت میں گوشت دینا اس کی کھال دینا درست نہیں بلکہ اس کی اُجرت اپنے پاس سے علیحدہ دینی چاہیئے۔

قربانی کا وقت

وقت قربانی عید الضحٰی کی نماز کے بعد سے شروع ہوتا ہے اور بارہویں تاریخ کو غروب آفتاب تک باقی رہتا ہے۔ ایک بکری قربانی کرنا ایک آدمی کو درست ہے اور ایک اونٹ ایک آدمی کے لئے بھی درست ہے اور اگر سات آدمی تک شریک ہو کر قربانی کریں تو بھی درست ہے مگر جبکہ ساتوں آدمی برابر ساتواں حصہ قیمت کا دیں اور اگر ساتوں شریک میں سے ایک

بھی ساتویں حصہ سے نیت کم دیگا تو کسی کی قربانی درست نہ ہوگی اور سب کی نیت قربت کی ہو۔ اگر ایک کی بھی نیت مثلاً گوشت بیچنے کی ہوگی تو کسی کی قربانی درست نہ ہوگی اور سب شریک خریدنے کے وقت ہوں بعد خریدنے کے پھر شریک نہ کرے اور قربانی اونٹ اور گائے اور بکری اور بھینس کی درست ہے۔ قربانی کا گوشت تول کر تقسیم کریں۔ اٹکل سے نہیں اور مستحب ہے۔ ذبح کرنا اپنے ہاتھ سے اگر بخوبی ذبح کر سکے۔ اور اگر نہ کر سکے تو دوسرے کو حکم دے اور قبلہ کی طرف اس جانور کا منہ کرے۔ اور ذبح کے وقت کہے۔

قربانی کرنے کے وقت یہ دعا پڑھے

اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَاِلَیْكَ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ ط اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْ فُلَانِ ابْنِ فُلَانٍ كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ خَلِیْلِكَ اِبْرَاهِیْمَ وَحَبِیْبِكَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلَیْهِمَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ ط

ترجمہ:۔ متوجہ کیا میں نے منہ اپنا اسکی طرف جس نے پیدا کیا زمین اور آسمان کو ایک طرف کا ہو کر اور نہیں میں شریک کرنیوالوں سے لئے تیرا سب تیرے سے ہے اور تیری طرف رجوع سب کو تحقیق نماز میری اور قربانی میری اور زندگی میری واسطے اللہ کے ہے جو رب ہے تمام عالم کا نہیں ہے کوئی شریک اسکا اور ساتھ اسی بات کے حکم کیا گیا ہوں اور میں پہلے مسلمانوں کے ہوں۔ الٰہی قبول کر فلاں بن فلاں جیسا قبول تو نے اپنے دوست ابراہیم اور اپنے محبوب محمد علیہما الصلوٰۃ والسلام سے۔

بِسْمِ اللّٰہِ اللّٰہُ اَکْبَرُ کہکر ذبح کرے اور جہاں فلاں ابن فلاں کا لفظ آئے وہاں نام قربانی کرنے والے اور اس کے باپ کا لے اور ذبح کر کے چھوڑ دے جب سرد ہو تب اسکی کھال کھینچے اور گوشت بنائے۔

قربانی کے مسائل

مسئلہ:۔ مکروہ ہے ذبح کرنا حیوان کا روبرو دوسرے حیوان کے اور وقت ذبح قبلہ کی طرف جانور کا منھ نہ کرنا یا سخت ذبح کرنا اور کھال کھینچنا قبل ٹھنڈے ہونے کے مسئلہ اگر قربانی آدمی کے ذمہ واجب تھی اور کسی سبب سے اس نے قربانی نہ کی اور ایام قربانی گزر گئے تو اس کو چاہیئے کہ قیمت قربانی کی خیرات کرے۔ اور اگر قربانی اس پر واجب نہ تھی اور جانور قربانی کے واسطے خریدا تھا اور قربانی کے دن تمام ہوئے اور قربانی نہ کی تو اس پر واجب ہے کہ اس جانور کو زندہ خیرات کرے مسئلہ صاحب قربانی پر فقط اپنی ذات کی طرف سے واجب ہوتی ہے۔ اپنے چھوٹے لڑکوں وغیرہ کی طرف سے نہیں مسئلہ جس پر قربانی واجب نہیں وہ بھی قربانی کرے گا تو بہت ثواب پائے گا۔ مسئلہ نابالغ اگر مالک نصاب ہو تو اس کے مال سے جانور خرید کر ولی اس کا اس کی طرف سے قربانی کرے۔ مسئلہ مسافر پر قربانی نہیں۔

عقیقہ کا بیان

جاننا چاہیئے کہ جب لڑکا پیدا ہو تو اس کو آلائش سے صاف کر کے نہلائیں اور سفید کپڑے پہنائیں۔ اور زرد کپڑے سے احتراز کریں اور اس کے داہنے کان میں اذان اور بائیں کان میں تکبیر کہیں اور نام اس کا نیک رکھیں اور بہترین ناموں

Marfat.com

میں سے وہ نام ہیں جو معنیٔ عبودیت پر دلالت کرے جیسے عبداللہ یا عبدالرحمٰن یا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر جیسے محمدؐ علی یا احمد، حسن وغیرہ اور ساتویں یا چودھویں دن یا اسی حساب سے روز پیدائش سے حساب کر کے عقیقہ کریں سنت ہے۔ اگر بیٹا ہو تو دو بکرے اگر مقدور ہو ورنہ ایک بھی درست ہے۔ اگر بیٹی ہو تو ایک بکری نذر اللہ ذبح کریں۔ اور ایک ران اس کی دائی کو دیں اور باقی گوشت کا کھانا پکوا کر احباب اور عزیزوں اور مسکینوں کو کھلائیں اور نہ مقصد ہو تو کچا گوشت تقسیم کریں اور ایک تہائی گوشت عقیقہ کا خیرات کرنا مستحب ہے۔ بکری میں نر و مادہ کی کچھ احتیاط نہیں مگر اعضا سب درست ہوں جیسے قربانی میں لحاظ ہے۔ لڑکا یا لڑکی جو ہو اس کے سر کے بال اُتار کر اس کے برابر سونا یا چاندی خدا کے نام خیرات کرے۔ مگر جس وقت بال بچے کے سر سے نائی اُتارنا شروع کرے اس وقت عقیقہ کا بکرا ذبح ہو۔ جب عقیقہ کا بکرا ذبح کرے اس وقت یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ عَقِيْقَةُ ابْنِيْ فُلَانٍ
دَمُهَا بِدَمِهٖ وَلَحْمُهَا بِلَحْمِهٖ وَ
عَظْمُهَا بِعَظْمِهٖ وَجِلْدُهَا بِجِلْدِهٖ
وَشَعْرُهَا بِشَعْرِهٖ وَجُزْءُهَا بِجُزْءِهٖ
وَكُلُّهَا بِكُلِّهٖ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا فِدَاءً
لِابْنِيْ مِنَ النَّارِ ؕ

ترجمہ:۔ یعنی اے اللہ یہ میرے اس بیٹے کے لئے قربانی ہے۔ لہو اسکا بدلہ ہے اُسکے لہو کا اور گوشت اسکا عوض ہے اسکے گوشت کا اور ہڈی اسکی بدل ہے۔ ہڈی کا اور چمڑا اس کا بدلہ ہے اسکے چمڑے کا اور بال اس کا عوض اس کے بال کا اور ہر اس کا ہر جزو کے بدلے اور ہر کل اس کا اس کے کل کے بدلے کا پروردگار اس عقیقہ کو میرے بیٹے چھوٹنے کا بدلہ اور وسیلہ کر۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ اللّٰہُ اَکْبَرُ کہکر ذبح کرے۔ اگر باپ ذبح کرنے والا ہے تو اس طرح کہے اور جو سوا باپ کے اور کوئی ذبح کرے کہ اِبنِی کی جگہ ابن فلاں اور فلاں کی جگہ اس لڑکے کے باپ کا نام لے اور لڑکی ہو تو بِنتِی یا بنت فلاں کہے اور ضمیرہٗ کی جگہ ھا کہے اور بجائے لفظ فلاں کے اس لڑکی کا اور بعد لفظ ابن یا بنت کے نام اسکے باپ کا لے۔

مسئلہ: یہ بھی ہے کہ ہڈیاں عقیقہ کے بکرے کی نہ توڑی جاویں بلکہ مستحب طریق یہ ہے کہ اس جانور کا سر حجام کو اور ران دائی کو دیں۔ بعد اسکے باقی گوشت کے تین حصہ کریں ایک حصہ فقیروں اور محتاجوں کو دیں اور دو حصہ اقربار اور ہمسایہ کو تقسیم کریں۔

بچوں کی تعلیم

جب لڑکا بولنے لگے تو دادی، دادا، ماں باپ اور جو بزرگ خاندان لڑکے میں سے عالم متقی پرہیزگار ہو اعوذ باللہ خیرًا تک اور کلمہ تمجید پڑھکر لڑکے کے منھ پر دم کرے اور کچھ شیرینی کھا کر کلمہ طیب اور بسم اللہ پڑھائے اور اگر ہو سکے تو کچھ خیرات کرے۔ غریبوں کو کھلائے اور خدا سے دعا برکت کی کرے کہ اللہ اس کو نیک اور صالح عالم کرے۔ پانچ برس کی عمر سے تعلیم قرآن اور نماز روزہ کی باتیں سکھائے۔ اور سات برس کی عمر سے عادت نماز کی ڈالے بہر صورت پہلے اپنے دین کی باتوں میں پختہ اور ہوشیار کر دے۔ پھر معاش کے واسطے کوئی پیشہ یا ہنر یا علم سکھائے۔

Marfat.com

ختنہ کا بیان

لڑکے کے پیدا ہونے سے ساتویں روز یا ساتویں برس یا دسویں یا بارہویں برس۔ بہر صورت بلوغ سے پہلے کرے۔ لڑکپن میں تکلیف کم ہوتی ہے اور اگر کافر مسلمان ہو اس کی ختنہ کرنے میں عمر کا انداز نہیں ہے جب ایمان لایا ختنہ اس پر سنّت ہوا اور جو لڑکا یا کافر مختون پیدائشی (یعنی ختنہ کیا ہوا) ہو۔ اس کی ختنہ کرنا لازم نہیں ہے۔ ختنہ میں اگر تمام جلد یا نصف سے زائد کٹ جائے تو جائز ہے اور نصف کٹے تو جائز نہیں ہے۔ ختنہ پیر کے روز بعد زوال آفتاب کے کرنا مسنون ہے۔ اور اتوار کے روز مکروہ ہے۔

نکاح کی ترکیب

نکاح میں اقرار کا خود مرد اور عورت کا اصالتاً یا وکالتاً روبرو دو گواہوں عادل کے ہونا چاہیئے جو شخص قاضی یا نائب قاضی نکاح پڑھائے۔ مجمع عام ہو اور اس کو لازم ہے کہ اوّل لڑکے کو پانچوں کلمہ اور صفت ایمان مفصّل اور مجمل دونوں (جیسا کہ اس کتاب کے شروع میں لکھے گئے ہیں) پڑھائے پھر خطبہ نکاح کا بلند آواز سے پڑھے۔ پھر ایجاب قبول طرفین سے بآواز بلند کرائے۔ اور مہر مسنونہ باندھے۔ خطبہ نکاح یہ ہے:

Marfat.com

خطبۂ نکاح

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله المحمود بنعمته المعبود بقدرته ٥ المطاع بسلطانه ٥
المرهوب من عذابه وسطوته النافذ امره في سمائه وارضه ٥ الذي
خلق بقدرته وامرهم باحكامه واعزهم بدينه واكرمهم
نبيه محمد صلى الله عليه وسلم وعلى آله وازواجه وصحبه ٥ ان
الله تبارك اسمه وتعالت عظمته جعل المصاهرة سببا لاحقا
وامرا مفترضا اوشج به الارحام والزم الانام ٥ فقال عز
من قائل وهو الذي خلق من الماء بشرا فجعله نسبا وصهرا
وكان ربك قديرا ٥ فامر الله تعالى يجري الى قضائه وقضاؤه يجري الى
قدره ولكل قضاء قدر ولكل قدر اجل ولكل اجل كتاب ٥
يمحو الله ما يشاء ويثبت وعنده ام الكتاب ٥ الحمد لله نحمده
ونستعينه ونستغفره ونعوذ بالله من شرور انفسنا ومن
سيئات اعمالنا من يهده الله فلا مضل له ومن يضلله فلا
هادي له ٥ واشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له
واشهد ان محمدا عبده ورسوله ٥ ارسله بالحق بشيرا ونذيرا
بين يدي الساعة ومن يطع الله ورسوله فقد رشد ومن يعصهما

Marfat.com

فَاِنَّهٗ لَا يَضُرُّ اِلَّا نَفْسَهٗ وَلَا يَضُرُّ اللّٰهَ شَيْئًا ۝ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ
خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا
وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ
رَقِيْبًا ۝ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ
مُّسْلِمُوْنَ ۝ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا
يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ
فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝ وَنَسْئَلُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنَا مِمَّنْ يُّطِيْعُهٗ وَيُطِيْعُ
رَسُوْلَهٗ وَيَتَّبِعُ رِضْوَانَهٗ وَيَجْتَنِبُ سَخَطَهٗ فَاِنَّمَا نَحْنُ بِهٖ وَلَهٗ اَللّٰهُمَّ
صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَ
ذُرِّيَّاتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا ۝

مسائل نکاح

مہر حسب حیثیت ہونا افضل ہے۔ چھوارے تقسیم کریں اور ناکح کی طرف
متوجہ ہو کر قاضی کہے۔ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَبَارَكَ عَلَيْكَ وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِيْ خَيْرٍ ۝
اور سب حاضرین بھی کہیں۔ بعد شب زفاف ولیمہ کرنا افضل ہے۔

حامد۔ حضور نکاح کے مسائل تو معلوم ہوئے مگر یہ بھی ارشاد ہو کہ کن کن عورتوں
سے نکاح درست نہیں ہے۔

استاد (حامد سے) اگرچہ باعث طول ہے لیکن ہم مختصراً اس موقع پر لکھتے ہیں جو عورتیں
کہ مرد پر حرام ہیں۔ یعنی ان سے نکاح درست نہیں ہے۔ وہ نو قسم ہیں

Marfat.com

وہ عورتیں جن سے نکاح حرام ہے

اوّل وہ ہیں جو کہ بسبب اپنی قرابت کے حرام ہوں جیسے والدہ، خواہ اس شخص کی والدہ ہو یا اس شخص کی والدہ کی والدہ یعنی نانی پرنانی اور اس سے بھی اوپر ماں باپ کی والدہ یعنی دادی پردادی یا اوپر کسی پشت کی دادی ہو سب حرام ہیں اور بیٹی یا پوتی اور پرپوتی وغیرہ اور اسی میں داخل ہیں۔ نواسی، پرنواسی وغیرہ جس درجہ کی ہو سب حرام ہیں۔ اور بہن اس کی تین قسمیں ہیں۔ اوّل یہ کہ بہن بھائی ایک ماں باپ سے ہوں جس کو حقیقی کہتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ باپ دونوں کا ایک ہو اور ماں جدا جدا ہو ایسی بہن کو علاّتی کہتے ہیں۔ تیسرے یہ کہ ماں دونوں کی ایک ہو اور باپ دو ہوں ایسی بہن کو اخیافی کہتے ہیں۔ تینوں قسم کی بہنوں سے نکاح کرنا حرام ہے۔ بھتیجی یعنی بھائی کی بیٹی جیسے کہ بہن کی تین قسمیں اوپر مذکور ہوئیں اسی طرح بھائیوں کی تین قسمیں سمجھنی چاہئیں۔ تینوں قسموں کے بھائیوں میں سے کسی قسم کے بھائی کی بیٹی، پوتی، نواسی پرنواسی وغیرہ سب حرام ہیں۔ بھانجی یعنی بہن کی بیٹی سے حقیقی ہو یا علاتی یا اخیافی تینوں کی بیٹیاں یا ان کی اولاد کی بیٹیاں کسی پشت کی ہوں۔ اُن سے نکاح کرنا حرام ہے۔ پھوپی یعنی باپ کی بہن، خواہ حقیقی ہو یا علاتی یا اخیافی سب سے نکاح حرام ہے۔ خالہ یعنی والدہ کی بہن خواہ حقیقی ہو یا علاّتی یا اخیافی تینوں حرام ہیں۔ اس میں داخل ہے باپ اور دادا وغیرہ کی خالہ اور ماں اور نانی وغیرہ کی خالہ۔

دوم۔ وہ کہ بسبب قرابت نکاح کے حرام جیسے بی بی کی والدہ اور نانی پرنانی

Marfat.com

وغیرہ علیٰ ہٰذا القیاس دادی اور پردادی وغیرہ سب حرام ہیں اور بی بی کی بیٹی جو اور خاوند سے ہو یا پوتی یا نواسی وغیرہ لیکن ان کی حرمت میں یہ شرط ہے کہ جب تک بی بی کے ساتھ صحبت نہ کرے گا۔ حرمت ثابت نہ ہوگی اور صحبت کرنے کے بعد حرام ہیں۔ اور بیوی بیٹے کی یا پوتے کی یا اور کسی مرد کی جو اس کی اولاد میں سے ہو۔ اُس شخص پر حرام ہے اور اگر منہ بولا بیٹا یعنی لے پالک ہو تو اسکی منکوحہ سے نکاح حرام نہیں ہے۔

وہ عورتیں جو دودھ پلانے کی وجہ سے حرام ہیں

سوم۔ وہ عورتیں ہیں کہ جو دودھ پینے کے باعث حرام ہیں یعنی دودھ پینے والے پر حرام ہو جاتی ہیں۔ وہ عورتیں جو کہ نسب اور قرابت کی جہت سے حرام نہیں اور پینا دودھ کا معتبر ہے۔ دو برس کی عمر تک صاحبین کے نزدیک اور فتویٰ اسی پر ہے اور حضرت امام اعظم رحمتہ اللہ علیہ کے نزدیک ڈھائی برس تک اور اگر بڑا ہو کر کسی عورت کا دودھ پیا تو حُرمت معتبر نہیں ہے۔ اگر ایک قطرہ دودھ کا بھی پینے والے کے پیٹ میں چلا جائے تو حُرمت ثابت ہوگی۔ دودھ پینے والے کو رضیع کہتے ہیں۔ اور پلانے والی کو مرضعہ کہتے ہیں۔ اور دودھ کا پلانا ثابت ہوتا ہے اقرار سے یا گواہی سے دو عادل مردوں سے یا ایک اور دو عورتوں کے جب کسی لڑکے کو کسی عورت نے دو برس کی عمر تک دودھ پلایا۔ وہ عورت اسکی والدہ رضائی (دودھ کی ماں) اور اس عورت کا خاوند جس سے اس عورت کے دودھ ہوا ہے رضیع کا باپ کہلائے گا اور رضیع یہ دونوں

اور اس کے اور ان کے اصول یعنی جن سے یہ پیدا ہوئے ہیں اور ان کی اولاد خواہ نسبی ہو یا رضاعی سب حرام ہو جاتے ہیں۔

حدیث شریف میں وارد ہے :-

يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعِ مَا يَحْرُمُ مِنَ النَّسَبِ۔ حرام ہوتا ہے دودھ سے وہ جو حرام ہوتا ہے نسب سے۔

جن عورتوں کو نکاح میں اکٹھا کرنا حرام ہے

چہارم :- وہ کہ جن کو نکاح میں اکٹھا کرنا حرام ہے۔ اگر جدا جدا کسی ایک سے نکاح کرے تو درست ہے۔ جو عورتیں کہ نکاح میں جمع کرنی حرام ہیں۔ اجنبی ہوں یا قرابتی اگر اجنبی ہوں تو آزاد مرد کو جو کسی کا غلام نہ ہو۔ چار عورتوں کو جمع کرنے کی اجازت ہے۔ پانچویں سے نکاح نہیں کر سکتا۔ جب تک یہ چاروں نکاح میں رہیں۔ اگر کوئی ان چاروں میں بوجہ طلاق دینے یا مر جانے کے نکاح سے جدا ہو جائے تو پانچویں عورت سے نکاح کر سکتا ہے۔ اگر غلام ہو تو وہ دو عورتوں سے زیادہ نکاح میں نزدیکی کرنا درست نہیں ہے۔ اور جن عورتوں کا قرابت کے نکاح میں نزدیکی کرنا حرام ہے وہ مسئلہ یہ ہے کہ جو دو عورتیں ایسی قرابت نسبی یا رضائی رکھتی ہوں کہ اگر کسی کو ان میں سے مرد فرض کر لیا جائے تو اس کا نکاح آپس میں درست نہ ہو تو ایک شخص ایسی دو عورتوں قرابتی کو ایک نکاح میں نزدیکی نہیں کر سکتا۔ اگر کسی شخص نے ایک عورت سے نکاح کیا ہو تو جب تک وہ عورت اس کے نکاح میں رہے گی اس کی بہن یا پھوپی یا خالہ

Marfat.com

ویغرہ سے نکاح نہیں کر سکتا۔ اسی طرح لونڈی سے اگر نزدیکی کی ہو تو اس کی بہن ویغرہ اُس پر حرام ہیں جب تک کہ اس کو اپنے اوپر حرام نہ کرے یعنی اسکو آزاد کردے یا کسی سے نکاح کردے۔

آزاد عورت کی موجودگی میں لونڈی سے نکاح

پنجم :۔ وہ کہ بحالت موجودگی آزاد عورت کی لونڈی سے نکاح کرے۔ لونڈی کا نکاح عورت آزاد کے ساتھ یا اس کے نکاح کے بعد باطل ہے یعنی اگر کسی شخص کے نکاح میں کوئی آزاد عورت ہو اس کے بعد کسی کی لونڈی سے نکاح نہیں کر سکتا۔

جن عورتوں میں غیر کا حق متعلق ہو

ششم۔ وہ کہ جن میں غیر کا حق متعلق ہو یعنی اگر کسی کی منکوحہ سے نکاح کرے تو درست نہیں وہ عورت اس پر حرام ہوگی۔ یا اگر کسی عورت کو اس کے خاوند نے طلاق دیدی ہو اور وہ عورت طلاق کی عدّت میں، یا اسکا خاوند مر گیا ہو اور عورت اسکی عدّت میں ہو ایسی عورت سے بھی نکاح درست نہیں۔

وہ عورتیں جو اختلاف کے باعث حرام ہیں

ہفتم۔ وہ کہ اختلاف دین کے باعث حرام ہیں۔ مرد مسلمان کو نکاح کرنا مجوسیہ یا بت پرست سے خواہ آزاد یا لونڈی ہو درست نہیں ہے اور بت پرستوں میں وہ لوگ شمار کیے جاتے ہیں جو آفتاب اور ماہتاب اور ستاروں کی پرستش کرتے ہیں

اگر مجوسیہ یا بت پرست کا مالک ہو جائے تو نزدیکی کرنی بھی درست نہیں ہے۔

جن عورتوں سے مِلک کے باعث نکاح حرام ہے

ہشتم۔ وہ کہ مِلک کے باعث سے فقط نکاح حرام ہو۔ اپنی لونڈی سے یا مکاتبہ اُم الولد یا مدبرہ سے نکاح کرنا درست نہیں ہے (شرح) لونڈی اور غلام کی شرح بڑی کتابوں میں مفصل لکھی ہے اور بہت عمدگی سے ظاہر کی ہے۔ لونڈی اور غلام وہ سمجھے جائیں گے جو موافق شرح شریف لونڈی اور غلام ہوں نہ ایسے جو اکثر کسی کے بچہ کو لیکر پرورش کرے یا مول لے لے اور اس کو وہ لونڈی یا غلام سمجھے ان سب سے نکاح کرنا ضروری ہوگا اور جو لونڈی موافق شرح ہے اُن سے یا اُن کی اولاد سے بے نکاح نزدیکی کرنا جائز ہے بخلاف اس زمانہ کے جو مروج ہے۔ ایام خشک سالی وغیرہ میں لاوارث بچوں کو دھوکہ باز فریب سے پکڑ کر بیچ جاتے ہیں اور لوگ ان کو اپنی لونڈی سمجھ لیتے ہیں اور مدبرہ کے معنی یہ ہیں کہ جس غلام یا لونڈی کے آقا نے کہدیا ہے کہ بعد میرے مرنے کے تو آزاد ہے اور مکاتب وہ ہے کہ اس کے آقا نے لکھ دیا ہو کہ اتنا روپیہ مجھکو کما کر دیدے پھر تو آزاد ہے اور اُم ولد وہ لونڈی ہے کہ جس کے آقا سے اولاد ہوئی ہو۔

تنبیہ۔ اس زمانہ کی لونڈیاں درحقیقت لونڈیاں نہیں ہیں مسلمان دین دار کو چاہیئے کہ نکاح کر کے نزدیکی کرے۔

وہ عورتیں جو طلاق کے باعث حرام ہیں

نہم۔ وہ کہ طلاق کے باعث حرام ہو۔ اگر کسی شخص نے اپنی منکوحہ کو تین طلاق دی ہوں یا اس کے نکاح میں لونڈی تھی اور اس نے اس کو دو طلاقیں دیں تو یہ شخص اُن

Marfat.com

سے نکاح نہیں کر سکتا جب تک کہ ایام عدت نہ گذر جاویں اور وہ عورت دوسرے خاوند سے نکاح نہ کرے اور وہ دوسرا شوہر بعد وطی کے اس کو طلاق نہ دے اور اس طلاق کی بھی عدت پوری نہ ہو جائے اور اگر کسی لونڈی سے نکاح نہیں کر سکتا۔

محمود۔ حضور مسائل نکاح یہاں تک تمام ہوئے اب امیدوار ہوں کہ مختصر طور سے اسی کے ساتھ طلاق کے مسائل بھی کچھ ارشاد ہوں۔

استاد (محمود) یہ بحث بھی طویل ہے اس مختصر رسالہ میں اس کی گنجائش کہاں لیکن اختصار کے طور پر ضروری باتیں تمہارے فائدہ پہنچانے کی غرض سے بیان کی جاتی ہیں۔

طلاق کا بیان

شرح شریف میں طلاق اس کو کہتے ہیں کہ کوئی مرد چند الفاظ مخصوصہ کہکر اپنی منکوحہ کو نکاح سے خارج کردے اور یہ امر شرعاً مباح ہے۔ طلاق کی دو قسمیں ہیں ایک سُنی اور دوسری بدعی۔ طلاق سُنی کی دو قسمیں ہیں ایک احسن اور دوسری حسن۔ سُنی جو کہ احسن ہے اس طرح ہوتی ہے کہ اپنی منکوحہ کو ایام طہر میں یعنی ان ایام میں کہ اس کو حیض نہ آتا ہو بشرطیکہ اس طہر میں صحبت نہ کی ہو ایک طلاق رجعی دیدے اور پھر خبر نہ لے۔ یہاں تک کہ اسکی عدت گزر جائے اور نکاح جاتا رہے اور حسن وہ ہے کہ عورت کو ایک طہر میں کہ جس میں نزدیکی نہیں کی ایک طلاق دے اور دوسرے طہر میں بھی بغیر نزدیکی کے طلاق دے اور تیسرے طہر میں تیسری طلاق دے اور بدعی یہ ہے کہ عورت کو ایک طہر میں تین یا دو طلاقیں دے۔ پس اگر اس طرح طلاق دیگا تو طلاق واقع ہو جائے گی۔ الا یہ شخص گنہگار ہوگا اور اگر حالت حیض میں طلاق دے گا یا اس طہر میں کہ اس میں نزدیکی کی ہو تب بھی بدعی کہلائی

ہے اور ان دونوں صورتوں میں رجعت ایسی طلاق میں بعض روایتوں میں واجب ہے اگر ہو سکے۔

تنبیہ۔ اس بیان سے معلوم ہوا کہ اگر کسی شخص نے اپنی منکوحہ کو تین طلاقیں دیں۔ خواہ ایک ہی دفعہ خواہ دو دفعہ ایک وقت میں یا کئی وقت میں تو وہ عورت اس سے جدا ہو جائے گی۔ اور اس سے پھر نکاح بغیر حلالہ کے (جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے) نہیں کر سکتا۔ اور یہی مذہب اہل سنت والجماعت ہے۔

جنازے کی نماز

جاننا چاہیئے کہ جب کسی کو علامت موت کی ظاہر ہو تو چاہیئے کہ اگلے سب گناہوں سے توبہ کرے اور استغفار اور کلمہ شہادت پڑھتا رہے اور معبود کے ذکر میں رہے۔ اور اس کے پاس والے خوشبو روشن کریں اور منہ اس کا قبلہ کی طرف کر دیں اور کلمہ توحید اور کلمہ شہادت بہ تکرار اور سورۂ یٰسین اس کے سامنے بلند آواز سے پڑھیں مگر اس کو حکم پڑھنے کا نہ کریں کیونکہ اس وقت بیمار کو تکلیف و بیقراری ہوتی ہے۔ شاید انکار کرے یا کوئی کلمہ نامناسب کہے۔ جب مر جائے ٹھوڑی باندھ دیں تاکہ منہ کھلا نہ رہ جائے اور آنکھیں بند کر دیں اور پیٹ پھولنے کا گمان ہو تو گیہوں یا اور کچھ بوجھ رکھ دیں۔

میت کو غسل کس طرح دیا جائے

پھر ایک تختہ پاک پر قبلہ رو لٹائیں اور خوشبو مثل اگر د لوبان وغیرہ جلا کر تختہ کے گرد تین بار یا پانچ بار بعدد طاق پھرائیں پھر اسی طرح کفن کو

بھی اس کی خوشبو سے بسائیں اور تختہ پر لٹا کر تمام کپڑے آہستہ سے اُتار کر ایک تہ بند سے اس کا ستر عورت کریں اور خوشبو اس کے پاس سُلگائیں۔ اور پانی میں بیری کے پتے ڈال کر بہت جلدی گرم کرکے نیم گرم پانی سے نہلائیں (مردے کو غسل دینا اور کفن دینا اور نماز جنازہ پڑھنا اور دفن کرنا زندوں پر واجب کفایہ ہے یعنی اگر بعض مسلمان یہ سب کام کر دیں تو سب کے سر سے اُتر جائے گا اور جو کوئی نہ کرے گا تو سب گنہگار ہوں گے۔ جس جس کو میّت کی خبر ہو اور طاقت رکھتا ہو شریک ہو اس طرح کہ پہلے طہارت استنجا مٹی کے ڈلوں سے کرا کے پھر پانی سے کرائے پھر وضو کرائے بطور مسنون مگر ناک اور منہ کو روئی سے صاف کرے ناک منہ و کانوں کے اندر پانی نہ ڈالے۔ پھر ڈاڑھی کے بالوں اور سر کو خطمی کے پھولوں سے دھوئیں اور پہلے دائیں طرف مُردے کو دھوئیں اور تین بار پانی تمام اس کے جسم پر بہائیں پھر مُردے کی پیٹھ کو ٹیک لگا کر تھوڑا اٹھائیں اور نرمی سے اس کا پیٹ ملیں اور جو کچھ پیٹ سے نکلے اسے پاک کریں اور اعادہ غسل نہ کرے اوّل نیم گرم پانی پھر وہ پانی جس قدر سے کافور ملا کر تمام جسم میت پر تین بار ڈالے اور یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ هٰذَا الْمَيِّتَ مِنَ النَّجَاسَةِ وَالْجَنَابَةِ وَمِنْ كُلِّ ذَنْبٍ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا كَرِيْمُ یعنی اے اللہ پاک کر اس میت کو نجاستوں سے اور پلیدی سے اور تمام گناہوں سے (یہ دعا پڑھے یا اور کوئی دعا مسنون پڑھے تو ثواب ہے) نہلانے تک خوشبو سلگاتا رہے پھر پارچہ پاک سے میت کا بدن خشک کرے اور کفن

پہنا دے۔

پانی میں ڈوبی ہوئی میت کے غسل کی ترکیب

اگر میت ڈوبی ہوئی ملے اور سڑی گلی نہ ہو تو اس کو پانی میں تین غوطہ دینا غسل کے لیئے کفایت کرتا ہے۔ مرد کو مرد غسل دے اور عورت کو عورت اگر عورت مردوں میں مر جائے اور وہاں کوئی دوسری عورت نہلانے والی نہ ملے۔ یا مرد مر جائے عورتوں میں اور کوئی دوسرا مرد اس کا نہلانے والا نہ ملے جو اسکا یعنی میت کا محرم ہو وہ اپنے ہاتھ سے اس کا تیمم کر دے۔

میت کے تیمم کی ترکیب

یعنی تیمم میت غسل جنازہ کر کے ایک بار زمین پر ہاتھ مارے اور میت کے منہ پر پھیر دے۔ پھر دوسرا ہاتھ زمین پر مار کر میت کے ہاتھ پر انگلیوں سے کہنی تک ہاتھ پھیر دے بس غسل ہو گیا۔ اگر محرم بھی کوئی نہ ہو تو اجنبی اپنے ہاتھ پر کپڑا لپیٹ کر تیمم کر دے۔ میت کے غسل میں نیت شرط ہے۔ نیت یہ ہے واسطے ساقط ہونے فرضیت غسل مسلمانوں سے نہ واسطے طہارت میت کے اگر ڈوبی ہوئی میت پر نماز جنازہ بدون دیئے غسل کے پڑھیں تو جائز ہے۔

مرد کے کفنانے کی ترکیب

کفن میت کے مرد کو تین چیز یعنی ازار۔ لفافہ۔ قمیص اگر نہ ہو سکے تو ازار

Marfat.com

ہی کفایت ہے ورنہ اتنا ہو کہ سب بدن چھپ جاوے اور اگر بالکل کفن میسّر نہ ہو ایسی جگہ ویران یا جنگل ہو تو پاک گھاس میں لپیٹ کر قبر میں رکھ کر نماز پڑھیں۔

مرد کا کفن

ازار اور لفافہ اُن چادروں کا نام ہے کہ ان دونوں کو کفنانے کے وقت نیچے اوپر ڈال کر بچھاتے ہیں۔ اوپر قمیص بچھاتے ہیں۔ جس چادر کو اوّل بچھاتے ہیں اس کو لفافہ کہتے ہیں۔ اور جو دوسری چادر ڈالتے ہیں اس کو ازار کہتے ہیں ہر ایک چادر ایسی بڑی ہو کہ میّت کے سر سے پاؤں تک چھپ جائے۔ مرد کے کفنانے کا یہ طریقہ ہے کہ اوّل لفافہ کسی پاک چیز پر بچھاتے ہیں بوریا یا چارپائی یا تخت پر پھر دھونی اگر اور صندل کی اس کو دے کر خوشبو اُس پر چھڑکیں۔ پھر لفافہ پر ازار یعنی دوسری چادر بچھائیں پھر اس کو بھی دھونی دے کر خوشبو چھڑکیں۔ بعد اس کے آدھی کفنی ازار پر بچھائیں اور آدھی میّت کے سر کی طرف رہنے دیں۔ پھر اس کو بھی دھونی دے کر خوشبو چھڑکیں۔ پھر میّت کے سر اور داڑھی پر خوشبو اور کافور ساتوں اعضاء سجدے پر لگا کر غسل کی جگہ سے ستر چھپائے ہوئے کفنی پر لا کر رکھیں۔ پھر کفنی کے چاک میں سر ڈال کر کفنی پہنائیں اور وہ آدھی کفنی کو کہ جو سر کی جانب رکھی ہے میت پر پھیلائیں۔ پھر پہلے ازار کو بائیں طرف سے اس پر لپیٹیں کہ داہنا کنارہ بائیں کنارے پر آجائے پھر اسی طور پر لفافہ اس پر لپیٹیں۔ پھر کفن کے دونوں طرف کے سروں کو پاؤں اور سر کی جانب دھجی سے باندھ دیں۔

Marfat.com

عورت کا کفن

عورتوں کے لیئے پانچ پارچہ کفن سنت ہیں۔ درع۔ خمار۔ لفافہ۔ ازار۔ خرقہ قمیص اور درع میں یہ فرق ہے کہ قمیص اس کو کہتے ہیں کہ جس کو مرد پہنتے ہیں۔ اور درع وہ جس کو عورتیں پہنتی ہیں۔ قمیص کا مونڈھوں پر چاک کرتے ہیں۔ اور درع کا سینہ پر۔ درع کا طول و عرض موافق قمیص کے ہو جیسے اوپر بیان ہوا اور درازی خرقہ کی تین ہاتھ ہو اور عرض بغلوں سے گھٹنوں کے نیچے تک عورت کے کفنانے کا یہ طریقہ ہے کہ اوّل خرقہ یعنی سینہ بند پاک چیز پر جیسے اوپر بتایا ہے بچھائیں۔ پھر اس پر لفافہ۔ لفافہ پر ازار۔ ازار پر درع یعنی کفنی پھر ہر ایک کو دھونی دیں اور خوشبو اس پر چھڑکیں جس طرح مرد کے کفنانے میں بتایا ہے بعد اس کے عورت کے بدن کو پونچھ کر خوشبو اس کے سر پر اور کافور ساتوں اعضائے سجدہ پر لگائیں اور بدن اس کا چھپائیں پھر سر کے بالوں کے دو حصّے کر کے سینہ پر کفنی کے اوپر رکھیں اور خمار یعنی اوڑھنی اس کے سر پر کھلی ہوئی اڑھا کر دونوں حصہ اس کے بالوں کے اوڑھنی کے دونوں طرف چھپائیں پھر اس کے اوپر ازار۔ ازار کے اوپر لفافہ لپیٹیں جس طور کہ مرد کے کفن میں بیان ہوا بعد اس کے خرقہ سینے کے اوپر بغلوں سے نکال کر گھٹنوں کے نیچے تک لپیٹیں اس طرح کہ بائیں طرف سے داہنی طرف لائیں پھر داہنی طرف سے بائیں طرف لا کر کمر کی جگہ کفن کو باندھ دیں۔ اور بہ طور سابق سر اور پیر کی طرف بند لگائیں کنیزک کا کفن مثل

Marfat.com

بی، بی کے خنثیٰ مشکل (یعنی جس کا مرد عورت جاننا مشکل ہے) مثل عورت کے ہے۔ مراحق جو سن بلوغ کو پہنچا اور بالغ نہیں ہوا مثل بالغ کے ہے۔

بچوں کا کفن

صغیر سن لڑکے کے لیے ایک تک بھی کفن جائز ہے اور لڑکی کے لئے دو تک اور اگر ان کو بھی موافق بالغوں کے کفن دیا جائے تو بہتر ہے اگر بچہ پیٹ سے مردہ پیدا لڑکا یا لڑکی ہو اسکو ایک پاکیزہ کپڑے میں لپیٹ کر گاڑ دیں، اس کو زندے کا سا کفن نہ دیں نہ نماز پڑھیں اور جو اس کی زندگی کی علامت پائی گئی مثلاً آواز یا حرکت پھر جلد مر گیا یا پیٹ سے زندہ خارج ہو کر مر گیا اس کا نام رکھیں اس کو غسل دیں نماز اس پر پڑھیں نیا پرانا کپڑا کفن میں برابر ہے مگر پاک ہو کفنانے کے بعد مردہ کے واسطے چارپائی یا تخت اور عورت کے واسطے اس پر گہوارہ باندھ کر میت کو اس پر رکھ کر سب خویش و اقربا برادری بھائی مسلمان احتیاط سے ہاتھوں ہاتھ کاندھوں پر اٹھا کر قبرستان لے چلیں۔ اس طرح سے کہ میت کے سر کو آگے کر کے چار دس آدمی اٹھائیں اور بے حرکت اور تکان کے لے جائیں۔ اس کے لے جانے اور اٹھانے میں سستی نہ کریں کیونکہ اس امر میں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت جلدی فرمائی ہے۔ اور اس کام سے بڑے بڑے گناہ مٹتے جاتے ہیں اور ساتھ والے پیچھے میت کے دنیا کی باتیں نہ کریں۔ اور کچھ بلند آواز سے نہ پڑھیں۔ مگر آہستہ کلمہ اور درود میں مشغول رہیں اور اپنی موت کو یاد کریں۔ اور جب تک جنازہ

زمین پر نہ رکھا جائے نہ پلٹیں اور حتی المقدور اس کی تجہیز و تکفین و دفن میں بہ جلدی کریں۔ اپنے کاروبار دنیوی مثلاً کھانا اور تجارت وغیرہ حصول فراغت دفن تک موقوف کریں اور کلمات جزع فزع زبان پر نہ لائیں آواز بلند سے نہ روئیں پھر کسی پاک جگہ رکھکر نماز جنازہ پڑھیں اور نماز جنازہ کی مسجد کے اندر جائز نہیں۔

جنازہ کی نماز کے لئے نو شرطیں

نماز جنازہ کی نو شرطیں ہیں۔ پہلی[۱] شرط مسلمان ہونا نماز پڑھنے والے اور مردے کا۔ دوسری[۲] شرط میت اور مصلی[۲] کا بدن پاک ہونا۔ تیسری[۳] شرط میت اور مصلی کا لباس پاک ہونا۔ چوتھی[۴] شرط میت اور نمازی کا مکان پاک ہونا یعنی رکھنے کی جگہ۔ پانچویں[۵] شرط ستر عورت میت اور نمازی کا۔ چھٹی[۶] شرط رکھنا میت کا زمین یا کسی چیز پر کہ شرع میں مثل زمین کے ہو روبرو مصلی کے ساتویں[۷] شرط بالغ ہونا امام کا۔ آٹھویں[۸] شرط کھڑا ہونا مصلی کا روبہ قبلہ ہو کر نویں[۹] شرط نیت کرنی مصلی کے واسطے نماز جنازہ کی اس طور سے۔

نماز جنازہ کی نیت اور ترکیب

نَوَیْتُ اَنْ اُؤَدِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی اَرْبَعَ تَکْبِیْرَاتِ صَلٰوۃِ الْجَنَازَۃِ اَلْفَرْضِ الْکِفَایَۃِ وَالثَّنَاءُ لِلّٰہِ تَعَالٰی وَالصَّلٰوۃُ عَلَی النَّبِیِّ وَالدُّعَاءُ لِلْمَیِّتِ اِقْتَدَیْتُ بِہٰذَا الْاِمَامِ مُتَوَجِّھًا اِلَی الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

اور اگر عورت ہو تو بِھٰذِہِ الْمَیِّتِۃِ کہے یا اپنی زبان میں اس طرح نیت

کرے اور اگر عورت ہو تو پڑھے لِلّٰہِ الْمَیِّتِ کہے یا اپنی زبان میں اس طرح
نیت کرے کہ "نیت کرتا ہوں میں جو ادا کروں۔ چار تکبیر نماز جنازہ کی واسطے
اللہ تعالیٰ کے اور دعا واسطے اس میت کے" اور امام ہو تو کہے "امام ہو کر اس
جماعت کا" اور مقتدی کہیں "پیچھے اس امام کے متوجہ ہو کر طرف کعبہ شریف کے اللہ اکبر۔
کہکر نماز کے طور پر ہاتھ باندھ لے پھر پڑھے سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ
اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَجَلَّ ثَنَاؤُکَ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُکَ پھر اللہ اکبر کہے اور
ہاتھ اٹھائے اور درود پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ
عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ پھر تیسری بار اللہ اکبر کہے۔ بغیر ہاتھ اٹھائے اگر جنازہ
بالغ ہے تو یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا وَ شَاھِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِیْرِنَا وَ کَبِیْرِنَا وَذَکَرِنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَہٗ مِنَّا فَاَحْیِہٖ عَلَی الْاِسْلَامِ ط وَمَنْ تَوَفَّیْتَہٗ مِنَّا فَتَوَفَّہٗ عَلَی الْاِیْمَانِ ط

یعنی اے صاحب ہمارے بخشدے ہمارے زندوں کو اور مردوں کو اور ان کو جو حاضر ہیں اور غائب ہیں اور چھوٹوں کو بڑوں کو اور ہمارے مردوں کو اور عورتوں کو اے اللہ جسکو زندہ رکھے تو ہم سے پس قائم رکھ اسکو اسلام پر یعنی اپنا فرمانبردار رکھ اور جسکو مارے تو
ہم سے پس مار تو اسے ایمان پر۔ یعنی اسکا خاتمہ ایمان پر ہو۔

اور جو جنازہ لڑکے کا ہو تو یہ دعا پڑھے:-

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا ۝ ط

ترجمہ:- یعنی اے اللہ کر اسے ہمارے واسطے میر منزل (میر منزل اُسے کہتے ہیں جو پہلی منزل میں جا کر سب سامان درست کرے) اور کر اُسے واسطے ہمارے اجر اور ذخیرہ اور کر اُسے واسطے ہمارے سفارش کرنے والا اور سفارش قبول کیا گیا۔

وَّاجْعَلْهَا لَنَا شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً ط پھر چوتھی بار تکبیر کہہ کر سلام پھیرے امام چاروں تکبیریں بلند آواز سے کہے اور مقتدی آہستہ کہیں جیسے نماز میں کہتے ہیں امام میت کے سینہ کے برابر کھڑا ہو اور مقتدی تین صفیں کریں اور اگر میت کئی ہیں تو علیحدہ پڑھیں جو سب میں افضل ہو پھر اس کے بعد دوسرا ہو اور اگر سب کی ایک دفعہ پڑھیں اس طرح آگے پیچھے مرتبہ وار میت رکھے مگر سب کے سینہ کے برابر امام کھڑا ہو کل صاحب جمع میتوں کی نیت کرلیں۔ اس نماز میں مقتدی جو پیچھے ملے بعد ایک تکبیر یا دوتین کے تو جس قدر تکبیر امام کے ساتھ پائیں وہ کہے باقی تکبیر بروقت سلام پھیرنے امام کے جلدی جلدی کہکر سلام پھیرے اس میں دُعا اور درود پڑھنے کی حاجت نہیں۔ اس نماز میں نماز یوں کا پاک طاہر اور باوضو ہونا شرط ہے۔ اگر بسبب ضرورت نماز کے جاتے رہنے کا خوف ہے تیمم سے پڑھ لے تو بھی جائز ہے۔ اگر میت کو دفن کردیا ہو اور نماز جنازہ نہ پڑھی ہو تو میت کی قبر پر پڑھیں۔ جب تک کہ اس کے پیٹ پھٹنے کا گمان نہ ہو امام یا ولی میت کا حق کو اجازت دے۔

جنازہ لے چلنے کا طریقہ

جنازہ کو اٹھا کر لے چلیں اس طور پر کہ چار آدمی کندھا دیں۔ ہر ایک آدمی

Marfat.com

پہلے مرد ے کے سرہانے کی طرف داہنے کندھے پر لیکر دس قدم چلے دوسرے پائنتی کی طرف کی طرف میت کی داہنا کندھا دیکر دس قدم چلے اسی طرح پائنتی کی طرف تیسرا کندھا اپنے بائیں کندھے پر لیکر دس قدم چلے چوتھا کندھا سرہانے کا اپنے بائیں کندھے پر لیکر دس قدم چلے۔ یہ سب چالیس قدم ہوئے جس کے عوض اللہ تعالیٰ چالیس کبیرہ گناہ اٹھانے والے کے معاف کرتا ہے۔ جنازے کے ساتھ چلنے والے خاموش غمگین اپنی موت کو یاد کرتے گناہوں پر نادم ہوتے توبہ کرتے خداوند تعالیٰ سے ڈرتے جائیں۔ میت کے واسطے دعائے مغفرت کریں۔

میت پر گریہ وزاری کرنا حرام ہے

چلا کر رونا۔ چھاتی کوٹنا بال نوچنا یہ سب حرام ہے۔ خاموش فقط آنسو سے رونا جائز ہے۔ جو کوئی چلائے روئے چیخے اس کو نرمی سے منع کریں جنازہ کا ساتھ نہ چھوڑیں قبر پر میت کو لیجا کر دفن کریں۔ قبر بغلی ہو جہاں زمین نرم ہو صندوقی قبر بھی بنا نادرست ہے۔

قبر بنانے کا طریق

قبر بنانے کا یہ طریقہ ہے کہ میت کے لنبائی کی برابر ہو اور گہرائی قد آدم اور چوڑائی اس قدر کہ مردہ اس میں بخوبی سما جائے اور مردہ کو داہنی کروٹ پر لٹائیں۔ اس طرح پر کہ منہ اس کا قبلہ کی طرف سے پھر نہ جائے اور کچی اینٹیں یا تختہ یا لکڑیاں وغیرہ لحد کے منہ پر رکھ کر بند کر دیں پھر اس

Marfat.com

میں مٹی ڈال کر قبر بنائیں قبر کا اُونچا کرنا زمین سے ایک بالشت تک سنت ہے اور جو زیادہ ہو جائے تو مضائقہ نہیں قبر گول یا چوکور نہ بنائیں بلکہ ڈھلوان مثل کوہان شتر ہو

مردے کو قبر میں کس طرح اتارا جائے

مردے کو قبر میں اُتارنے والے آدمی قوی ہوں تاکہ آرام سے اُتار سکیں عورت کو قبر میں اس کے محرم اُتاریں جیسے بیٹا باپ بھائی اگر یہ موجود نہ ہوں تو قرابت والے اگر یہ بھی نہ ہوں تو بعید کے اُتارنے میں مضائقہ نہیں لیکن قرابت والے ہوتے ہوئے بعید والے نہ اُتاریں۔ میت کے اُتارنے کے واسطے عورتوں کو قبر پر نہ آنے دیں۔ کیونکہ جناب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کا اور کافروں کو قبر پر آنے سے منع فرمایا ہے جب میت کو قبر میں رکھیں تب یہ پڑھیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّتِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جب میت کو قبر میں رکھیں کفن کی گرہیں کھول دیں اہل میت کو منہ دکھانا قبر میں جائز ہے۔

قبر کو مٹی دینے کا طریقہ

جب تختے رکھ چکیں تو تختوں پر تین مٹھی بھر کر سرہانے سے مٹی ڈالنا مستحب ہے اول بار مٹی ڈالنے میں یہ پڑھا جاتا ہے۔ مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ دوسری بار کے مٹی ڈالتے وقت یہ پڑھے وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ پھر تیسری بار یہ پڑھے۔ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى

Marfat.com

قبلہ کی طرف سے قبر میں مردے کا داخل کرنا مستحب ہے۔ مردے کے نیچے قبر میں چادر یا کچھ کپڑا بچھانا مکروہ ہے اگر کہیں کی زمین بہت نرم یا رتیلی ہو کہ قبر بھی نہ بن سکے تو میت کا تابوت میں رکھ کر گاڑنا درست ہے۔ خواہ تابوت لوہے کا ہو یا پتھر لکڑی کا اگر تابوت میں گاڑیں تو سنت ہے کہ اس میں مٹی کا فرش نہ کریں اور اندر کی طرف مٹی سے لیس دیں دفن کرنے کے بعد قبر پر پانی چھڑکنا مستحب ہے۔ عورت کی قبر پر دفن کرنے کے وقت پردہ کرنا مستحب ہے۔

شہید کی میت کا طریقہ

شہید کے واسطے غسل اور کفن کی حاجت نہیں شہید اسی پوشاک اور لباس میں جو پہنے ہوئے ہیں یعنی انھیں کپڑوں میں دفنائے جائیں۔ مگر مرتث کو کفن اور غسل دیا جائے۔

محمود:۔ مرتث کسے کہتے ہیں۔؟

استاد:۔ مرتث اُسے کہتے ہیں کہ بعد شہادت کے کچھ دیر جیتا رہا بات کی یا کھانا کھایا یا پانی پیا۔ سویا یا معالجہ کیا۔ دنیا کی خرید و فروخت یا بہت باتیں کیں اور اس کو ہوش وحواس تھا اور مرگیا۔ گھر تک ہو چکر یا راہ یا ایک مکان سے اٹھ کر دوسرے مکان میں چلا گیا ان سب حرکتوں سے مرتث ہوتا ہے اس کو غسل اور کفن دیا جائے گا مگر یہ ثواب شہید کا پائے گا۔

Marfat.com

ایّامِ عدت

عورت کو اپنے خاوند کے واسطے چار مہینہ دس روز سوگ کرنا واجب ہے اس مدّت میں عورت زینت نہ کرے خاوند کے گھر سے باہر نہ نکلے اگر ضرورت کو نکلے تو رات کو ضرور اس گھر میں رہا کرے بلند آواز سے بیان کر کے رونا گریبان پھاڑنا سر اور منہ پر ہاتھ مارنا حرام ہے۔ بہر صورت صبر لازم ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ ہ

عابد۔ حضرت جی نمازِ جنازہ کی ترکیب اور تجہیز و تکفین کے مسائل تو معلوم ہوئے کہ نماز تہجد اور نماز صلوٰۃ التسبیح مع دیگر نماز نوافل کی ترکیب بھی ضرور ہی ارشاد ہو۔؟

اُستاد (عابد) اگرچہ نماز تہجد کے فضائل بے شمار ہیں لیکن بہ خیال طوالتِ قلم نظر انداز کئے جاتے ہیں۔ صرف مختصر طور پر بیان کیا جاتا ہے۔

نماز تہجد کے فضائل اور اس کی ترکیب

ترمذی شریف، بروایت ابو امامہ رضی اللہ عنہ کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ لازم کر دا پنے اوپر قیام رات کا یعنی نماز تہجد کیوں کہ یہ طریقہ اچھے لوگوں کا ہے جو پہلے تم سے تھے۔ اور سبب ہے نزدیکی خدا کا گناہوں سے باز رہنے کا اور گناہوں کے دور ہونے کا۔ غرضکہ نماز تہجد کا پڑھنا بہت ثواب ہے کیوں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے

برابر پڑھی ہے جو اس نماز کو برابر پڑھے محتاج نہ ہو اور اُس کی قبر روشن اور کشادہ ہو اور جب قبر سے اُٹھے تو اس کا چہرہ آفتاب کی مانند روشن ہو اس نماز کے پڑھنے کے کئی طریق ہیں۔ اور مختلف روائتیں ہیں منجملہ ان کے ایک کا بیان کیا جاتا ہے۔ ابو داؤد رضی اللہ عنہ نے روایت کی ہے اور ابو حنیفہ رحمتہ اللہ سے کہ میں نے دیکھا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ پڑھی آپ نے پہلی رکعت میں سورۂ بقر رکوع کیا قریب قیام کے اس کہتے تھے سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ پھر اٹھایا سر اور کھڑے رہے قریب رکوع کے کہتے تھے۔ بعد سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ کے رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ پھر سجدہ کیا قریب قومہ رکوع کے اور کہتے تھے اس میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی پھر اٹھایا سر اور بیٹھے درمیان دو سجدوں کے قریب سجدے کے کہتے تھے رَبِّ اغْفِرْ لِیْ پھر اسی طرح چار رکعت پڑھیں۔ پہلی میں سورۂ بقر اور دوسری میں آل عمران اور تیسری میں سورۂ نساء اور چوتھی میں سورۂ مائدہ یا سورۂ انعام اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نماز تہجد میں کبھی قرائت بآواز بلند کرتے تھے اور کبھی پست حدیث صحیح میں وارد ہے کہ ایک روز پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا کہ تم سے نہیں ہو سکتا کہ ہر شب تہائی قرآن یعنی دس پارہ پڑھا کرو۔ اصحابؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ بہت دشوار ہے کس سے ہو سکتا ہے۔ آپ نے فرمایا سورۂ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ برابر تہائی قرآن کے ہے ثواب میں اگر اس کو پڑھو گے ثواب تہائی قرآن پڑھنے کا حاصل ہو گا۔

Marfat.com

نماز تہجد میں سورۂ اخلاص پڑھنے کے فضائل

اسی واسطے اکثر مشائخ نے نماز تہجد میں پڑھنا اس صورت کا معمول کیا ہے اسکے تین طریقے ہیں اوّل یہ کہ بعد فاتحہ کے ہر رکعت میں تین بار یہ سورۂ پڑھے۔ دوسرے یہ کہ بعد سورۂ فاتحہ کے پہلی رکعت میں بارہ مرتبہ یہ سورتہ پڑھے پھر ہر رکعت میں ایک ایک بار کم کرتا جائے تو بارھویں رکعت میں ایک بار یہ سورتہ پڑھی جائے گی۔ تیسرے یہ کہ اول رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے ایک مرتبہ پڑھے۔ پھر ہر رکعت میں ایک ایک بار بڑھاتا جائے تو بارھویں رکعت میں بارہ بار پڑھنا ہوگا مگر یہ تیسرا طریقہ مقبول فقہا نہیں ہے اس لئے کہ دوسری رکعت اس طریقہ میں پہلی رکعت سے زیادہ ہوتی ہے اور یہ خلاف اولیٰ ہے۔ اور بعضے مشائخ ہر رکعت میں سورۂ مزمل قل ہو اللہ کے ساتھ ملا کر پڑھتے ہیں اور حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہٗ اپنے مریدوں کو نماز میں سورۂ یٰسین پڑھنے کا حکم فرماتے تھے ایسا ہی تحریر فرمایا ہے حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی قدس اللہ سرہ نے اور اگر وتر پڑھ کر نماز تہجد پڑھے تو پھر اعادہ وتر کا نہ کرے۔ حدیث صحیح میں آیا ہے کہ ایک شب میں دو وتر نہیں ہیں۔

نماز صلوٰۃ التسبیح

عبدالعزیز بن داؤد رحمتہ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ جو شخص جنت کا ارادہ

Marfat.com

کرے اس کو جائز ہے کہ نماز صلوٰۃ التسبیح کو لازم جانے اور طریقہ اس نماز
ہے کہ تکبیر تحریمہ کہہ کے سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ پھر پندرہ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ
لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ
کہہ کے اعوذ اور بسم اللہ اور سورۂ فاتحہ پڑھ کے کوئی سورۃ ملا کے انہیں کلموں
کو دس مرتبہ کہے پھر رکوع میں بعد تین مرتبہ سبحان ربی العظیم کے دس مرتبہ اور
پھر رکوع سے سر اٹھا کے بعد سمع اللہ لمن حمدہ ربنا لک الحمد کہے دس مرتبہ۔ پھر
ہر سجدے میں بعد تین مرتبہ سبحان ربی الاعلیٰ کہنے کے دس دس مرتبہ اور
درمیان دونوں سجدوں کے بیٹھ کے دس مرتبہ یہ سب پچھتر مرتبہ ایک رکعت
میں یہ کلمات پڑھے اسی طرح چاروں رکعت میں پڑھے جن میں تین سو مرتبہ
یہ کلمات شمار ہوں گے۔ ہر رکعت میں ان کلموں کی قرأت کرے اور روایت
ابوداؤد میں یوں لکھا ہے کہ پندرہ مرتبہ ان کلموں کو بعد الحمد اور سورۃ ملا کر
پڑھنے کو لکھا ہے اور باقی جیسا کہ مذکور ہوا اور اس دس مرتبہ مقاموں میں
کہنا ویسے ہی کہے اور بعد دونوں سجدوں کے بیٹھ کے دس مرتبہ ان کلموں کو
کہے تو وہی پچھتر مرتبہ ہر رکعت میں ہو جائیں گے۔ اور قعدوں میں التحیات
کے پہلے یہ کلمات پڑھے جاتے ہیں یہ چاروں ہر رکعت ایک سلام سے پڑھی
جاتی ہیں۔ اور قرأت بعد الحمد کے پہلی رکعت میں سورۃ الہٰکم التکاثر
اور دوسری میں والعصر اور تیسری میں قل یاایہا الکافرون اور چوتھی میں
قل ہو اللہ پڑھنا افضل ہے اور یہ کلمات انگلی سے نہ شمار کرے بلکہ دل سے
یاد رکھے اور اگر احتیاط گننے کی ہو تو کنارہ انگلی سے گنے۔ ابوداؤد میں روایت ہے

Marfat.com

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ جب تم یہ نماز پڑھو گے تو اللہ تعالیٰ تمہارے گناہ اگلے پچھلے پرانے اور نئے چھوٹے اور بڑے پوشیدہ اور ظاہر بخشدے گا۔ اگر ہو سکے تو اس نماز کو ہر روز پڑھے اور نہیں تو ہر جمعہ کو ایک بار اور نہیں تو ہر مہینہ میں ایک بار نہیں تو ہر سال میں ایک بار اور یہ بھی نہ ہو سکے تو ساری عمر میں ایک بار ضرور پڑھنا چاہیئے۔ ہر مرد اور عورت کو خیال چاہیئے۔

نماز تحیۃ الوضو

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو مسلمان اچھی طرح وضو کرے خشوع دل سے یہ دو رکعت نماز بعد وضو کے قبل خشک ہونے اعضاء کے پڑھے اس کے لئے جنت ہوگی۔ یہ نماز مستحب ہے اور یہ دونوں رکعتیں ہلکی پڑھنا مستحب ہیں اور ان دونوں رکعتوں کی نیت مطلق نفل کی کرے۔

نماز تحیۃ المسجد

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب کوئی مسجد میں آئے تو قبل بیٹھنے کے یہ دو رکعت نماز پڑھے اور بیٹھ گیا ہو تو اٹھ کے پڑھے اور اگر مسجد میں تمام دن میں کئی مرتبہ آئے تو ایک مرتبہ خواہ اوّل یا آخر نماز تحیۃ المسجد پڑھنا کافی ہے۔ اگر بسبب حدث یا خوف یا کراہت وقت یا ازدحام کے نماز تحیۃ المسجد پڑھنے پر قادر نہ ہو تو مستحب ہے کہ چار مرتبہ کہے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

Marfat.com

بعض سلف سے منقول ہے کہ یہ کہنا برا ہے دو رکعت کے اور ظفر جلیل میں مرقوم ہے کہ مکہ میں بیت اللہ کا قائم مقام تحیۃ المسجد ہے۔

نماز اشراق

یہ نماز مستحب ہے دو رکعت ترمذیؒ نے حضرت انسؓ سے روایت کی کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو نماز صبح کو جماعت کے ساتھ پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ کو یاد کرتا ہوا سورج کے نکلنے کے وقت تک بیٹھا رہے اور طلوع آفتاب کے بعد دو رکعت نماز اشراق پڑھے تو اس کو ثواب حج اور عمرہ کا پورا ملے گا۔ بعضے مشایخ وقت نماز اشراق کا آفتاب کے ایک یا دو نیزے بلند ہونے سے دو ساعت تک ٹھہراتے ہیں۔

نماز چاشت

یہ نماز مستحب ہے اقل درجہ دو رکعت اور اکثر بارہ رکعت اور اس کے درمیان میں جس قدر ہو سکے۔ فرمایا جناب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو بیٹھے مصلے پر بعد فراغت نماز صبح کے یہاں تک کہ پڑھے دو رکعت نماز چاشت کی اور نہ بولے اس درمیان میں مگر اچھی بات بخشے جائینگے گناہ اس کے اگرچہ ہوں کف دریا سے زائد مستحب ہے اگر دو رکعت پڑھے تو پہلی رکعت میں والشمس اور دوسری میں واللیل اور تیسری میں والضحیٰ اور چوتھی میں الم نشرح پڑھے اور یہ نماز مجرب ہے برکت رزق کے واسطے اور آدمی اس کو ہمیشہ

Marfat.com

پڑھتے رہنے سے غنی ہو جاتا ہے اور سنت ہے کہ بعد نماز چاشت کے سو بار کہے۔
اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ ۝

نماز فی الزوال

ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے چار رکعت قبل نماز ظہر کے ایک سلام سے قبول ہوتی ہیں اور دروازے آسمان کے اس کے پہنچنے کے واسطے کھلتے ہیں اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ نے لکھا ہے کہ یہ چار رکعتیں احتمال ہے کہ سوائے سنت موکدہ ظہر کے ہوں جو پڑھی جاتی ہیں۔ بعد ڈھلنے آفتاب کے اور ان کو صلوٰۃ فی الزوال کہتے ہیں اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ آٹھ رکعت پڑھتے تھے اور کہتے تھے کہ یہ آٹھ رکعت برابر ہیں آٹھ رکعت تہجد کے۔

صلوٰۃ الاوابین

چھ رکعت نماز نفل بعد نماز مغرب کے مشائخ طریقت پڑھتے ہیں اور اس کو صلوٰۃ الاوابین کہتے ہیں۔ شیخ ابن ہمام رضی اللہ عنہ نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو پڑھے بعد مغرب کے چھ رکعت وہ لکھا جائے گا اوابین سے اور ترمذی نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو پڑھے بعد مغرب کے چھ رکعت اور اس کے ادا کے درمیان میں کوئی بات زبان سے نہ نکالے برابر ہوں گے ثواب میں بارہ برس کی عبادت کے۔

Marfat.com

نماز عاشورہ

محرم کی دسویں تاریخ کو عاشورہ کہتے ہیں اس دن روزہ رکھنا مستحب ہے ترمذی نے روایت کی ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ روز عاشورہ کا کفارہ ہے کہ ایک سال گذشتہ کی سیئات کا اور یہ دن بہت متبرک ہے اسی دن نجات پائی حضرت موسیٰ علیٰ نبینا و علیہ السلام اور ان کی قوم نے اور غرق ہوا فرعون کا لشکر۔ جو اپنے اہل عیال پر اس دن فراخی رزق کرے گا ایک سال تک فراخی رزق میں رہے گا۔ جو شخص عاشورہ کے روز چار رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ الحمد ایک بار اور سورۂ قل ہو اللہ پچاس بار اللہ تعالیٰ اس کے سو برس کے گناہ بخشدے گا اور بنائے گا اس کے واسطے ہزار منبر نور کے۔

نماز شب برات

شعبان کا مہینہ بڑی برکت کا ہے جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سوائے رمضان کے جس قدر کہ اس مہینہ میں روزہ رکھتے تھے کسی مہینہ میں اس قدر نہیں رکھتے تھے اور فرماتے تھے کہ اس مہینہ میں نیک عمل بندوں کے خداوند تعالیٰ کے حضور میں پیش کئے جاتے ہیں۔ میں دوست رکھتا ہوں کہ میرا عمل پیش ہو اس حالت میں کہ میں روزہ دار ہوں اس مہینہ کی پندرھویں شب کو شب برات کہتے ہیں۔ اس شب میں سال بھر کا حساب تیار

Marfat.com

ہوتا ہے اور حضرت عزرائیل کو حکم ہوتا ہے کہ فلاں فلاں کی اس سال میں روح قبض کرنا اور شام سے صبح تک پروردگار عالم اس شب میں آسمان دنیا پر نزول اجلال فرما کے ندا فرماتا ہے" جو مغفرت چاہے اُسے بخشوں جو رزق چاہے رزق دوں جو گرفتار بلا ہو اُسے نجات دوں" اور جبرئیل علیہ السلام حکم پہنچاتے ہیں۔ پروردگار عالم کا بہشت کو کہ اس شب میں زینت کرے اور آراستہ ہو اس شب میں زیارت قبور مستحب ہے۔ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم اس شب میں مقبرۂ بقیع میں تشریف لے گئے اور مسلمان مرد عورتوں کے واسطے مغفرت کی دعا کی۔ اور فرمایا آپ نے کہ اس شب کو زندہ کرو یعنی عبادت سے اور اس کی صبح یعنی پندرہ شعبان کو روزہ رکھو۔ اس شب میں اگر کوئی شخص بعد غسل اور ادائے دو رکعت نماز تحیۃ الوضو کے آٹھ رکعت نماز نفل ادا کرے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ الحمد کے سورۂ انا انزلنا ایک بار اور سورۂ اخلاص پچیس بار پڑھے تمام گناہ اُس کے بخشے جائیں اور اپنے گناہوں سے وہ ایسا پاک ہو جاتے جیسے بچہ اپنی ماں سے پیدا ہوتا ہے۔ اور فرمایا حضرت رسول اللہ علیہ وسلم جو شخص پندرھویں شب شعبان کو چودہ رکعت نماز نفل پڑھے اور بعد سورۂ الحمد کے جو سورت چاہے پڑھے یا سورۂ اخلاص اور قل یا ایہا الکافرون اور معوذتین ہر رکعت میں یہ چاروں سورۃ پڑھے پھر آیت الکرسی ایک بار اور لقد جاکم رسولؑ آخر تک ایک بار پڑھے پھر بعد سلام کے دُعا مانگے قبول ہو۔

Marfat.com

نماز کسوف

سورج گرہن کی نماز سنت ہے اور بعض کہتے ہیں واجب ہے ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی قبیصہ سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نشانی ہے خدا کی ڈراتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے بندوں کو جب دیکھو اُسے نماز پڑھو اس نماز میں نہ اذان ہے نہ تکبیر ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ عیدگاہ یا جامع مسجد میں امام دو رکعت نماز نفل پڑھائے اور بہتر یہ ہے کہ قرأت دراز کرے تاکہ آفتاب روشن ہو جائے اور اگر چاہے قرأت ہلکی کرے اور بعد نماز کے باقی گہن کو دُعا میں صرف کرے قبلہ رُخ کھڑے یا بیٹھے یا قوم کی طرف منہ کر کے دعا کرے اور سب مقتدی آمین کہیں اس نماز میں جہر سے قرأت پڑھ سکتے ہیں۔ جیسا کہ صاحبین کا قول ہے۔

نماز خسوف

چاند گرہن کی نماز دو رکعت ہے چاہیئے کہ قرأت دراز کی جائے تاکہ روشن ہونے چاند کے اور اگر چاہیں قرأت کوتاہ کریں اور ذکر اور استغفار اور دُعا میں مصروف رہیں۔ قسطلانی نے ابن حبانؒ سے نقل کی کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز چاند گہن کی پڑھی اس نماز میں جماعت سے پڑھنا منقول نہیں ہوا فرداً فرداً علیحدہ علیحدہ نماز پڑھیں بعضوں نے لکھا ہے اگر جماعت اس نماز میں کی جائے تو کچھ مضائقہ نہیں۔ سورج گہن اور

Marfat.com

چاند گہن میں تصدق کرنا مستحب ہے۔ بخاری نے روایت کی حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ چاند اور سورج خدا کی نشانیاں ہیں۔ کسی کے مرنے جینے سے ان میں گہن نہیں لگتا ہے۔ جب تم گہن دیکھو دعا کرو اللہ سے اس کے روشن ہونے کی اور تکبیر کہو اور نماز پڑھو اور خیرات کرو فقراء اور مساکین پر:۔

نمازِ استسقاء

استسقاء نام ہے دعا طلب باران اور استغفار اور تضرع کا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دعا میں ہاتوں کو بلند کیا یہاں تک سفیدی آپ کی دونوں بغلوں کی ظاہر ہوئی اور کیفیت آپ کے ہاتھ اٹھانے کی یہ تھی کہ ہتھیلیاں زمین کی طرف تھیں اور پشت ہتھیلیاں آسمان کیطرف برعکس اس کے جو متعارف ہے امامین کے نزدیک یہ نماز جماعت سے پڑھی جائے دو رکعت بے اذان اور تکبیر کے بعد امام بآواز بلند قرأت کرے جیسے عید میں اور پہلی رکعت میں سبح اسم اور دوسری رکعت میں ھل اتاک پڑھی جائے اور سورۂ قاف اور اقتربت الساعۃ کا پڑھنا بھی آیا ہے اور بعد نماز کے امام لوگوں کے متقابل زمین پر کھڑے ہو کر خطبہ پڑھے اور بعد خطبہ کے امام قبلہ رُخ کھڑے ہو کر دعا کرے اور لوگ قبلہ رُخ بیٹھے ہوتے آمین کہیں اور دعا کو دراز کرے یہاں تک کہ پانی برسے یا دوپہر ہو جائے پھر دوسرے روز نکلیں اور اگر پانی نہ برسے تو تیسرے روز اسی طرح آبادی سے نکل کر

نماز پڑھیں۔

وقت اس نماز کا بعض مشایخ نے وہ وقت لکھا ہے جو وقت نماز عید کا ہے۔

نماز استغفار

جب کوئی گناہ واقع ہو اُس کے بعد دو رکعت نماز استغفار مستحب ہے ترمذی نے روایت کی حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ، سے کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو بندہ گناہ کرے پھر طہارت کرے یعنی غسل یا وضو کرے اچھی طرح پھر نماز پڑھے دو رکعت پھر مغفرت چاہے اللہ تعالیٰ سے تو پروردگار اُسے بخشتا ہے ان دونوں رکعتوں میں قل یا ایہا الکٰفرون اور قل ہو اللہ پڑھنا بہتر ہے۔

رُباعی

باز آ باز آ ہر آنچہ ہستی باز آ   گر کافر و گبر و بت پرستی باز آ
ایں درگہ ما درگہ نومیدی نیست   صد بار اگر توبہ شکستی باز آ

صلوٰۃ الحاجۃ

یہ نماز چار رکعت ہے اور چاہے دو پڑھے اور بعض نے کہا ہے کہ بارہ رکعت ایک سلام سے پڑھے۔ ترمذی نے عبداللہ بن ابی اوفی سے روایت کی کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جس کو حاجت

خلق سے خواہ وہ خدا سے متعلق ہو یا کسی بندہ سے علاقہ رکھتی ہو اس کو چاہیئے کہ اچھی طرح وضو کرے پھر دو رکعت نماز پڑھے اور پھر اللہ کی تعریف کرے یعنی سبحان اللہ وغیرہ پڑھے اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجکر یہ پڑھے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اَسْئَلُکَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِکَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِکَ وَالْغَنِیْمَةَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ وَّالْعِصْمَةَ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ کُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا دَیْنًا اِلَّا قَضَیْتَهٗ وَلَا حَاجَةً مِّنْ حَوَائِجِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ هِیَ لَکَ رِضًی اِلَّا قَضَیْتَهَا یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

صلوٰۃ حلال مشکلات

حاجت مشکل بر آنے کے واسطے قول جمیل میں ہے چار رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ۔ ایک سو بار پڑھے اور دوسری رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ سو بار پڑھے اور تیسری رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ۔ سو بار کہے۔ اور چوتھی رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سو بار حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔ پڑھے۔ پھر سلام پھیر کر ایک بار کہے۔ رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔

صلوٰۃ استخارہ

استخارہ کے معنی نیکی چاہنا ہے جب کسی کو کوئی کام پیش آئے اور اس کا بہت اہتمام ہو تو چاہیئے کہ طہارت کر کے دو رکعت نماز نفل پڑھے سوائے وقت مکروہ کے جب چاہے پڑھے اور اگر چاہے تو دو رکعت سے زیادہ پڑھے افضل درجہ دو رکعت ہیں۔ مستحب ہے کہ اوّل رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے قل یاایہا الکفرون اور دوسری رکعت میں قل ہو اللہ پڑھے پھر بعد نماز کے حمد خداوند تعالیٰ کی کہکر درود شریف پڑھے اور اسکے بعد یہ دعائے معظم پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَاَسْأَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ فَاقْدُرْہُ لِیْ وَیَسِّرْہُ لِیْ ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْہُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِہٖ بجائے ھٰذَا الْاَمْرَ کے اپنی حاجت کا نام لے جیسے سفر وغیرہ اور چاہیے دل میں خیال کرے اور کسی طرف دل میں خیال نہ لائے اور خواہش اپنی کو خدا کے سپرد کر دے۔ پروردگار عالم اپنے فضل سے جو مضمون اس کے دل میں ڈالے اس کا دل قرار پکڑلے اس کے موافق کام کرے مجرّب ہے۔ اور اگر دل میں کچھ القا منجانب اللہ نہ ہو نماز کو بہ ترکیب مذکورہ پھر دوبارہ پڑھے یہاں تک امر خیر ظاہر ہو سات مرتبہ تک تکرار نماز مذکور کا آیا ہے۔ اور تسبیح وغیرہ جو امور

خیر کے ہوں اس میں استخارہ تعین وقت پر کرے کہ یہ کام کب کریں اور کیوں کر کریں ۔

استخارہ نکاح

جو شخص نکاح کے واسطے استخارہ کرنا چاہے تو منگنی کو پوشیدہ رکھے اور وضو اچھی طرح کر کے جس قدر ہو سکے نماز پڑھے ادنیٰ درجہ دو رکعت ہیں پھر تعریف کرے اللہ کی اور بزرگی سے یاد کرے پھر کہے اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ فَاِنْ رَاَیْتَ اَنَّ فِیْ فُلَانَۃِ خَیْرًا لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاٰخِرَتِیْ فَاقْدِرْھَا لِیْ وَاِنْ کَانَ غَیْرُھَا خَیْرًا مِّنْھَا لِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَاٰخِرَتِیْ فَاقْدِرْھَا لِیْ بجائے لفظ فلانہ کے نام اس عورت کا لے جس سے ارادہ نکاح رکھتا ہو ۔

صلوٰۃ الاولیا

یہ نماز واسطے حصول مطلب کے اسم اعظم کا حکم رکھتی ہے جو کوئی شخص کوئی خاص مطلب رکھتا ہو اس کو چاہیئے کہ قبل نماز صبح کے دو رکعت نماز پڑھے ۔ اوّل رکعت میں سات مرتبہ سورۂ فاتحہ اور ایک مرتبہ سورۂ کافرون اور دوسری میں سات مرتبہ سورۂ فاتحہ اور ایک بار قل ہو اللہ اور بعد سلام کے دس مرتبہ کلمہ تمجید پڑھے اور پھر بعد اس کے یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنَا ۔

صلوٰۃ الاسرار

حضرت غوث الثقلین محی الدین جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت الشہاب اللہ عنا

سہروردی رحمتہ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ بعد نماز مغرب کے تنہائی کے مقام میں گوشہ میں یہ دو رکعت پڑھے۔ جب کسی شخص کو کوئی سخت کام اور ضروری مطلب پیش آئے اس نماز سے بہتر اسکی کوئی سپر نہیں ہے۔ چاہیئے کہ بحضور قلب اس نماز کو بہ ترکیب ذیل ادا کرے اللہ تعالیٰ اسکی دعا قبول فرمائے۔ مشائخ اپنے مریدوں کو خاص وقتوں میں اسکی اجازت دیتے ہیں مجرّب ہے۔

نیت نماز نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالیٰ رَکْعَتَیْنِ صَلٰوۃَ الْاَسْرَارِ تَقَرُّبًا اِلَی اللّٰہِ تَعَالیٰ وَانْقِطَاعًا عَنِ الْغَیْرِ مُتَوَجِّهًا اِلٰی جِهَةِ الْکَعْبَةِ الشَّرِیْفَةِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ؕ پہلی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ والضحیٰ والّلیل گیارہ بار اور دوسری رکعت میں الم نشرح بعد سورۂ فاتحہ کے گیارہ بار پڑھے اور بعد سلام کے سجدے میں جائے اور سو مرتبہ کہے "ضعیفی بر در قوی" پھر اپنے داہنے رخسار کو مصلّے پر رکھکر سو بار پڑھے "نیاز مندے بر در بے نیازی" پھر اسی طرح سے بائیں رخسار کو مصلّے پر رکھکر یہ سو بار پڑھے "حاجتمندے بر در حاجت روائی" اس کے بعد مصلّے کے گوشہ کو پلٹ کر سو مرتبہ کہے "نگردم باز تانہ کنی حاجتم روا" اور یہ کہتا ہوا قبلہ کی طرف گیارہ قدم چلے پھر سجدے میں جائے اور اپنا مدعائے دلی خدائے تعالیٰ کی بارگاہِ معلیٰ میں عرض کرے انشاء اللہ تعالیٰ بامراد اٹھے مجرّب ہے۔

نماز افزونی رزق

جس شخص کو تنگی معاش نے تنگ کیا ہو اُس کو چاہیئے کہ اس نماز کو پڑھے مگر اس کی مداومت کرے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد غنی ہو جائے ترکیب یہ کہ پنجشنبہ کو کچھ صدقہ دے اسکے بعد گوشۂ تنہائی میں دو رکعت نماز وسعت الرزق اسطرح

Marfat.com

پڑھے کہ ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سوبار الھٰکم التکاثر پڑھے اور بعد سلام پھیرنے کے ستر مرتبہ یہ دعائے معظم پڑھے وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ط اور سات دفعہ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ پڑھے اور ستر دفعہ یَا فَتَّاحُ یَا وَهَّابُ پڑھے اس نماز کے پڑھنے والے کی سب مشکلیں آسان ہوں گی۔

صلوٰۃ الفرض

جس کو زیر باری قرض نے مجبور کیا ہو اس نماز کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جلد نجات پائے۔ دو رکعت نماز صلوٰۃ الفرض کی نیت کرے اور ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے تین مرتبہ الم نشرح اور چار بار اذا جاء اور سات بار اخلاص پڑھے جب دونوں رکوت تمام ہو جائیں بعد سلام کے ایک ہزار مرتبہ اس دعائے معظم کو پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ ثِقْلِ الدَّيْنِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ مداومت کرے متوجہ ہو۔

عابد۔ حضرت جی نمازوں کی ترکیبیں جو ارشاد ہوئیں وہ ہمارے لئے سرمایہ دارین ہیں۔ اب امیدوار ہیں کہ کچھ دعائیں بھی بتلائی جائیں کہ وقت حاجت ہم کو ان سے نفع پہنچے۔

استاد :۔ (عابد) اگرچہ تم نے بہت ہی مناسب اور ضروری سوال کیا ہے لیکن بسبب طوالت اس کتاب کے گنجائش کم پاتے ہیں۔ لیکن اختصار کے طور پر دہ منتخب اور چیدہ دعائیں لکھی جاتی ہیں جو علاوہ آسان ہونے کے بے انتہا مفید ہوں۔

Marfat.com

تسبیح فاطمہ

ایک روز حضرت خاتون جنت فاطمہ زہرہ رضی اللہ تعالی عنہا جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور ارادہ کیا کہ حضرت سے اپنی چکی پیسنے کی تکلیف بیان کر کے ایک لونڈی لاؤں کیونکہ آپ نے سنا تھا کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آج لونڈی غلام آئے ہیں اس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات نہ ہوئی۔ حضرت فاطمہؓ حضرت عائشہ صدیقہ سے یہ پیغام کہکر واپس تشریف لے آئیں۔ جب حضرتؐ تشریف لائے تب حضرت عائشہؓ نے پیغام پہنچایا اسی وقت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ان کے گھر تشریف لے گئے اور فرمایا کہ اے فاطمہؓ رات کو سوتے وقت پڑھا کرو سُبْحَانَ اللّٰہِ تینتیس بار اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۳ بار اور اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۳۴ بار۔ جو شخص کسی کام میں تھک جاتا ہو چاہئے کہ سوتے وقت بہ ترکیب مذکورہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مطلق ماندگی باقی نہ رہے۔

دعا شفائے مرض

جو شخص درد سے بے چین ہو اس کو چاہیئے کہ اپنا ہاتھ درد کے مقام پر رکھ کر تین مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے اور سات مرتبہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ دعا انشاء اللہ تعالی اسی وقت شفا حاصل ہو جائے۔

دعا وقتِ خواب

اَللّٰھُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِیْ اِلَیْکَ وَوَجَّھْتُ ترجمہ الٰہی میں نے اپنی جان تجھ کو سونپی اور منہ کو

Marfat.com

وَجْھِیْ اِلَیْکَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ وَاَلْجَأْتُ ظَھْرِیْ اِلَیْکَ رَغْبَۃً وَّرَھْبَۃً اِلَیْکَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْکَ اِلَّا اِلَیْکَ اَللّٰھُمَّ اٰمَنْتُ بِکِتَابِکَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ۔

تیرے سامنے کیا اور اپنا سب کام تیرے حوالے کیا اور اپنی پیٹھ تیری طرف جھکائی تیرے خوف اور تیرے شوق سے تجھ سے نہ کوئی بھاگنے کی جگہ ہے نہ بچاؤ کا مکان مگر تیری طرف الٰہی میں تیری کتاب پر ایمان لایا جو تونے اُتاری تیرے پیغمبر پر ایمان لایا جسکو تونے بھیجا۔

یہ دعا سوتے وقت ہر شخص کو لازم ہے کہ ایک مرتبہ پڑھ کر سوئے تاکہ دین اور دنیا میں بہبودی کا باعث ہو۔

دُعا بعد فراغ طعام دعوت

جو شخص کسی کے مکان پر دعوت میں کھانا کھائے تو چاہیئے کہ بعد کھانا کھانے کے یہ دُعا پڑھے تاکہ مہمان اور میزبان دونوں کو اللہ تعالیٰ برکت دے۔ اَللّٰھُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِیْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِیْ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث منقول ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب دعوت میں تشریف لیجاتے تو یہ دُعا پڑھتے۔

دُعا کثرت عیال

واسطے کشائش رزق اور دفع غم کے جو کثرت عیال کے سبب سے ہو بعد نماز تہجد کے اس دعائے معظم کو ہزار مرتبہ پڑھے اول آخر درود شریف سو سو مرتبہ پڑھے دعا یہ ہے :۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ اور درود شریف یہ ہے :۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

Marfat.com

دعا محفوظی شرِ اعدا

واسطے محفوظی شرِ اعدا کے بعد نماز تہجد کے درود شریف اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر سورہ لِاِیْلٰفِ ایک سو گیارہ بار پڑھے۔

حاکم کو مہربان کرنے کی پہلی دعا

حاکم کے مہربان ہونے کے واسطے اس عمل سے بڑھ کر جو خاندان قلندریہ کا ہے کوئی عمل نہ ہوگا نہایت مجرب ہے تین روز تک ہر روز غسل کر کے ہزار دانہ گندم دھلے ہوئے پر ایک ایک بار پڑھ کر دم کرے یَا رَحْمٰنَ کُلِّ شَیْءٍ وَّرَاحِمَہٗ اور تصور اس کی صورت کا رکھے اوّل آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے پھر ان گیہوں کے دانوں کو کورے مٹی کے برتن میں رکھ کر سرپوش سے منہ بند کر کے اور پاک پانی میں جوش دے کر کسی ویران کنوئیں میں مع برتن و سرپوش کے ڈال دیا کرے کیسا ہی حاکم ناراض ہو انشاء اللہ فوراً مہربان ہوگا۔

حاکم کو مہربان کرنیکی دوسری دعا

اکثر بزرگوں کے ملفوضات میں منقول ہے کہ واسطے مہربان ہونے حاکم کے اور واسطے محفوظ رہنے شر دشمنان کے ہر روز یہ دعا سات بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے منہ پر پھیر لیا کرے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ یَا حَنَّانُ اَلْاَمَانُ یَا مَنَّانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ یَا دَیَّانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ یَا سُبْحَانُ

Marfat.com

الامان من فتنة الزمان وجفاء الاخوان وشر الشيطان وظلم السلطان بفضلك یا رحیم یا رحمن یا ذا الجلال والاکرام وصلی اللہ وعلی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین -

حاکم کے سامنے جانیکے وقت پڑھنے کی دعا

جب کوئی شخص کسی حاکم کے سامنے جائے تو چاہیئے کہ تین بار درود شریف پڑھ کر تین مرتبہ یا سبوح یا قدوس پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے منہ پر ہاتھ پھیرے حاکم مہربان رہے -

مقہوری اعداء کا عمل

قبل نماز فجر کے دو رکعت نماز پڑھے - اوّل رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے الم نشرح اور قل یا ایہا الکفرون اور قل اعوذ برب الفلق اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الم ترکیف اور قل ہو اللہ احد اور قل اعوذ برب الناس پڑھے اور بعد سلام پھیرنے کے ایک سو اکتالیس مرتبہ لاحول پڑھے -

ہر بلا سے محفوظ رہنے کا حصار

یہ حصار مجرب بعد نماز عشاء کے پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے تین بار ہاتھ پر دم مارے

بسم اللہ الرحمن الرحیم ط لا الہ الا اللہ وحولینا حصار محمد رسول

اللہ تَفْعَلُوْ وَمِنْہُمَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ صد ہزار بار گردن وبر دوستان من حصار بار وَمُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ بر من وبر دوستان من باد بار دیستم دست وپائے وعقل وہوش وچشم وگوش وزبان کسانیکہ در سجدہ ہشتاد عالم انداز آدمیان ددیوان وپریان ومارا ان وکژدمان وغیرا ناترساں وناحقاں وناشکراں کسانیکہ مارا بخواہ بہ بد گویند وبد اندیشند۔ بحرمت لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہر دو کرم ہا م مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَبِمَلِّ وَفِعِیْلِ اِنَّ بَطْشَ رَبِّکَ لَشَدِیْدٌ ۝ وَاللّٰہُ مِنْ وَّرَآئِہِمْ مُّحِیْطٌ ۝ بَلْ ھُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝ صُمٌّۢ بُکْمٌ عُمْیٌ فَہُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ۝ صُمٌّۢ بُکْمٌ عُمْیٌ فَہُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ۝ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاہِرِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

قطعہ

بستان ابی اللیث میں ہے کہ شب پنجشنبہ کہ اول کچھ صدقہ دے بعدہ گوشہ تنہائی میں دو رکعت نماز وسعت الرزق پڑھے ہر رکعت میں سورہ اَلْہٰکُمُ التَّکَاثُرُ سو بار اور بعد سلام کے ستر بار اَللّٰہُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ پڑھے اگر اس نماز کو پڑھا کرے مشکلات اس کی آسان ہوں اور غنی ہو جائے۔ ایضاً۔ شب جمعہ کو چار رکعت پڑھے ہر رکعت میں ایک بار آیت الکرسی اور سو بار آیہ وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ تا مُبِیْنٍ اور بعد سلام کے سو بار آیہ مذکور پڑھے پھر سجدہ میں ایک ہزار بار یہ آیت

بڑھے لَا یُجَلِّیْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ ایضاً: بعد نماز صبح کے پچیس بار سورہ اِذَا جَآءَ پڑھنا کشائش رزق کرتا ہے۔ ایضاً۔ بعد نماز جمعہ کے سو بار سورہ اخلاص اور سو بار درود شریف اور ستر بار دعا اَللّٰهُمَّ اَکْفِنِیْ تا سِوَاکَ پڑھے غنی ہو جائے۔

وظیفہ ادائے قرض

چہار شنبہ کو روزہ رکھے اور بعد نماز صبح یا ظہر کے سورۂ فاتحہ ایک سو چالیس بار پڑھے۔ اس کی مداومت سے قرض ادا ہو جائے۔

وظیفہ ذکاوت ذہن

کھانا کھانے کے وقت تین بار یہ دعا پڑھ لیا کرے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَا مَنْ فِیْ عُلُوِّہٖ لَا یُنٰی یَا مَنْ هُوَ فِیْ عِلْمِهٖ مُحِیْطٌ یَا مَنْ هُوَ فِیْ عِزَّتِهٖ لَطِیْفٌ یَا مَنْ هُوَ فِیْ لُطْفِهٖ شَرِیْفٌ یَا مَنْ هُوَ فِیْ مَجْدِهٖ مُنِیْرٌ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط

وظیفہ برائے حصار

بعد نماز عشاء کے تین بار آیت الکرسی پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرے اور سر سے پیر تک ہاتھ پھیر کر تین بار دستک دے یعنی بر ہم مارے۔

ایضاً:۔ تین بار آیۃ الکرسی پڑھ کر جسم کی طرف دم کرے محفوظ رہے۔

Marfat.com

وظیفہ برائے مفرور

اگر کوئی آدمی گم ہو گیا ہو تو ایک کاغذ پر شیخ فرید شکر گنج لکھ کر پتھر کے نیچے دبائے جب گم گشتہ پلٹ آئے پھر اسی پتھر کے ہم وزن شیرینی پر فاتحہ شیخ فرید شکر گنج کی دے اور بچوں کو تقسیم کر دے۔

وظیفہ برائے دفع ہر مشکل

قبل نماز وتر کے رو بہ قبلہ سر برہنہ بیٹھ کر ایک سو بار اللّٰھم صلّ علیٰ محمّدِ نِ النّبیِّ الامّی اور سات سو اٹھاسی بار بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم پھر سو بار وہی درود شریف پڑھ کر کھڑا ہو۔ ایک ہزار چار سو بار وھّاب پڑھے پھر بیٹھ کر ایک ہزار بار یا ودود پڑھے چالیس روز تک جس مطلب کو پڑھے بر آئے۔

ایضاً:۔ بعد نماز مغرب کے دس بار آیت قطب پڑھ کر دعا کرے حاجت بر آئے ایک ہفتہ میں ورنہ ناغہ کر کے پھر شروع کرے۔ ایضاً۔ سات روز تک اس دعا کو لکھ کر آب رواں میں ڈال دیا کرے اگر ایسا مقام میسر آئے کہ پانی قبلہ کی طرف جاری ہو تو بہت خوب ہے۔

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ط لَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ العَلِیِّ العَظِیمِ
بِسمِ اللّٰہِ المَلِکِ الحَقِّ المُبِینِ ط مِنَ العَبدِ الذَّلِیلِ اِلیٰ رَبِّ الجَلِیلِ
رَبِّ اِنِّی مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنتَ اَرحَمُ الرّٰحِمِینَ ط

Marfat.com

پہلی مناجات

یہ مناجات بعد نماز صبح اور تلاوت قرآن مجید کے بعد ہر مسلمان کو پڑھنا چاہیئے سریع التاثیر ہونے کے علاوہ جامع مطالب دارین ہے۔

فضل کر یارب محمدؐ مصطفےٰ کے واسطے ۔۔۔ سید کونین شاہ انبیا کے واسطے
یا الٰہ العالمین یہ عرض ہو میری قبول ۔۔۔ استجب ہذا دعائے مصطفا کے واسطے
دور کر رنجِ دلی ہے سخت مجھکو بیکلی ۔۔۔ اس شہ صدیق اکبرؓ باصفا کے واسطے
فضل کے ہاتھوں سے مجھکو میوۂ مقصد کھلا ۔۔۔ اس عمر فاروقؓ عادل بیریا کے واسطے
دو جہاں میں حضرت عثمان کی رو سے مجھے ۔۔۔ مت خجل کیجو تو اس صاحب حیا کے واسطے
بارگاہ عالی میں تیری ہے میری التجا ۔۔۔ ہووے حل مشکل مری مشکل کشا کے واسطے
بلبل باغ مدینہ قرۃ العین رسول ۔۔۔ یعنی بی بی فاطمہؓ خیر النسا کے واسطے
دے خوشی دل کو مرے سرسبز کر نخل مراد ۔۔۔ اس جگر خستہ حسنؓ صاحب لوا کے واسطے
ہر طرف سے فوج غم نے آ کے گھیرا ہے مجھے ۔۔۔ دے پناہ یارب شہید کربلاؓ کے واسطے
کون تجھ بن داد اس عاجز کی دیوے اے خدا ۔۔۔ ہو تو فریاد رس زین العباؓ کے واسطے
میں بہت حیران ہوں کر رحم کی مجھ پر نظر ۔۔۔ باقرؓ و جعفرؓ علی موسیٰ رضا کے واسطے
موسیٰؓ و کاظمؓ تقی و یا نقیؓ و عسکریؓ ۔۔۔ اور امام مہدیؓ آخر زماں کے واسطے
یا الٰہی سب اٹھا لے درد و اندوہ کے بوجھ ۔۔۔ غوث الاعظمؓ پیر و مرشد رہنما کے واسطے
ہوں میں مجرم کانپتا ہے خوف سے سارا بدن ۔۔۔ ہاتھ اٹھاتے شرم آتی ہے دعا کے واسطے
کر دو اب میری شفاعت یا نبی بہر خدا ۔۔۔ اے خدا تو بخش عصیاں مصطفا کے واسطے

دوسری مناجات

اے خدا صدقہ کبریائی کا — صدقہ اس نور مصطفائی کا
سیدھے رستے چلائیو ہم کو — پیچ و خم سے بچائیو ہم کو
مرتے دم غیب سے مدد کیجو — ساتھ ایمان کے اٹھا لیجو
جب دم واپسیں ہو یا اللہ — لب پہ ہو لا الٰہ الا اللہ
دین و دنیا کی آبرو دیجو — دونوں عالم میں سرخرو کیجو
کینہ دھو مومنوں کے سینہ سے — سینے ہو جائیں پاک کینہ سے
سب کو اک راہ حق دکھا یا رب — دور ہو اختلاف بے جا سب
دین ہو دین احمدی کل کا — ہو طریقہ محمدی کل کا
ہے خدا تو بڑا سمیع و مجیب — بے مرادوں کو کر مراد نصیب
کل مریضوں کو تندرستی دے — ناتواں کے تن میں چستی دے
بے وطن کو وطن میں پہنچا دے — قید سے قیدیوں کو چھڑوا دے
کر غریبوں کی تنگدستی دور — تنگدستوں سے فاقہ مستی دور
رکھتے کثرت سے ہیں جو اہل و عیال — کر عطا ان کو حسب حاجت مال
جو ہیں مظلوم ان کی سن فریاد — اور کر غمزدوں کے دل کو شاد
بے خبر بے کسوں غریبوں کی — مشکلیں کھول کم نصیبوں کی

نہ رہے کوئی خستہ دل غمگین
سب کی پوری مراد ہو آمین

Marfat.com

جمعہ کا پہلا خطبہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ علی الذات عظیم الصفات سمی السمات کبیر
الشان جلیل القدر رفیع الذکر مطاع الامر جلیل البرہان
فخیم الاسم عزیز العلم وسیع الحلم کثیر الغفران ۔ جمیل
الثناء جزیل العطاء مجیب الدعاء عمیم الاحسان ۔ سریع
الحساب شدید العقاب الیم العذاب عزیز السلطان ۔ ونشھد
ان لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ فی الخلق والامر ۔ ونشھد
ان سیدنا ومولانا محمدا عبدہ ورسولہ المبعوث الی الاسود و
الاحمر ۔ المنعوت بشرح الصدر ورفع الذکر ۔ وصلی اللہ علیہ
وعلی الہ واصحابہ الذین ھم خلاصۃ العرب العرباء وخیر الخلائق
بعد الانبیاء ۔ اما بعد فیا ایھا الناس وحدوا اللہ فان التوحید
راس الطاعات ۔ واتقوا اللہ فان تقوی ملاک الحسنات وعلیکم
بالسنۃ فان السنۃ تھدی الی الطاعۃ ۔ ومن
اطاع اللہ ورسولہ فقد رشد واھتدی ۔ وایاکم والبدعۃ
فان البدعۃ تھدی الی المعصیۃ ۔ ومن یعص اللہ ورسولہ
فقد ضل وغوی ۔ وعلیکم بالصدق فان الصدق
ینجی والکذب یھلک ۔ وعلیکم بالاحسان فان اللہ یحب

Marfat.com

الْمُحْسِنِيْنَ ۞ وَلَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ فَاِنَّهٗ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ط
وَلَا تُحِبُّوا الدُّنْيَا فَتَكُوْنُوْا مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۞ اَلَا وَاِنَّ نَفْسًا لَّمْ تَمُوْتَ
حَتّٰى تَسْتَكْمِلَ رِزْقَهَا فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَجْمِلُوْا فِى الطَّلَبِ وَتَوَكَّلُوْا
عَلَيْهِ ط فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ط وَادْعُوْهُ فَاِنَّ رَبَّكُمْ مُجِيْبُ
الدَّاعِيْنَ وَاسْتَغْفِرُوْهُ يُسْرِعْكُمْ بِاَمْرِ اللّٰهِ وَبِيْنَيْنَ ۞ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ
مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِىْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ اِنَّ الَّذِيْنَ
يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِىْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ بَارَكَ
اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ فِى الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ ۞ وَنَفَعَنَا وَاِيَّاكُمْ بِالْاٰيٰتِ
وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ لِىْ وَلَكُمْ وَلِسَائِرِ الْمُسْلِمِيْنَ
فَاسْتَغْفِرُوْهُ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ط

جامع ترمذی شریف میں ہے کہ بمقدار تین آیت پڑھنے کے منبر پر چپکا بیٹھے اور دعا نہ مانگے اور بعد اس کے دوسرا خطبہ پڑھے۔

جمعہ کا دوسرا خطبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنُؤْمِنُ بِهٖ
وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّاٰتِ اَعْمَالِنَا

Marfat.com

مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ∴
وَنَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَنَشْهَدُ
اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ
وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا + اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ اَصْدَقَ الْحَدِيْثِ
كِتَابُ اللّٰهِ وَاَوْثَقَ الْعُرٰى كَلِمَةُ التَّقْوٰى + وَخَيْرَ الْمِلَلِ مِلَّةُ
اِبْرَاهِيْمَ + وَخَيْرَ السُّنَنِ سُنَّةُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ∴ وَاَشْرَفَ الْحَدِيْثِ ذِكْرُ اللّٰهِ + وَاَحْسَنَ الْقَصَصِ
هٰذَا الْقُرْاٰنُ + وَخَيْرَ الْاُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا ∴ وَاَشْرَفَ الْمَوْتِ
قَتْلُ الشُّهَدَآءِ + وَاَعْمَى الْعَمٰى الضَّلَالَةُ بَعْدَ الْهُدٰى +
وَخَيْرَ الْعِلْمِ مَا نَفَعَ وَخَيْرَ الْهُدٰى مَا اتُّبِعَ + وَمِنَ النَّاسِ مَنْ
لَا يَاْتِيْ بِالصَّلٰوةِ اِلَّا دُبُرًا + وَمِنْهُمْ مَنْ لَا يَذْكُرُ اللّٰهَ اِلَّا هَجْرًا
وَاَعْظَمَ الْخَطَايَا اللِّسَانُ الْكَذُوْبُ ∴ وَخَيْرَ الْغِنٰى غِنَى النَّفْسِ
وَخَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى + وَخَيْرَ مَا وُقِرَ فِي الْقُلُوْبِ الْيَقِيْنُ +
وَالْاِرْتِيَابُ مِنَ الْكُفْرِ + وَالنِّيَاحَةُ مِنْ عَمَلِ جَاهِلِيَّةٍ ∴
وَالْغُلُوْلُ مِنْ جُثَاءِ جَهَنَّمَ + وَالْكَنْزُ كَيٌّ مِنَ النَّارِ + وَالشِّعْرُ مِنْ
مَزَامِيْرِ اِبْلِيْسَ + وَالْخَمْرُ جِمَاعُ الْاِثْمِ وَالنِّسَآءُ حِبَالَةُ الشَّيْطَانِ
وَالشَّبَابُ شُعْبَةٌ مِّنَ الْجُنُوْنِ + وَشَرُّ الْمَكَاسِبِ كَسْبُ الرِّبٰوا
وَشَرُّ الْمَاْكَلِ مَالُ الْيَتِيْمِ + وَالسَّعِيْدُ مَنْ وُّعِظَ بِغَيْرِهٖ وَالشَّقِيُّ
مَنْ شَقِيَ فِيْ بَطْنِ اُمِّهٖ + وَاِنَّمَا يَصِيْرُ اَحَدُكُمْ اِلٰى مَوْضِعِ

Marfat.com

اربعة اذرع ؛ وملاك العمل خواتمه ؛ وسباب المؤمن فسوق ؛ وقتاله
كفر ؛ واكل لحمه من معصية الله ؛ وحرمة ماله كحرمة دمه ؛ ومن
يتأل على الله يكذبه ؛ وشر الروايا روايا الكذب ؛ ومن
يكظم الغيظ يأجره الله ؛ ومن يصبر على الرزية يعوضه
الله ؛ ومن يستغفر الله يغفر له ؛ ومن يستحفف يحفه الله
قال النبي صلى الله عليه وآله وسلم ارحم امتي بامتي ابوبكر
واشدهم في امر الله عمر ؛ واحياهم عثمان ؛ واقضاهم علي
وسيدا شباب اهل الجنة الحسن والحسين ؛ وسيدة نساء
اهل الجنة فاطمة وسيد الشهداء حمزة ؛ اللهم اغفر
للعباس وولده مغفرة ظاهرة وباطنة لا تغادر ذنبا. الله الله
في اصحابي لا تتخذوهم من بعدي غرضا ؛ من احبهم فبحبي
احبهم ومن ابغضهم فببغضي ابغضهم ؛ وخير القرون قرني
ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم ؛ والسلطان ظل الله في الارض
من اكرمه اكرمه الله ومن اهانه اهانه الله ؛ اللهم اغفر
لنا ولاخواننا الذين سبقونا بالايمان ولا تجعل في قلوبنا غلا
للذين آمنوا ربنا انك رؤف رحيم ؛ اللهم انصر من
نصر دين محمد صلى الله عليه وسلم واخذل من خذل دين محمد
صلى الله عليه وسلم ؛ عباد الله رحمكم الله ان الله يامر
بالعدل والاحسان وايتاء ذي القربى وينهى عن الفحشاء

Marfat.com

الْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝ اُذْكُرُوا اللّٰهَ يَذْكُرْكُمْ وَادْعُوْهُ يَسْتَجِبْ لَكُمْ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ تَعَالٰى اَعْلٰى وَاَوْلٰى وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ وَاَهَمُّ وَاَتَمُّ وَاَكْبَرُ ؞

جمعہ کا پہلا مختصر خطبہ

خطبۂ مختصر روز جمعہ موافق روایت فقیہ ابو اللیث سمرقندی رحمہ اللہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَزَلْ وَلَا يَزَالُ حَيًّا قَيُّوْمًا عَالِمًا قَدِيْرًا اَمِيْرًا سَمِيْعًا بَصِيْرًا ؞ وَنَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَاَكَبِّرُهٗ تَكْبِيْرًا ؞ وَنَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ الَّذِيْ اُرْسِلَ اِلَى النَّاسِ كَافَّةً بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ؞ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّاتِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا ؞ اَمَّا بَعْدُ فَيَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ لَكُمْ مَعَالِمَ فَانْتَهُوْا اِلٰى مَعَالِمِكُمْ وَاِنَّ لَكُمْ نِهَايَةً فَانْتَهُوْا اِلٰى نِهَايَتِكُمْ ؞ فَاِنَّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ بَيْنَ مَخَافَتَيْنِ ؞ بَيْنَ اَجَلٍ قَدْ مَضٰى لَا يَدْرِيْ مَا اللّٰهُ صَانِعٌ بِهٖ ؞ وَبَيْنَ اَجَلٍ قَدْ قَضٰى لَا يَدْرِيْ مَا اللّٰهُ قَاضٍ بِهٖ ؞ فَلْيَتَزَوَّدِ الْعَبْدُ مِنْ نَّفْسِهٖ لِنَفْسِهٖ ؞ وَمِنْ حَيَاتِهٖ لِمَوْتِهٖ ؞ وَمِنْ شَبَابِهٖ لِكِبَرِهٖ ؞ وَمِنْ دُنْيَاهُ لِاٰخِرَتِهٖ ؞ فَاِنَّ الدُّنْيَا خُلِقَتْ لَكُمْ وَاَنْتُمْ خُلِقْتُمْ لِلْاٰخِرَةِ ؕ فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا بَعْدَ الْمَوْتِ مِنْ

Marfat.com

مُسْتَعْتَبٍ وَلَا بَعْدَ الدُّنْيَا دَارٌ اِلَّا الْجَنَّةُ اَوِ النَّارُ ۞ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۞ وَاِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ط اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّهُمْ یَرْشُدُوْنَ ط اَقُوْلُ قَوْلِیْ هٰذَا وَاسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِیْ وَلَکُمْ اَجْمَعِیْنَ ط

جمعہ کا دوسرا مختصر خطبہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِیْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنُؤْمِنُ بِهٖ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْهِ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّاٰتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّهْدِهِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ یُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِیَ لَهٗ ۞ وَنَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ط یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی وَصَامَ ط وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ قَعَدَ وَقَامَ ط وَصَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَعَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَالْمَلٰٓئِکَةِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَالْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِیْنَ خُصُوْصًا عَلٰی خَیْرِ الْبَشَرِ بَعْدَ الْاَنْبِیَاءِ بِالتَّحْقِیْقِ ط اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَبِیْ بَکْرِ نِ الصِّدِّیْقِ ط رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُ ۞ وَعَلٰی مُزَیِّنِ الْمِنْبَرِ وَالْمِحْرَابِ ط اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ط رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُ

Marfat.com

وعلى كامل الحياء والإيمان امير المؤمنين عثمان بن عفان
رضي الله تعالى عنه ۞ وعلى مظهر العجائب امير المؤمنين علي
ابن ابي طالب كرم الله وجهه ۞ وعلى الامامين الهمامين السعيدين
الشهيدين ابي محمد الحسن وابي عبد الله الحسين رضي الله تعالى
